بسم الله الرحمن الرحيم

NATIONAL ASSEMBLY OF PAKISTAN

Sardar Ayaz Sadiq	Speaker
Mr. Murtaza Javed Abbasi	Deputy Speaker
	Panel of Chairpersons

1. Muhammad Pervaiz Malik Sahib
2. Chaudhry Mahmood Bashir Virk
3. Syed Ghulam Mustafa Shah
4. Sheikh Salahuddin
5. Ms. Shahida Akhtar Ali
6. Syed Ghazi Gulab Jamal Sahib

Mr. Abdul Jabbar Ali	Secretary
Mr. Qamar Sohail Lodhi	Special Secretary
Mr. Muhammad Mushtaq	Joint Secretary (Legislation)
Mr. Muhammad Saleem Khan	Deputy Secretary (Legislation)
Mr. Muhammad Furquan (English) Mr. Izhar-ul-Hassan (Urdu)	Chief Reporters
Mr. Abdul Hadi Channa	Chief Editor of Debates

NATIONAL ASSEMBLY OF PAKISTAN
ASSEMBLY DEBATES

Monday, the 6th March, 2017

Table of Contents

1. Recitation from the Holy Qur'an
2. Recitation of Naat
3. Fateha prayers
4. Panel of Chairpersons
5. Starred questions and answers
6. Leave of absence
7. Calling Attention Notice Reg: non-increase in the pension of retired employees by the Employees Old-Age Benefits Institution(EOBI)... *(Answered)*
8. Periodical Report of the Standing Committee on Kashmir Affairs and Gilgit Baltistan for the period July-December, 2015... *(Presented)*
9. Announcement Reg: presence of the community members from Pakistan Poverty Alleviation Funds in the visitors' gallery
10. Periodical Report of the Standing Committee on National Health Services, Regulation and Coordination for the period July-December, 2015... *(Presented)*
11. Periodical Report of the Standing Committee on Inter-Provincial Coordination for the period January-June, 2016... *(Presented)*
12. Periodical Report of the Standing Committee on Inter Provincial Coordination for the period July-December, 2016... *(Presented)*
13. Periodical Report of the Standing Committee on information Broadcasting and National Heritage for the period July-December, 2015... *(Presented)*

14. Periodical Report of the Standing Committee on Information Broadcasting and National Heritage for the period January-June, 2016.

15. Periodical Report of the Standing Committee on Information Broadcasting and National Heritage for the period July-December, 2016… *(Presented)*

16. Periodical Report of the Standing Committee on Petroleum and Natural Resources for the period July-December, 2015… *(Presented)*

17. Periodical Report of the Standing Committee on Petroleum and Natural Resources for the period January-June, 2016… *(Presented)*

18. Periodical Report of the Standing Committee on Petroleum and Natural Resources for the period July-December, 2016… *(Presented)*

19. Periodical Report of the Standing Committee on Railways for the period July-December, 2016… *(Presented)*

20. Motion for Condonation of delay in the presentation of the Report… *(Adopted)*

21. Periodical Report of the Standing Committee on National Food Security and Research for the period January-June, 2016… *(Presented)*

22. Periodical Report of the Standing Committee on National Food Security and Research for the period January-June, 2016

23. Periodical Report of the Standing Committee on House and Library for the period July-December, 2016… *(Presented)*

24. Periodical Report of the Standing Committee on Housing and Works for the period July-December, 2016… *(Presented)*

25. Periodical Report of the Standing Committee on Interior and Narcotics Control for the period July-December, 2016… *(Presented)*

26. Periodical Report of the Standing Committee on Science and Technology for the period July-December, 2016… *(Presented)*

27. Periodical Report of the Standing Committee on Textile Industry for the period July-December, 2016… *(Presented)*

28. Matters raised under Rule 18

29. Points of order

NATIONAL ASSEMBLY OF PAKISTAN
ASSEMBLY DEBATES

_____

Monday, the 6th March, 2017

_____

The National Assembly of Pakistan met in the National Assembly Hall (Parliament House), Islamabad, at 4:00 of the clock in the evening. Mr. Speaker (Sardar Ayaz Sadiq) in the Chair.

_____

RECITATION FROM THE HOLY QUR'AN

تِلْكَ الدَّارُ الْآخِرَةُ نَجْعَلُهَا لِلَّذِينَ لَا يُرِيدُونَ عُلُوًّا فِي الْأَرْضِ وَلَا فَسَادًا ۚ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِينَ ﴿٨٣﴾
مَن جَاءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهُ خَيْرٌ مِّنْهَا ۖ وَمَن جَاءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزَى الَّذِينَ عَمِلُوا السَّيِّئَاتِ إِلَّا مَا
كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿٨٤﴾ إِنَّ الَّذِي فَرَضَ عَلَيْكَ الْقُرْآنَ لَرَادُّكَ إِلَىٰ مَعَادٍ ۚ قُل رَّبِّي أَعْلَمُ مَن جَاءَ
بِالْهُدَىٰ وَمَنْ هُوَ فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ﴿٨٥﴾

[ترجمہ: یہ آخرت کا گھر ہم انہیں کو دیتے ہیں جو ملک میں ظلم اورفساد کا ارادہ نہیں رکھتے اورنیک انجام تو پرہیز گاروں ہی کا ہے۔جو بھلائی لے کر آیا اُسے اس سے بہتر ملے گا اورجو برائی لے کر آیا پس برائیاں کرنے والوں کو وہی سزا ملے گی جو کچھ وہ کرتے تھے۔جس نے تم پر قرآن فرض کیا وہ تمہیں لوٹنے کی جگہ پھیر لائے گا۔کہہ دومیرا رب خوب جانتا ہے کہ ہدایت کون لے کر آیاہے اورکون صریح گمراہی میں پڑا ہوا ہے۔]

RECITATION OF NAAT

میری الفت مدینے سے یونہی نہیں

میرے آقا کا روضہ مدینے میں ہے

بادشاہی میں بھی وہ لذت نہیں

بن کے ان کا گدا جو کہ جینے میں ہے

عطر جنت میں بھی ایسی خوشبو نہیں

جیسی خوشبو نبیؐ کے پسینے میں ہے

FATEHA PRAYERS

جناب سپیکر: اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ آج ایک لمبی فہرست ہے جو ہمارا پچھلا سیشن ہوا تھا اس کے بعد جو واقعات ہوئے جو لوگ دہشتگردی کا نشانہ بنے،میں چاہوں گا ان سب کیلئے دعا کرائیں۔میں پڑھ کر سنا دیتا ہوں کہ کون کون تھے۔13افراد جس میں کیپٹن سید مبینDIG, Traffic Lahore, اورSSP زاہد گوندل صاحب لاہور 13فروری کو حادثے میں شہید ہوئے۔پولیس کے 2 Constables Commander Disposal squad عبدالرزاق یہ کوئٹہ میں بم defuse کرتے ہوئے 13تاریخ کو یہ شہید ہوئے۔آرمی کے تین جوان Line of Control (LOC) پر انڈین فائرنگ کی وجہ سے 13تاریخ کو شہید ہوئے۔پانچ لوگ،اس میں تین خاصہ دار یہ مہمند ایجنسی میں شہید ہوئےsuicide bombing attack پچھلے مہینے کی 15تاریخ کو ہوا۔ایکsuicide bombingجو ججز کیvehicle کے اوپر اورجوڈیشل سٹاف کے پر پشاور میں 15تاریخ کو ہوا اس میں ایک شخص شہید ہوا۔آرمی کے تین جوان یہ IED attackجو آرمیconvoyپرآوران بلوچستان میں ہوا وہ16تاریخ کو شہید ہوئے۔91لوگ bomb explosionجو لعل شہباز قلندرؒ کا سہون شریف میں مزار تھاوہ وہاں 16تاریخ کو شہید ہوئے۔پانچ civilians یہ لوکل کورٹ چارسدہ میں بم حملے میں شہید ہوئے۔ نو لوگ explosion جو لاہور ڈیفنس کے بلڈنگ میں ہوا 23 فروری کو،اس میں شہید ہوئے۔لیفٹیننٹ خاور اور نائیک شہزاد، یہ

terrorist کے ساتھ لڑتے ہوئے بنوں میں 2 مارچ کو شہید ہوئے۔پاکستانی فوج کے پانچ جوان پاک افغان بارڈر پوسٹ پر 5 مارچ کو شہید ہوئے۔سات لوگ،چترال میں جو avalanche آیا 19 تاریخ کو اس میں شہید ہوئے۔یہ بہت ہی تکلیف دہ وقت گزرا ہے جس میں بڑے حادثات ہوئے ہیں۔آج مہمند ایجنسی میں cross border فائرنگ ہوئی،جس میں پانچ افراد شہید ہوئے۔میں گزارش کروں گا Minister for Religious Affairs سے کہ وہ دعا کریں۔جی قادری صاحب آپ کچھ کہنا چاہیں گے۔

جناب ایس اے اقبال قادری: ہماری نسرین جلیل صاحبہ ہیں ان کے شوہر انتقال کرگئے،ان کے لئے بھی دعا فرمائیں۔

جناب سپیکر : جی ان کے لئے بھی۔جی سراج صاحب۔

جناب سراج محمد خان : جناب سپیکر پولیس سے جو غلط فہمی میں لوگ شہید ہوئے ہیں ان کے لئے دعا فرمائیں۔ابھی recently ہمارے ایریا کا ایک آدمی جو بارہ سال سے کپڑے بیچ رہا تھا۔اس کو پولیس نے غلط فہمی میں مار دیا۔اس کے لئے بھی دعا فرمائیں۔

جناب سپیکر : گلگت بلتستان کے ممبر،محمد علی صاحب،پچھلے ہفتہ دل کا دورہ پڑنے سے اللہ کو پیارے ہوگئے۔تو دعا کریں۔

(دعا مغفرت کی گئی)

Mr. Speaker: Panel of Chairpersons.

PANEL OF CHAIRPERSONS

Mr. Speaker: In pursuance of sub rule (1) of rule 13 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, the following members, in order of precedence are nominated to form a Panel of Chairpersons for the Session of the National Assembly of Pakistan.

1) Muhammad Pervaiz Malik Sahib,
2) Chaudhry Mahmood Bashir Virk,

3) Syed Ghulam Mustafa Shah,
4) Sheikh Salahuddin,
5) Ms. Shahida Akhtar Ali,
6) Syed Ghazi Gulab Jamal Sahib.

In the absence of the Speaker and Deputy Speaker National Assembly, the members having precedence among those present at the sitting, shall take the Chair.

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Speaker: Question Hour. Shahida Rehmani Sahiba. Not present. Shamas Un Nisa Sahiba.

محترمہ شمس النساء : شکریہ سپیکر صاحب سوال نمبر 68۔

Mr. Speaker: Answer be taken as read supplementary.

محترمہ شمس النساء : جناب سپیکر میرے سوال کا جواب پھر بھی نہیں آیا۔

جناب سپیکر : ایک سیکنڈ لاء منسٹر صاحب ایک میٹنگ میں گئے ہیں وہ میٹنگ ذرا لمبی ہوگئی۔یہ جو ججز کی تقرری ہوتی ہے تو اس کو تھوڑی دیر کے لئے defer کردیتے ہیں۔وہ جیسے ہی تشریف لاتے ہیں تو پھر ہم take up کرلیں گے۔جی اگلا ڈاکٹر شازیہ صوبیہ صاحبہ کا بھی ہے،وہ نہیں ہیں،مگر اس کو بھی defer کریں گے۔مہرین رزاق بھٹو صاحبہ۔وہ آرہی ہیں۔ Belum Hasnain sahiba not present. Nafeesa Inayatullah Khan khattak sahiba.

محترمہ نفیسہ عنایت اللہ خان خٹک: بِسمِ اللہِ الرّحمٰن الرّحِیم۔ شکریہ جناب سپیکر۔سوال نمبر 2۔

Mr. Speaker: Answer be taken as read supplementary.

محترمہ نفیسہ عنایت اللہ خان خٹک: میں پوچھنا چاہتی ہوں کہ کچھ سکولوں میں انہوں نے کرائے پر گاڑیاں رکھی ہوئی ہیں اوتقریباً تیس سکول بند بھی ہوئے ہیں۔تو اس کی کیا وجوہات ہیں۔دوسرا یہ جو لائسنس دیتے ہیں اور اس کی جو کوالٹی ہے تو کیا international standards کے مطابق ہے؟ اور کیا یہ international driving license issue کرسکتے ہیں؟

جناب سپیکر : جی شیخ آفتاب صاحب۔

وزیر برائے پارلیمانی امور(شیخ آفتاب احمد): سر یہ انہوں نے موٹر وے پولیس کے متعلق یہ Question raise کیا ہے۔اس کا ہم نے comprehensive جواب دے دیا ہے۔اس وقت پاکستان میں ہماری 44 ایسی جگہیں ہیں جہاں اس کی ٹریننگ دی جاتی ہے اور یہ ٹریننگ روزانہ تقریباً تیس لوگوں کو دی جاتی ہے ہر ڈرائیونگ اسٹیشن پر۔45 دنوں میں یہ اپنی ٹریننگ جب مکمل کرلیتے ہیں تو پھر ان کا باقاعدہ ایک ٹیسٹ لیا جاتا ہے اور جب وہ ٹیسٹ clear کردیتے ہیں تو پھر ان کو لائسنس ایشو کردیا جاتا ہے اور کوشش کی جاتی ہے کہ یہ لائسنس جو ایشو کیا جائے وہ international level پر بھی جب جائیں تو وہاں پر ان کو failure نہ ہو بلکہ وہاں پر بھی وہ successful ہوسکیں۔

جناب سپیکر : اس پر کوئی اور supplementary نہیں ہے۔ next question Dr. Fehmida Mirza sahiba not present شگفتہ جمانی کا سوال human rights سے transfer ہوگیا ہے۔جی شمس النساء صاحبہ۔

محترمہ شمس النساء : شکریہ سپیکر صاحب۔سوال نمبر 4۔

Mr. Speaker: Answer be taken as read, supplementary.

محترمہ شمس النساء : میرا یہ سوال ہے کہ کیا یہ بات درست ہے کہ ایران سے جو گیس import کی جائے گی،اس کی قیمت قطر سے امپورٹ کردہ گیس سے کم ہے؟ اگر یہ صحیح ہے تو پھر ایران گیس معاملے میں اتنی delay کیوں ہوئی؟

جناب سپیکر : جی شیخ آفتاب صاحب۔

شیخ آفتاب احمد: سر ویسے تو یہ سوال منسٹری آف پیٹرولیم کا ہے لیکن اتفاق سے ان کو اچانک جانا پڑ گیا۔اس میں یہ ہےکہ ابھی تک ہم قیمت کے تعین کی بات اس لئے نہیں کرسکتے کہ ابھی تک یہ منصوبہ پایہ تکمیل تک نہیں پہنچ سکا۔اس میں چونکہ ایران پر کچھ اس قسم کی پابندیاں ہیں کہ جس کی وجہ سے ابھی تک ہماری پوری کوشش کے باوجود کہ ہمارا اور ایران کا یہ معاہدہ پایہ تکمیل کو پہنچے اور

اس پائپ لائن کے ذریعے ہمیں گیس ملے تاکہ ملک کے اندر جو گیس کی shortage ہے وہ دور ہوجائے،لیکن جس طرح میں نے پہلے گزارش کی کہ انٹرنیشنل پابندیاں اس قسم کی ہیں کہ ابھی ایران اس پوزیشن میں نہیں ہے کہ وہ ہمیں گیس دے سکے۔

جناب سپیکر : جی امجد علی خان صاحب supplementary پوچھیں گے۔

جناب امجد علی خان : شکریہ جناب سپیکر۔یہ بہت اچھا منصوبہ تھا جس سے ہمارے انرجی کے مسائل کم ہوتے۔جناب سپیکر ابھی recently یہاں پر ایک summit بھی ہوئی ہے تو کیا اس منصوبے کے حوالے سے ایران سے بات چیت کی گئی ہے؟ کیونکہ دو طرفہ معاہدے میں یہ درج تھا کہ جو بھی فریق اس پر عملدرآمد کے سلسلے میں late ہوگا تو اس پر fine ہوگا۔تو کیا ہم پر کوئی fine آیا ہے یا نہیں۔ایران اس سلسلے میں کیا کہتا ہے؟

جناب سپیکر : جی شیخ آفتاب صاحب۔

شیخ آفتاب احمد: جناب سپیکر اس میں fine اس لئے وہ ہم پر نہیں کرسکتے۔کہ ہماری کوشش کے باوجود بھی جو ایران کا حصہ ہے وہ ابھی تک وہاں پر اپنا کام پایہ تکمیل تک نہیں پہنچا سکے۔تو fine کی بات تو اس وقت کی جاتی ہے کہ اگر ایران اپنا کام مکمل کرلیتا اور ہماری طرف سے تاخیر ہوتی یا ہم نہ کرسکتے۔تو اس لئے کوئی fine نہیں کیا گیا اور ہماری بھر پور کوشش ہے اور ان کے ساتھ میٹنگز بھی ہورہی ہیں تاکہ یہ منصوبہ پایہ تکمیل تک پہنچ جائے۔

جناب سپیکر : جی شیریں مزاری صاحبہ۔شیخ صاحب،شیریں صاحبہ آپکو correct کرنا چاہ رہی ہیں۔بلکہ ان کو یہاں پر لے آئیں تاکہ یہ وزیروں کی جگہ جواب دے دیا کریں۔ڈاکٹر صاحبہ میں نے back benchers کو پھر سے دینے کی کوشش کی تھی لیکن آپ نے فیل کردیا۔

ڈاکٹر شیریں مہر النساء مزاری: شکریہ جناب سپیکر۔ میں انکا fact check کررہی ہوں کہ international sanction نہیں ہیں ایران پر۔US congress نے sanctions لگائی ہیں۔ ان کی international validity نہیں ہے۔ باقی جو یورپین ممالک ہیں انہوں نے sanctions ختم کردی ہیں۔Please don’t say کہ اس وجہ سے رکا ہوا ہے۔TAPI pipes

آپ already لگا رہے ہیں۔ایران پائپ لائن پر آپ نے کوئی کام ادھر سے شروع نہیں کیا اور کوئی international sanctions نہیں ہیں US کی sanctions ہیں اور ان دونوں میں بہت فرق ہے۔شکریہ۔

جناب سپیکر: ڈاکٹر صاحبہ ایران کےExternal Security کے میرے پاس بھی آئے تھے وہ بھی بتا رہے تھے They are not cooperating. Basically یہ زیادہ ایشو ہے۔ شیخ صاحب آپ کچھ کہنا چاہ رہے ہیں۔

شیخ آفتاب احمد: میں صرف یہ کہتا ہوں کہ International سے مراد ہے کہ اگر U.S. sanction ہے وہ بھی تو sanction ہی ہے نا۔

جناب سپیکر: نہیں آپ کہہ رہے ہیں کہ امریکہ کے ہیں مگر وہ influence میں دوسرے ممالک ہیں اس لیے وہ نہیں دیتے آپ کے compressors ہیں basically اس کے۔رانا تنویر صاحب منسٹر فار ڈیفنس اینڈ پروڈکشن۔

وزیر برائے دفاعی پیداوار(رانا تنویر حسین): میڈیم جو شیریں مزاری صاحبہ کہہ رہی ہیں یہ بات درست ہے to some extent لیکن actually practice میں ابھی sanction جس کی یہ interpretation کر رہی ہیں انٹرنیشنل ' ایران کے ساتھ کچھ ایشوز ہیں internationally بھی اور کچھ ایریاز میں sanction میں وہ سافٹ ہیں اور کچھ ایریاز میں international sanctions کے تحت کچھ ایریا میں وہ تھوڑے سے rigid ہیں۔جس میں میرا خیال ہے کچھ ایشوز ہیں جن کا شاید ہی ذکر کر رہی ہیں لیکن کچھ ایریاز میں complete sanction lift ہو گئی ہے۔

جناب سپیکر: اگلا سوال شگفتہ جمانی صاحبہ کا سوال ہیومن رائٹس کا سوال تھا اب فیڈرل ایجوکیشن کو ٹرانسفر ہو گیا ہے۔ اگلا سوال طاہر ہ اورنگزیب صاحبہ۔

محترمہ طاہرہ اورنگزیب : سوال نمبر6

Mr. Speaker: Answer be taken as read, supplementary.

محترمہ طاہرہ اورنگزیب: میرا یہ سوال ہے کہ پچھلی گورنمنٹ نے پاک ایران پائپ لائن کا ایگریمنٹ کیا تھا۔تو اگر ایران پر internationally sanctions ہیں تو کیا ایگریمنٹ ایک ملک دوسرے کے ساتھ کر سکتا ہے اس چیز کے لیے جس ملک پر sanction ہو۔ کیا یہ sanction کب تک چلے گی۔کیا اس کا کوئی خاتمہ بھی ہو گا یا بس یہ چلتا ہی رہے گا۔

جناب سپیکر: جی شیخ صاحب۔

شیخ آفتاب احمد: جناب سپیکر! اس پر sanction یہ ہے کہ وہ ابھی ہمیں گیس فراہم نہیں کر سکتے۔آپس میں بات چیت پر کوئی sanction نہیں ہے وہ تو ہم کسی ملک کے ساتھ بھی کر سکتے ہیں کسی وقت بھی کر سکتے ہیں۔تو ہماری طرف سے بھرپور کوشش یہی ہے کہ اور بات چیت کا مقصد ہی یہ ہے کہ جو بھی تھوڑی ہے یا زیادہ ہے پابندی وہ ختم ہو اور ہمارا منصوبہ پایا تکمیل تک پہنچ جائے۔

جناب سپیکر: اس پر اور کوئی سپلیمنٹری نہیں ہے۔اگلا سوال محمد مزمل قریشی صاحب موجود نہیں ہیں۔اگلا سوال ثمن سلطانہ جعفری صاحبہ۔موجود نہیں ہیں۔اگلا سوال نعیمہ کشور خان صاحبہ۔

محترمہ نعیمہ کشور خان: سوال نمبر9۔

Mr. Speaker: Answer be taken as read, supplementary.

محترمہ نعیمہ کشور خان: شکریہ سپیکر صاحب۔جناب سپیکر میں نے سوال کے پہلے حصے پر لکھا تھا کہ کہاں پر ہو رہی ہے تفصیل فراہم کی جائے مجھے کوئی تفصیل نہیں دی گئی ہے کہ مردان میں کہاں کہاں سروے ہو رہا ہے۔دوسرا انہوں نے end میں لکھا ہے کہ فنڈز متعلقہ اراکین کی درخواست پر دیں گے۔تو متعلقہ اراکین کہاں سے فنڈز دیں گے اس کی تو مجھے سمجھ نہیں آ رہی ہے۔آپ تو کہہ رہے ہیں کہ سپریم کورٹ نے پابندی لگائی ہوئی ہے کہ ممبران کو فنڈز نہیں دے رہے ہیں۔تو ان علاقوں کو جن کو گیس کی ضرورت ہے تو پھر سروے کی کیا ضرورت ہے جبکہ آپ اس کے لیے فنڈز نہیں دے رہے ہو۔

جناب سپیکر: جی شیخ آفتاب صاحب۔

شیخ آفتاب احمد: سر اس طرح ہے کہ پہلی بات تو یہ ہے کہ دس نام ہم نے دے دیے ہیں کہ جس علاقے میں باقاعدہ مکمل سروے ہو چکا ہے Estimate cost بن چکی ہے۔جہاں تک فنڈز کا تعلق ہے اور جو درخواستیں ہمارے پاس by name آئی ہیں ہم نے وہ by name دے دیے ہیں اگر آپ چاہیں تو علاقہ وائز تو وہ بھی میں آپ کو فراہم کر دوں گا۔اس میں سر مسئلہ یہ ہے چونکہ پورے پاکستان میں ایک sustainable programme شروع کیا گیا ہے اور اس میں چاروں صوبوں سے یہ بات گئی ہے کہ یہ پروگرام ہمارا matching grant سے چلے گا۔جو بھی صوبے اس میں شامل ہوں گے ہم جتنا شیئر pay کریں گے اتنا شیئر وہ بھی pay کر دیں گے۔تو اس ضمن میں ہم نے پختونخواہ گورنمنٹ کو بھی ایک لیٹر بھیجا ہوا ہے کہ وہ ہماری ایک matching grant میں شامل ہوں تاکہ یہ کام شروع ہو سکے۔لیکن ابھی تک چونکہ وہاں سے کسی قسم کا جواب نہیں آیا اور ہم اس جواب کے انتظار میں ہیں اور دوسرا یہ بھی ہے کہ ہم کسی ایم این اے کو فنڈ نہیں دیتے اورنہ کسی ایم پی اے کو فنڈز دیتے ہیں یہ sustainable programme ہے اور یہ علاقے کا ترقیاتی پروگرام ہے جس میں 15 notable لوگ اپنے شناختی کارڈز کے ذریعے ہمارے پاس آتے ہیں اور کے بعد فنڈز اس علاقے کوrelease کیے جاتے ہیں۔

جناب سپیکر: جنید اکبر صاحب آن سپلیمنٹری۔

جناب جنید اکبر: شکریہ جناب سپیکر۔جناب سپیکر صاحب! اگر اس ملک کے وسائل کسی پارٹی کے کسی خاندانوں کے یا کچھ علاقے کے ہیں تو ہمارا کوئی گلا نہیں ہے لیکن یہ سارے پاکستان کے عوام کا ہیں تو سر جی ہمارے علاقوں میں جس طرح منسٹر صاحب نے فرمایا ہے کہ ہم منسٹروں کو نہیں دے رہے ہیں اور میں نے منسٹر صاحب کےآفس میں میں نے directive دیے تھے لیکن (ن) لیگ کے ایم این ایز کو 40 سے45 کروڑ روپے پاک پی ڈبلیو ڈی کو دے دیے گئے تھے۔سر جی ہمیں فنڈز ہی نہیں ملتے۔

جناب سپیکر: کتنے۔ ؟؟

جناب جنید اکبر: 45 کروڑ ہیں۔

جناب سپیکر: شیخ صاحب! میں بھی ایم این اے ہوں۔

جناب جنید اکبر: سر جی میں نے دکھائے کے پی کے ایم این ایز کو دیے ہیں اور اس کے باوجود عوام فنڈز نہیں مانگ رہے ہیں اور ہم سوئی گیس کے ڈیپارٹمنٹ کو کسی اور ذریعے سے payment کرنا چاہتے ہیں اس کے باوجود بھی ہمیں گیس نہیں مل رہی ہے۔تو ہمارا یہ ہے کہ پھر لوگوں کا یہ قصور ہے کہ انہوں نے کیوں پی ٹی آئی کو ووٹ دیا ہے۔

جناب سپیکر: جی شیخ صاحب۔

شیخ آفتاب احمد: اگر فنڈز available کریں ' دیکھیں نا جی جہاں ہم گیس کے کام شروع کرتے ہیں اس میں گورنمنٹ کا شیئر بھی ہوتا ہے اور کمپنی کا شیئر بھی ہوتا ہے۔اگر پختونخواہ کی گورنمنٹ اپنا شیئر پے کرے اور وہ جگہ feasible ہو اور یہ بھی دیکھنا پڑتا ہے کہ وہاں گیس available بھی ہے یا نہیں ہے اور پھر یہ بھی دیکھنا پڑتا ہے کہ اس جگہ پر گورنمنٹ کی طرف سے moratorium تو نہیں ہے۔ اگر وہ oil producing district ہے تو ہمارا کوئی moratorium نہیں ہے They are free لیکن ایک کیس ہمارے پاس بھیجیں اور ہم اس کو study کرتے ہیں اگر گورنمنٹ آف خیبرپختونخواہ payment کرے تو ہم وہاں گیس لگا دیں گے۔

جناب سپیکر: عامر مگسی صاحب آن سپلیمنٹری۔

میر عامر علی خان مگسی: میرا سوال وزیر موصوف سے سپلیمنٹری یہ ہے کہ ہمارے ضلع میں گیس نکل رہی ہے اور already تین ایسی جگہیں ہیں جہاں سے گیس نکل کر نیشنل گریڈ میں جا رہی ہے اور ابھی تک ہمارے پاس زیرو پوائنٹ والے گاؤں ہیں ان کو بھی نہیں گیس دی جا رہی ہے ایک سوال ہے اور دوسرا یہ سوال ہے کہ یہ بتائیں گے کہ کونسے ڈسٹرکٹ کو ہمارے صوبے سندھ میں ڈویلپمنٹ کے کوئی پروجیکٹ یا اور کوئی دیا گیا ہے۔

جناب سپیکر: جی شیخ آفتاب صاحب۔

شیخ آفتاب احمد: جہاں تک ڈویلپمنٹ کا تعلق ہے اس وقت پورے پاکستان کے اندر ڈویلپمنٹ ہو رہی ہے وہاں پر آپ دیکھیں کہ سی پیک کا جو منصوبہ ہے اس کا سب سے زیادہ فائدہ صوبہ بلوچستان

کو ہو رہا ہے اور سب سے زیادہ سڑکیں وہاں بن رہی ہے گوادر کی بندرگاہ وہاں بن رہی ہے اس کے بعد آپ دیکھیں کہ جب یہ ہم چائنہ باڈر سے چلتے ہیں تو گلگت کے راستے سے چلتے ہوئے مانسہرہ اور مانسہرہ سے ایبٹ آباد سے حولیاں سے ہوتے ہوئے جب ہم برہان کو پہنچتے ہیں تو تقریباً چھ اضلاع خیبرپختونخواہ کے ہیں جن کو فائدہ ہے۔پھر جس وقت ہر دو سو کلو میٹر کے بعد ہم وہاں پر انڈسٹری زون بنا رہے ہیں تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ سی پیک کا سب سے Balochistan جو فائدہ ہے وہ بلوچستان کو ہے اس کے بعد پختونخواہ کو ہے پھر سندھ کو اور پھر پنجاب کو ہے۔

جناب سپیکر: عامر مگسی صاحب کچھ اور پوچھ رہے تھے۔عامر صاحب repeat کیجیے۔

میر عامر علی خان مگسی: گیس کا پوچھا تھا۔سی پیک تو میرے حلقے سے بھی جا رہا ہے M-8 وہاں پر تو ابھی تک کچھ بھی نہیں ہے۔شیخ صاحب میں نے تو گیس کا پوچھا ہے سی پیک تو بہت دور ہے ابھی تک۔

جناب سپیکر: شیخ صاحب ان کا main سوال یہ ہے کہ جہاں سے نکل رہی ہے گیس وہاں پر ابھی تک نہیں دی گئی۔جی شیخ صاحب۔

شیخ آفتاب احمد: سر اس طرح ہے جہاں پر گیسproducing ایریاز ہیں وہاں پر گورنمنٹ کی طرف سے کوئی moratorium پابندی نہیں ہے لیکن سوال یہ ہے کہ اس کے پیسے کون دے گا۔پیسے جو ہیں وہ تو فیڈرل گورنمنٹ نے آفر کیے ہوئے ہیں صوبائی گورنمنٹ کو کہ آیئے مل کر sharing basis پر کرتے ہیں۔اگر ان کی گورنمنٹ اپنا شیئر دینے کے لیے تیار ہو تو فیڈرل گورنمنٹ بھی اپنا شیئر دینے کے لیے تیار ہے۔

جناب سپیکر: یہ دے دیں گے۔صوبائی گورنمنٹ دینے کو تیار ہے کے پی کے کی بھی اور سندھ کی بھی۔

شیخ آفتاب احمد: ٹھیک ہے۔

جناب سپیکر: اگلا سوال محمد جمال الدین صاحب۔

جناب محمد جمال الدین : سوال نمبر10۔

Mr. Speaker: Answer be taken as read, supplementary.

جناب محمد جمال الدین : وزیر محترم نے تو جواب میں لکھا ہے کہ اپ گریڈیشن کا معاملہ ہے اور عدالت میں زیر سمات ہے۔تو میری سمجھ میں نہیں آ رہا کہ۔۔۔

جناب سپیکر: رانا تنویر صاحب آپ کا سوال ہے۔جی جمال الدین صاحب۔

جناب محمد جمال الدین : جواب میں فرمایا گیا ہے کہ اپ گریڈیشن کا معاملہ عدالت میں زیر سمات ہے۔مجھے یہ سمجھ نہیں آ رہی ہے کہ ملازمین خود اپنی اپ گریڈیشن کے خلاف جا چکے ہیں اور یہ کس طرح عدالت میں کیس ہے؟

جناب سپیکر : رانا تنویر صاحب۔

رانا تنویر حسین : جناب سپیکر ! یہ بڑی سیدھی سی بات ہے کہ یہ معاملہ sub judice ہے اور جب عدالت کا فیصلہ آئے گا تو ہم تب ہی implement کریں گے hundred percent جو بھی عدالت کی direction آئے گی۔مجھے جمال الدین صاحب کی کچھ سمجھ نہیں آئی کہ یہ کیا عدالت میں ہے،یہ عدالت میں تو ہے،ہم نے جو اس کا جواب دیا ہے اور اگر آپ کو کوئی سمجھ آئی ہے تو بتا دیں۔

جناب سپیکر : جمال الدین صاحب آپ سوال کو repeat کرنا چاہیں گے۔شیریں مزاری صاحبہ میں آپ کو نہیں دوں گا میں خان صاحب کو دوں گا۔

جناب جمال الدین : میں نے یہ سوال کیا ہے کہ عدالت میں کس طرح ہے،ملازمین گئے ہیں یا حکومت گئی ہے upgradation کے مسئلے میں اور عدالت میں کیوں ہے،کس نوعیت پر ہے، کون عدالت گیا ہے،کس طرح ہے عدالت میں آپ لوگ اس پر بھی نہیں سمجھ رہے۔

جناب سپیکر : رانا تنویر صاحب۔

رانا تنویر حسین : وہاں پر جو ملازمین ہیں وہ عدالت گئے ہیں اور ہم نے بتایا ہے کہ یہ sub judice ہے اور کیس چل رہا ہے اور جو فیصلہ آئے گا تو ہم اس کو implement کریں گے۔

جناب سپیکر : غلام سرور خان صاحب آن سپلیمنٹری۔

جناب غلام سرور خان : جناب والا ! بڑا واضح سوال بھی ہے اور ضمنی سوال بھی ہے،لیکن مبہم جواب بھی ہے۔فیڈرل گورنمنٹ نے ایک فیصلہ کیا ہے کہ تمام سرکاری ملازمین کے pay scales upgrade ہوں discrimination ہوئی اور گورنمنٹ کے اس decision کو POF Ordinance Factory میں implement نہیں کیا گیا تو وہاں کے ملازمین کورٹ میں چلے گئے۔ایک حکومت کا تمام اداروں کے لیے اپنا فیصلہ ہے تو یہ POF کے employees کے ساتھ discrimination کیوں ہے کہ وہاں پر اس فیصلے کی implementation نہیں ہو سکی اور پھر گورنمنٹ اس کو oppose کیوں کر رہی ہے؟

جناب سپیکر : رانا تنویر صاحب۔

رانا تنویر حسین : چوہدری غلام سرور خان صاحب نے سوال تو میرا خیال ہے کہ ٹھیک کیا ہے لیکن یہ کہنا کہ مبہم ہے اور سوال بڑا واضح ہے، بڑی کلیئر بات ہے کہ ایک ہماری interpretation تھی اور POF management کی تھی تو ملازمین اس کے خلاف گئے۔لیکن جو اس کا دوسرا حصہ ہے تو دیکھیں گے کہ ہم نے ان کے یکم جولائی 2016 سے implement کر دیے ہیں، سو فیصد جو revision تھی ان کے سکیل کی تو وہ کی ہے۔ اب پوسٹوں کی upgradation کا مسئلہ ہے تو ملازمین گئے ہوئے ہیں اور جو فیصلہ آئے، یہ جو سمجھتے ہیں کہ گورنمنٹ کا implement نہیں ہوا تو وہاں سے direction آجائے گی تو اس میں میرا خیال ہے کہ کوئی ambiguity نہیں ہے۔

جناب سپیکر : ٹھیک ہے دو حصے ہیں۔

رانا تنویر حسین : اگر دوسرا B دیکھیں تو ہم نے سکیل یکم جولائی 2016 سے سو فیصد implement کر دیے ہیں۔

جناب سپیکر : اگلا سوال محترمہ فوزیہ حمید صاحبہ کا ہے۔

محترمہ فوزیہ حمید : سوال نمبر 11۔

Mr. Speaker: Answer be taken as read, supplementary.

ڈاکٹر فوزیہ حمید : جناب سپیکر ! جواب تو آیا ہے لیکن مجھے جو چیزیں clarify کرنی ہیں وہ یہ ہیں کہ یہ جو حلال فوڈ کی تجارت ہے اور اس میں جو کام ہو رہا ہے تو اس میں پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا نے ہمیں اچھا خاصا بریف کر دیا ہے اور آئے دن پروگرام ہو رہے ہوتے ہیں۔مجھے صرف یہ پوچھنا ہے کہ جو لوگ اس مکروہ تجارت میں involve ہیں تو ان کے خلاف گورنمنٹ نے کیا کیا ہے اور کتنے لوگوں کو فائن کیا گیا ہے۔دوسرا اہم سوال یہ ہے کہ جو بورڈ آف گورنر بنایا گیا ہے تو اس میں selection criteria کیا رکھا گیا ہے،آیا آپ نے صوبوں کو بھی اس کے ساتھ ملایا یا کون سے لوگ اس میں ہیں؟ ایک اور آخری سوال یہ ہے۔

جناب سپیکر : آپ نے دو کر لیے ہیں یہ تیسرا نہ کریں۔

ڈاکٹر فوزیہ حمید : سر یہ بہت اہم ہے .This is very important۔ جو گوشت بک رہا ہے تو اس پر جو stamp لگی ہوتی ہے تو وہ stamp باہر مل رہی ہوتی ہے اور وہ خود ہی stamps لگا رہے ہوتے ہیں۔تو اس کے لیے اور کوئی criteria بنائیں گے کہ جس سے اس کو اور زیادہ scrutinize کیا جائے۔

جناب سپیکر : رانا تنویر صاحب۔

رانا تنویر حسین : کچھ چیزیں ایسی ہیں جو کہ ہر بندے کو پتا ہے اور جو انہوں نے آخری سوال کیا ہے کیونکہ stamps لگی ہوتی ہیں۔جناب سپیکر ! آپ کو پتا ہے کہ یہ صوبائی حکومتوں کا کام ہے کہ وہاں پر جو ان کےveterinary پر ڈاکٹر ہوتے ہیں تو جو گوشت حلال ہوتا ہے تو اس کو وہ چیک کرتے ہیں کہ یہ according to formula ذبحہ کیا گیا ہے اور اس کو صوبے regulate کرتے ہیں اور اس کا فیڈرل گورنمنٹ کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے۔انہوں نے جو دوسرا سوال بورڈ آف گورنر کا کیا ہے تو اس کا جب ایکٹ پاس کیا گیا ہے تو اس میں specified ہے کہ اس میں کون کون سے لوگ اس کے ممبر ہوں گے۔اس میں چاروں صوبوں سے بھی لوگوں کی نمائندگی ہے اور اس طرح چیمبر آف کامرس کی بھی نمائندگی ہے،ٹیکنکل سائیڈ کے لوگوں کی نمائندگی ہے،اسی طرح

کچھ لوگ شریعہ سے ہیں تو علماء حضرات بھی ہیں،ا س طرح ہماری religious ministry کے بھی دو recommendee ہیں جن کی ایک خاص qualification ہے اور ہم نے religious ministry کو کہا ہے اور انہوں نے ہمیں بھیجے ہیں کہ یہ دو نام ہم دیتے ہیں،بلکہ ایک دو نام جب پورے نہیں آئے تو ہم نے واپس بھیجے ہیں کہ یہ اس criteria پر نہیں ہیں جو qualification ہے according to Sharia تو آپ دوبارہ اس qualification کے بندے بھیجیں،تو میرا خیال ہے کہ بورڈ ایکٹ میں mentioned ہے۔انہوں نے کہا ہے کہ حرام کا مکروہ دھندا جاری ہے تو میں آپ کو بتاؤں کہ بنیادی طور پر ہمارا کام صرف امپورٹ ایکسپورٹ کو deal کرنا ہے اور یہ گورنمنٹ آف پاکستان نے بہت بڑا step لیا ہے کہ پاکستان حلال اتھارٹی establish کی ہے جو کہ process میں ہے اور جس طرح بورڈ آف گورنر بن گیا ہے اور جس کی میٹنگ چند دنوں میں ہو گی۔اسی طرح ہم نے Establishment Division کو اس کی پوسٹوں کے لیے بھی کہا ہے کہ ہم نے یہ پوسٹیں fill کرنی ہیں اور ان سب پر ہیڈ ڈی جی ہو گا اور جب ہم ڈی جی appoint کریں گے تو وہ مکمل طور پر functional کرنے میں office establish میں سارے functional کرنے میں سارا کام کرے گا۔لیکن اس کا جو purpose تھا وہ یہ تھا کہ جو انٹرنیشنل حلال ٹریڈ ہے وہ trillion dollar میں ہے لیکن ہمارا اس میں حصہ صرف 25 ملین ڈالر ہے اور being a Muslim country اور جو trillion dollar کی tradeہے تو وہ اس وقت non muslim countries کر رہے ہیں like New Zealand like Thailand اور ان لوگوں نے اپنے علماء رکھے ہوئے ہیں اور ان کی ایکسپورٹ پر وہاں سے meat وغیرہ جا رہے ہیں۔جب یہ حلال اتھارٹی establish ہو جائے گی تو اس میں credibility اور authenticity آئے گی تو ہمارا پروگرام ہے کہ ہم اپنی ٹریڈ کو 25 ملین سے بہت آگے لے کر جائیں گے اور کم از کم بلین سے اوپر ہماری ٹریڈ ہو تا کہ ہم بھی trillion dollar کی exportسےٹریڈ سے اپنا حصہ لے سکیں۔جہاں تک locally بات ہے تو اس میں حلال اتھارٹی food mutton کے متعلق ہے لیکن جناب والا جو حلال کا مسئلہ ہے وہ ہر چیز پر ہے،چاہے وہ کپڑے ہوں،چاہے وہ cosmetic ہوں، چاہے کھانے پینے کی چیزیں ہوں۔اس کے لیے ہمارا ادارہ ہے PSQAC اور اس کے ہم نے

standard واضح کیے ہیں اور اس وقت ہماری چار voluntarily agencies ہیں جو یہ کام کر رہی ہیں،ان پر کوئی mandatory نہیں ہے،کوئی obligatory نہیں ہے،جب ہماری حلال اتھارٹی establish ہو جائے گی تو وہ obligatory ہے اور وہ اس پر function کرے گی۔لیکن پنجاب صوبے نے Punjab Halal Agency بنائی ہے جس کے ہیڈ ریٹائرڈ جسٹس خلیل الرحمٰن صاحب ہیں، لیکن ان کا بھی ایک optional voluntarily ہے اس طرح کا نہیں ہے کہ جس طرح یہ پاکستان حلال اتھارٹی ہو گی۔ تو اس پر بہت کام ہو رہا ہے اور آئندہ چند مہینوں میں یہ جب functional ہو گا تو چیزیں بہت بہتر ہو جائیں گی،ہم چاہتے ہیں کہ یہاں پر ہر consumer Item پر consumer کو optional ہو اور اس کو پتا ہو کہ میں یہ cosmetic لے رہا ہوں تو یہ حلال ہے،میں یہ کپڑے پہن رہا ہوں تو یہ حلال ہیں تا کہ religious point of viewسے بھی یہ معاملہ اس کی satisfaction کے لیے ذہنی طور پر پتا ہو۔ اس پرہم کام کررہے ہیں اور آگے جا رہے ہیں تو انشاء اللہ جب یہ establish کریں گے تو یہ بہتر ہو جائے گا۔

جناب سپیکر : نعیمہ کشور خان صاحبہ آن سپلیمنٹری۔

محترمہ نعیمہ کشور خان :جناب سپیکر ! حلال فوڈ اتھارٹی کے قیام کا بہت اچھا اقدام ہے اور ہم نے جو بل اس اسمبلی سے پاس کیا ہے۔میرا سوال یہ ہے کہ یہ اتھارٹی کب تک بن جائے گی اور میرا دوسرا سوال یہ ہے کہ اس کی جو recruitment ہے اس کو ڈی جی کرے گا یابورڈ کرے گا؟

جناب سپیکر : رانا تنویر صاحب۔

رانا تنویر حسین : میں نے بتایا کہ بورڈ آف گورنر کی composition ہو گئی ہے اور پرائم منسٹر نے approval دے دی ہے اور آئندہ ایک دو ہفتوں میں اس کی میٹنگ ہو جائے گی جہاں سے ہم پورا ٹائم فریم اور ساری guideline دیں گے کہ اس کو کیسے آگے لے کر جانا ہے۔لیکن ہم نے Establishment Division کو اس کی پوسٹوں کے لیے لکھا ہے کہ جو .D.Gہے اس کو منسٹری recruit کرے گی پرائم منسٹر کی approvalایک procedure ہوگا جو ایک طریقہ کار ہوتاہےاس grade کے افسروں کو بھرتی کرنے میں اور جو نیچے کے ہیں تو جب ڈی جی آجائے گا تو وہ recruit کرے گا اشتہار دے گا وہ کمیٹی جس طرح کہ procedure ہے جو گریڈ چار سے نیچے

ہیں تو ان کا اور طریقہ ہے سکیل چار سے جو اوپر ہیں ان کے جو ٹیسٹ ہیں جو این ٹی ایس ہے یا پی ایس ٹی ہے یا سارے اس قسم کے جو ادارے ہیں وہ ٹیسٹ لیں گے اور جو recruitment پالیسی ہے اس کے مطابق ان کو بھرتی کیاجائے گا تو میرے خیال میں آئندہ ایک دو مہینوں میں یہ جو اتھارٹی ہے وہ functional انشاء اللہ مجھے امید ہے کہ functional ہوجائے گی۔

جناب سپیکر: جی عبدالرشید گوڈیل صاحب آن سپلیمنٹری۔

جناب عبدالرشید گوڈیل: بہت شکریہ جناب سپیکر! منسٹر صاحب کہہ رہے ہیں کہ trillions of dollars کی یہ اتنی بڑی مارکیٹ ہے۔مانتے ہیں کہ بہت بڑی مارکیٹ ہے۔لیکن ہم نے پچھلے بجٹ میں چودہ مہینے یا سولہ مہینے کا ٹائم دیا تھا کہ اس دوران tax holiday ملے گااس کے علاوہ بات اور کرنی تھی کہ کراچی سے لیکر پشاور تک آپ cookies لینے جاؤ toffee لینے جاؤchocolate لینے جاؤshoes لینے جاؤ تو آپ کو حلال کے علاوہ حرام کے مد میں جو کھلایاجائے گا۔جیسے لیدر وہ لیدر کونسا استعمال ہورہاہے جوتوں میں۔لیڈیز شوز کے اندر استعمال ہورہاہے۔چاکلیٹ،ٹافی ہر سٹور پر کراچی سے پشاور تک ہر سٹور میں جب آپ چیک کروگے تو شاید E7 mark ہےاس کا یا E6 markہے اس کا so equivalent کرتے ہو تو pigکی وہ fatہوتی ہے وہ ہر سٹور پر ملتی ہے۔ تو اس کے لیے کیا کیا ہے آپ نے؟سٹوروں پر سب مل رہاہے مال۔دنیا جہاں سے آرہاہے۔دنیاجہاں سے شوز آرہے ہیں اور وہ حلال کی مد میں نہیں آتے۔ہمارے بچے اور بچیاں کھاتے ہیں۔ اور یہاں پر گدھے کا گوشت بھی بک رہاہے اور پتہ نہیں کہ کتے کا بھی بک رہاہے۔لیکن جو امپورٹ ہورہاہے جو ہمارے نظروں کے سامنے ہے۔ہر سٹور پر بک رہاہے۔

جناب سپیکر: جی راناتنویرصاحب۔

راناتنویرحسین:یہ بڑا اچھا سوال ہے ان کا۔میں بالکل شیئر کرتا ہوں ان کی جو تھوڑی سی پریشانی ہے۔میری بھی یہی وجہ ہے کہ جہاں ٹریڈ کی بات ہے وہاں پر ہم جہاں پر export کی بات کرتے ہیں trillion dollar کی ایکسپورٹ ہے اس پر اپنا حصہ لیں تو وہاں پر ہم import کی بات کرتے ہیں جو یہ پاکستان حلال اتھارٹی ڈیل کرے گی import level پر بھی اور یہ جتنی بھی امپورٹ ہے اس کو چیک کریں گے ہم اور انشاء اللہ کوشش یہی ہے کہ پھر ان اداروں کی capacity کی بھی با

ت ہوتی ہے جو آپ اور میں بات کررہے ہیں۔بہت سارے ہمارے ادارے ہیں۔لیکن ان کی capacity اتنی نہیں ہے کہ پوری overall وہ چیزوں کو قابو کرسکیں۔تو میری کوشش ہے کہ اس پاکستان حلال اتھارٹی کو اس کی capacity building بھی کی جائے۔Immediately تو نہیں ہوگا۔لیکن بات ان کی بالکل ٹھیک ہے۔import level پر بھی چیک کریں گے۔چاہے چاکلیٹ ہو چاہے cosmetics ہوں،چاہے جوتے ہوں یا جو بھی ہوں۔وہ جو standard or criteria ہمیں ملیں گے حلال کے مطابق تو اس کے مطابق چیک کیاجائے گا اور ابھی بھی بہت ساری چیزیں۔میں حلال کے متعلق نہیں۔لیکن import level پر جو ہم منسٹری میں چیک کرتے ہیں جو PSQCAکا ایک ادارہ ہے تو وہاں پر جو import ہے تو اس کو ہم روک دیتے ہیں shipment کو اور نہیں آگے آنے دیتے۔بہت ساری چیزیں واپس بھی بھیجی ہیں تو انشاءاللہ جب یہ authority in place ہوجائے گی تو بہت زیادہ بہتری آئے گا ان چیزوں میں۔

جناب سپیکر: جی انشاءاللہ۔جی شیخ صلاح الدین صاحب موجود نہیں ہیں،مراد سعید صاحب۔

جناب مراد سعید: سوال نمبر13۔

Mr. Speaker: Answer be taken as read, supplementary.

جناب مراد سعید:جناب سپیکر! مجھے تو سوال کا جواب مل گیا ہے اور وہ دیکھنے کے بعد مجھے اس طرح اندازہ ہواکہ اس پروجیکٹ کا بھی ہمارے سوات میں جس طرح 2007 میں افتتاح ہواتھا۔پھر 2009 میں ہوا،پھر 2013 میں ہوا۔ پھر بلدیاتی انتخابات سے پہلے ہوا لیکن گیس نہیں آئی وہاں پر۔تومیرے خیال میں اس افتتاح کا بھی وہ ہی انجام ہے کہ افتتاح تو اس کا ہوا ہے۔لیکن کام کچھ نہیں ہوا تو جناب سپیکر! سپلیمنٹری میں یہ سوال کرناچاہتاہوں کہ مردان سے سوات گیس پائپ لائن کا کچھ جگہوں پر افتتاح کیاگیا۔ کیونکہ جو میں بجٹ دیکھ رہاتھا اس میں بھی سوا ت کے لیے کچھ نہیں تھا تو کیا سوات کے لیے کوئی انہوں نے سکیم ابھی شروع کی ہے؟اگر کی ہے تو اس کی کاسٹ کتنی ہے اور یہ افتتاح ہی ہوا جس طرح ماضی میں ہوا تھا یا اس پر کام بھی ہوگا؟

جناب سپیکر: جی acting Minister for Petroleum شیخ آفتاب صاحب۔

شیخ آفتاب احمد: جناب سپیکر! اس سے پہلے جو ہمارا گزشتہ سال تھا۔

(اذان عصر)

جناب سپیکر:جی شیخ آفتاب صاحب۔

شیخ آفتاب احمد: سر یہ جو basically آپ سوال دیکھیں گے تو اس میں سوات کا یا اس قسم کاکوئی ذکر نہیں ہے۔یہ basically question تو وہ ہی ایران پائپ لائن کا ہے۔لیکن میں آنریبل ممبر کو یہ بتاناچاہتاہوں کہ کچھ پروجیکٹ ایسے ہیں جو کہ پہلے ہی already approved ہوئے ہوئے تھے وہاں پر اب پیسہ ریلیز کیاجارہاہے کمپنی کو تاکہ وہ وہاں پر projects کرسکیں۔لیکن اب آپ نے جو تفصیل مانگی ہے تو اس کے لیے مجھے fresh question چاہیے ہوگا۔

جناب سپیکر: جی ساجد نواز صاحب سپلیمنٹری۔

جناب ساجد نواز: شکریہ جناب سپیکر! سب سے پہلے تو میں معذرت کے ساتھ بات کروں گا کہ اذان کےوقت ہمارے یہ مائیک تو بند ہوجاتے ہیں لیکن ہمارے یہ مائیک بند نہیں ہوتے تو گزارش سب سے ہوتی ہے کہ اس کا خیال رکھیں۔گزارش یہ ہے اور منسٹر صاحب سے میں سوال کروں گا اور اس سے relevant ہے کہ ہمارے علاقوں میں ابھی گیس کی کچھ کمیاں ہیں تو اس کے لیے ہمیں کہاجاتاہے کہ کوئی پرائم منسٹر صاحب کا moratorium ہوتا کیا ہے وہ سامنے لایاجاتاہے تو اتنے مشکل process سے۔ایک ایک انچ پائپ کے لیے ہمارے پاس ایسی کوئی آسان تجویز ہے کہ ہمارے حلقوں میں جو تھوڑی کچھ کمی پیشی ہے تو ہمیں کوئی آسانی دے سکتے ہیں یہ کہ ایک ایک انچ پائپ لیے جب ہم وہاں جاتے ہیں تو وہ کہتے ہیں کہ moratorium ہوتا پتہ نہیں کیا ہے وہ لیکرآئیں۔

جناب سپیکر: جی شیخ آفتاب صاحب۔

شیخ آفتاب احمد: سر ان کے سوال کے دو حصے بنتے ہیں۔ایک تو حصہ یہ بنتاہے کہ جہاں پر already گیس موجود ہے اور وہاں پر پریشر نہیں ہے تو اس کے متعلق میں گزارش یہ کروں گاکہ یہ اگر مجھے اس کی تفصیل دے دیں کہ کس علاقے میں گیس موجود ہے اور وہاں پر پریشر نہیں ہے تو اس پریشر کو ہم بحال کروالتے ہیں اور نمبر دو یہ کہا کہ اگروہاں پر گیس موجود ہے اور کچھ streets

وہاں پر رہ گئ ہیں تو وہ اس کی تفصیل مجھے دے دیں کیونکہ وہ ایک سکیم ongoing scheme ہے وہاں پر گیس موجود ہے تو وہ پائپ لائن وہاں پر ڈالی جاسکتی ہے۔

جناب سپیکر: اگلا سوال شیخ روحیل اصغر صاحب۔

شیخ روحیل اصغر: سوال نمبر 14۔

Mr. Speaker: Answer be taken as read, supplementary.

شیخ روحیل اصغر: بہت شکریہ جناب سپیکر۔جناب سپیکر آپ کی وساطت سے پوچھنا چاہتاہوں یہاں پر ایک لفظ لکھا ہے ضروری اقدامات،یہ ضروری اقدامات میری سمجھ میں تو نہیں آئے،آپ اگر ان سے پوچھ لیں کہ وہ کس قسم کے اقدامات ہیں۔ضروری بھی ہیں اور اقدامات بھی ہیں۔دو مختلف چیزیں نہیں ہیں؟

جناب سپیکر: انہوں نے ابھی نیا نیا پٹرولیم کا چارج لیا ہے،پوچھ لیتے ہیں۔

شیخ روحیل اصغر: اگر کوئی ضروری ہوتو وہ اقدامات تو نہیں ہوتے۔ضروری ہوگیا تو پھر کام ہوگیا جی۔تو یہ نہیں سمجھ آرہی۔

جناب سپیکر: جی شیخ صاحب جواب دیجئے۔

شیخ آفتاب احمد: سر با ت یہ ہے کہ بالکل بات ٹھیک ہے چونکہ basically تو آج Minister for Petroleum نہیں ہیں اورمجھے ان کے جواب دینے پڑ رہےہیں۔بات یہ ہے کہ یہاں پر basic question یہ پوچھا گیا تھا کہ آپ کے پاس ملک کے اندر کتنی ریفائنریز ہیں تو ہم نے بتایا کہ ہمارے پاس 8ریفائنریز ہیں۔اس کے بعد یہ کہا گیا کہ کیا اس میں کوئی اضافہ کیا جارہا ہے تو اس میں ہم نے کہا کہ ضروری اقدامات۔ضروری اقدامات سے مراد یہی ہوتی ہے کہ جو اس وقت ہمارے ملک کی ضروریات ہیں وہ تو ہماری یہ 8ریفائنریز پورا کررہی ہیں۔لیکن اگر اس میں کچھ اضافہ ہوتا ہے اورہم یہ دیکھیں گے ہمیں shortfall آرہی ہے۔ہماری یہ جو موجود ہ ریفائنریز ہیں یہ پوری

production نہیں کرسکتیں تو ضروری اقدامات سے مراد ہے کہ پھر ہم یہاں پر مزید ریفائنریز لگائیں گے۔

جناب سپیکر: شیخ صاحب آپ شیخ صاحب کو کیوں تنگ کررہے ہیں۔

(مداخلت)

جناب سپیکر: شیخ صاحب کا مائیک کھولیں۔شیخ روحیل صاحب کا۔

شیخ روحیل اصغر: اب دو شیخ ہیں ایک اٹک کا شیخ ہے،ایک جموں کا شیخ ہے۔اب پتا کرنے پڑے گا۔

جناب سپیکر: کہاں اٹکے،کیا کہہ رہےہیں۔جی شیخ صاحب سوال کیجئے۔

شیخ روحیل اصغر: جناب میں نے گزارش کی ہے کہ اگر وزیر محترم،چونکہ ان کا محکمہ نہیں ہے۔سر یہ پٹرولیم والا میرے پیچھے بیٹھا ہوا ہے،یہ چیئرمین۔یہ بڑا صاف صاف لکھا ہے کہ مالی سال 2015-16 کے درمیان اوریہ دیکھ لیں آپ،2015-16 یہ ہے جو ختم ہوگیا ہے۔اوریہ جو اس میں لکھا ہوا ہے 62فیصد،استعداد 62فیصد،مالی سال کے دوران POL کی طلب ایک اندازے کے مطابق 29ملین ٹن ہوگی۔24ملین ٹن ہے جو اس وقت 18،تقریبا 19ان کے پاس استعداد ہے جو کرسکتے ہیں۔

جناب سپیکر: آپ simple کرکے سوال پوچھ لیجئے۔

شیخ روحیل اصغر: میں نے پوچھا لیا ہے جی۔اب یہ بتا دیں۔ابھی تک ان کی جو پوری،جو existing لگا ہوا ہے شیخ صاحب کو یہ نہیں پتا ہوگا۔

جناب سپیکر: جی شیخ صاحب۔

شیخ آفتاب احمد: بات یہ ہے کہ میں بڑے شیخ صاحب کے سامنے بڑا بے بس ہوں۔تو میں ان سے یہ گزارش کرتا ہوں کہ اگر آپ یہ سوال ڈیفر کردیں تاکہ Minister for Petroleum جب آئیں گے تو یہ سوال ان سے کریں۔

جناب سپیکر: چلیں جی یہ ڈیفر کہہ رہے ہیں کہ وہ ڈیفر کردیں Minister for Petroleum آئیں گے تو پھر کردیں گے۔جب اگر ڈیفرہو،یہاں پر ڈیفر نہیں ہوگا نا اس لئے اس کو جانے دیجئے۔جی next question صاحبزادہ طارق اللہ۔

صاحبزادہ طارق اللہ: سوال نمبر 15.

Mr. Speaker: Answer be taken as read, supplementary.

صاحبزادہ طارق اللہ: شکریہ سپیکر صاحب۔میرا سوال تو بالکل شیخ صاحب سے related ہے اورNHAکے حوالے سے ہے۔سر اس میں میں نے دو سوال پوچھے ہیں۔بہرحال maintenance کے حوالے سے تو میں مطمئن ہوں کہ میری جس سڑک پر کافی کام ہوا ہے اوروہ انتہائی اچھا کام ہوا ہے اس کو میں appreciate کرتا ہوں۔بہرحال جتنا بھی پیسہ لگایا گیا ہے وہاں کے لوگوں کو ایک فائدہ پہنچا ہے۔لیکن جو پہلا جز ہے اس میں یہ ایگزم بینک کے حوالے سے یہ PC-1 approved ہوچکا ہے ایکنک نے منظوری دی ہے لیکن اس کو تین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے فرسٹ،سکینڈ،تھرڈ۔لیکن مجھے اس بات پر افسوس ہے کہ جو تھرڈ سیکشن ہے،فرسٹ اورسکینڈ کوچھوڑ کرجو تھرڈ سیکشن کو attach کیا گیا ہے۔لہذا میرا یہ سوال ہے کہ اگر بیک وقت simultaneously ان تینوں sections پر کام شروع کیا جائےتو دیر کوبھی فائدہ ہوگا،چترال کوبھی فائدہ ہوگا اورلواری ٹنل already تقریبا complete ہونے والی ہے تو میرے خیال میں اگر اس پر چکدرہ سے ہی بیک وقت کام شروع کیا جائے تو میرے خیال میں شیخ صاحب یہ ہمارے لئے بہت فائدہ ہوگا۔

جناب سپیکر: جی شیخ صاحب ان کی تجویز بھی ہے اورسوال بھی ہے۔

شیخ آفتاب احمد: تجویز تو بالکل بہتر ہے کہ ہمارے پاس اگر اتنا پیسہ موجود ہوکہ ہم اس پراجیکٹ کو 100% complete کرسکیں تو اس سے تو بہتر بات کوئی نہیں ہے۔لیکن اس وقت ہمیں جو فنڈز available ہوئے ہیں اس کے مطابق صرف ایک پورشن ہی بن سکتا تھا جو کہ ہم شروع کررہےہیں اورباقی دو بھی انشاء اللہ،میں نے جب آج بھی وہ ممبر بریفنگ دینے کیلئے آئے تھے تو

میں نے ان کو یہ کہا تھا کہ یہ ایک بڑی ہی important سڑک ہے اوریا تواس کوPSDP میں ڈالا جائے یہ جو ابھی دو تین مہینے میں بن رہی ہے۔تو میں انشا ء اللہ دوبارہ بھی Chairman NHA کو یہ کہوں گا کہ ابھی یہ کام جو ں شروع ہوتو ساتھ ہی ان کے دونوں process بھی مکمل ہوجانے چاہیں کیونکہ میں خود بھی سمجھتا ہوں کہ یہ ایک بہت important سڑک ہے اور یہ بننی چاہیے لیکن فنڈز کا تھوڑا مسئلہ ہے وہ حل ہوجائے تو انشا ء اللہ کردیتے ہیں۔

جناب سپیکر: جی سپلیمنٹری مولانا گوہر شاہ صاحب۔

مولانا محمد گوہر شاہ: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔یہ ہمارے علاقے میں جو موٹروے کا انٹر چینج ہے تو وہاں پر بہت زیادہ رش ہوتا ہے۔چارسدہ،نوشہرہ اوراسی طرح پشاور،اسلام آباد،بہت زیادہ گاڑیاں ہوتی ہیں رش ہوتا ہے۔ہروقت accident کا خطرہ ہوتا ہے۔تو میں نے پہلے بھی ایک مطالبہ کیا تھا پھرایک سوال کرتا ہوں کہ آیا اس پر چوک بنانے کی کوئی تجویز ہے کہ رش کو کنٹرول کریں اورلوگ accident سے بچ جائیں۔

جناب سپیکر: جی شیخ آفتاب صاحب۔

شیخ آفتاب احمد: سر اس میں یہ ہے کہ میں honourable ممبر سے location پوچھ لیتا ہوں کہ اگر وہاں چوک بنانے کی ضرورت ہے اوراس سے اگر ٹریفک کنٹرول ہوسکتی ہے تو ہمیں یقیناً بنانا چاہیے۔تو ہمیں honourable ممبر سے یہ معلومات لے کر، پھر میںChairman NHA کو کہتا ہوں کہ وہ physically جا کر دیکھیں اوراس کی feasibility بنائیں۔اگر ضرورت ہے تو انشاء اللہ ضروربن جائے گا۔

جناب سپیکر: جی عثمان خان ترکئی صاحب سپلیمنٹری۔

انجنئیر عثمان خان ترکئی: شکریہ جناب سپیکر۔جناب سپیکر میرا سوال بھی منسٹر صاحب سے اس نوعیت سے ہے کہ جو رشہ کئی انٹرچینج سے N-45 جو جارہی ہے تو اس میں KPHA والے تو ایک سڑک کو link-up کررہے ہیں، بائی پاس بنا رہے ہیں پر یہ کہ اس پر اتنا زیادہ رش ہے مردان انٹرچینج سے لیکر تخت بھائی تک۔ابھی سڑک کی جو اتنی دیر ہوگئی ہے وہ اپنی جگہ،تخت بھائی bridge

یا جو روڈ مگر یہ کہ جب تک اس پر ایک بائی پاس اگر نہ بنایا جائے تو میرا خیال میں اس کی وہ افادیت نہیں رہے گی،نمبر 1۔دوسری بات یہ کہ یہاں تو تیمرگرہ کی طرف روڈ کی بات کی گئی ہے مگر یہ کہ اس میں چکدرہ سے کالام اورکالام سے شندور اورگلگت وہ حصہ بھی ہے جو ہمارے مستقبل میں CPEC کا بھی ایک حصہ ہوسکتا ہے۔میری یہ استدعا ہے کہ اس کیلئے بھی فنڈز کا ایک مسئلہ چلا آرہا ہے کہ حکومت اس کیلئے بھی کوشش کرے کہ وہ بھی ساتھ ساتھ بن جائے۔شکریہ۔

جناب سپیکر: جی شیخ آفتاب صاحب۔

شیخ آفتاب احمد: سر یہ بالکل تجاویز ہیں۔اصل میں راستے میں مردان کے قریب ہمارا ایک پل جو زیر تعمیرہے اس کی وجہ سے بھی ٹریفک کا تھوڑا سا problem آرہا ہے کیونکہ ابتدائی طورپر جب 2013میں ہم نے یہ bridge بنا رہے تھے تو اس وقت اس کے نوspanتھے لیکن بعد میں چیف منسٹر پختونخواہ کے کہنے پر کہ اس کو مزید چوڑا کیا جائے تو اب ہم نے اس کے24 spanکردیئے ہیں اورانشاء اللہ یہ bridge ہم 15اپریل تک کھول دیں گے۔اس bridge کے کھلنے کی وجہ سے بھی ٹریفک کے راستے میں جو زیادہ رکاوٹیں ختم ہوجائیں گی۔باقی جو دوسری تجویز دی گئی ہے اس پر بھی ہم دیکھ لیتے ہیں کہ کیاfeasibility بنتی ہے یا نہیں بنتی۔

جناب سپیکر: جی اگلا سوال ڈاکٹر نکہت شکیل صاحبہ۔

ڈاکٹر نکہت شکیل خان: سوال نمبر 16۔

Mr. Speaker: Answer be taken as read, supplementary.

ڈاکٹر نکہت شکیل خان: شکریہ سر۔سر میرا سوال بھی پٹرولیم کے حوالے سے ہے اوراللہ کرے کے شیخ صاحب صحیح جواب دے سکیں۔ہمارے پاس پٹرولیم مصنوعات پر ٹیکسز بہت زیادہ ہیں اورہم ڈیزل پر 30روپے GST لیتے ہیں جو تقریبا 50فیصد بنتا ہے جبکہ گورنمنٹ کی پالیسی 17فیصد کی ہے اوریہی گورنمنٹ جب اپوزیشن میں بیٹھتی تھی تو کہا جاتا تھا کہ پٹرولیم مصنوعات پر fixed taxکردیا جائے۔تو سر میرا سوال یہی ہے کہ اس حکمت عملی پر کیوں ابھی تک عمل نہیں ہوسکا،حکومت کیوں ناکام ہے اورٹیکسوں کی شرح کم کرنے کیلئے کیا اقدامات کررہی ہے؟

جناب سپیکر: جی شیخ آفتاب احمد۔

شیخ آفتاب احمد: سر اس طرح ہے کہ ملک میں تمام taxation جتنی بھی ہوتی ہے۔اس کا ایک طریقہ کار وضع ہے۔اور وہ فنانس ڈیپارٹمنٹ اور Federal Board of Revenue یہ مل کر اس میں تجاویز دیتے ہیں اور اس کے بعد کیبنٹ سے اس کی approval لی جاتی ہے۔تو یہ matter صرف پیٹرولیم سے relate نہیں کرتا کہ از خود منسٹری ٹیکسز کو کم کردے،بلکہ یہ ٹیکس کم کرنے کےلئے یا بڑھانے کےلئے فنانس اورفیڈرل گورنمنٹ کا جو بورڈ آف ریونیو ہے یہ مل کر کرتے ہیں۔

Mr. Speaker: Dr. Muhammad Azhar Khan Jadoon sahib, supplementary.

ڈاکٹر محمد اظہر خان جدون : شکریہ جناب سپیکر۔میرا سوال ہےکہ آپ کو پتہ ہے کہ ایبٹ آباد میں زلزلے کے بعد بہت سارے لوگ ایبٹ آباد شہر سے شفٹ ہوئے اور نئی آبادیاں بنیں۔اب ان کو جب گیس کی ضرورت ہوتی ہے اور وہ اپلائی کرتے ہیں تو وہ کہتے ہیں کہ جی آپ اپنے ایم این اے کو کہے کہ وہ فنڈ دے۔اب ایم این اے کو کوئی فنڈ ملتا نہیں۔تو یہ تو حکومت کا کام ہے۔تو شیخ صاحب مجھے بتائیں گے کہ ا ن کےلئے کوئی پروگرام ہے۔ان کے ساتھ والے علاقوں میں گیس ہے اور ان کے پاس نہیں ہے تو ان کو گیس کیسے ملے گا جبکہ ہمیں کوئی فنڈ نہیں مل رہا۔تو حکومت کے پاس اس کا کوئی حل ہے۔

جناب سپیکر : جی شیخ آفتاب صاحب۔

شیخ آفتاب احمد: سر جہاں تک بالکل نئی سکیموں کا تعلق ہوتا ہےتو اس کے لئے تو باقاعدہ Sui Northern Gas یا Sui Southern Gas ہو ان کو کہا جاتا ہے کہ وہ وہاں جاکر feasibility report بنائیں اور اس معاملے کو دیکھیں۔لیکن جہاں پر گیس موجود ہے،اور اس سے ملحقہ کوئی آبادی رہ گئی ہے،ان کو گیس نہیں مل سکی اور وہ ایک ongoing scheme تھی تو اسکا اگر kindly مجھے کوئی detail بتا دیں تو میں اس کو check کرکے بتا سکتا ہوں۔

جناب سپیکر : جی سپلیمنٹری ایاز سومرو صاحب۔

جناب محمد ایاز سومرو : شکریہ آنریبل سپیکر۔میری یہ گزارش ہے آنریبل منسٹرصاحب سے کہ مہربانی کرکے،خدارا ہم پر رحم کرکے یہ بتا دیا جائے کہ لاڑکانہ میں گیس اور بجلی کی لوڈشیڈنگ کب ختم ہوگی۔

(اس موقع پر جناب سپیکر نے کرسی صدارت خالی کی اور جناب ڈپٹی سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب ڈپٹی سپیکر: جی شیخ آفتاب صاحب۔

شیخ آفتاب احمد: سر بجلی کی لوڈ شیڈنگ کب ختم ہوگی اس کا جواب تو متعلقہ منسٹر ہی دیں گے۔

(مداخلت)

شیخ آفتاب احمد: میرا جواب تو سن لیں۔جہاں تک بجلی کی لوڈ شیڈنگ کا تعلق ہے۔

(مداخلت)

شیخ آفتاب احمد: اب میں بجلی اور گیس کو mix up تو نہیں کرسکتا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: یہ بچانی صاحب mix up کررہے ہیں۔

شیخ آفتاب احمد: بجلی ایک علیحدہ subject ہے اور گیس علیحدہ subject ہے۔اس کی منسٹری الگ ہے اس کی منسٹری الگ ہے۔اب اس کا بہترین جواب تو عابد شیر علی ہی دیں گے۔تو میں یہ گزارش کرتا ہوں کہ جہاں تک گیس کا تعلق ہے تو kindly آپ اس ایریا کا مجھے بتا دیں کہ کس ایریا میں یہ shortageہے یا پریشر کم ہے جو بھی ہے وہ آپ بتائیں میں سوئی سدرن سے جواب لیکر آپ کو convey کردوں گا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بہت شکریہ اگلا سوال محترمہ ساجدہ بیگم۔

محترمہ ساجدہ بیگم : شکریہ جناب سپیکر سوال نمبر 17۔

Mr. Speaker: Answer be taken as read, supplementary.

محترمہ ساجدہ بیگم : انسانی حقوق پر میرا سوال ہےکہ اس کے لئے جتنی بھی قانون سازی ہوتی ہے تو جو خواتینemployees ہیں آفسز میں،ان میں awareness کےلئے گورنمنٹ کی کیا پالیسی ہے اور دوسرا اس میں جواب آیا ہے 3 نمبر پر محکمہ ترقی خواتین حکومت پنجاب۔تو اس کے بارے میں explain کریں۔

جناب سپیکر : جی کامران مائیکل صاحب۔

وزیر برائے انسانی حقوق(جناب کامران مائیکل): شکریہ جناب سپیکر۔ Awareness Campaign Programmes جو ہیں وہ تقریباً 44 کے قریب پاکستان کے مختلف شہروں میں already کروائے ہیں اس سال۔ اور awareness کے ذریعے سے workshops/seminars کے ذریعے سے میں سمجھتا ہوں کہ ان تک یہ message پہنچتا ہے کہ کونسے قوانین exist کررہے ہیں۔اس میں ریڈیو پاکستان، ٹیلی وژن، اخبارات، یہ سب سے بڑا source ہے جس میں ہم مختلف ads بھی دیتے رہتے ہیں۔اور اس کو اشتہارات کے ذریعے لوگوں تک پہنچاتے ہیں۔اس طرح انہوں نے پنجاب کی بات کی،تمام صوبوں میں Women سے related جو منسٹریز ہیں وہ exist کرتی ہیں وہ ان کے rights پر بات کرتی ہیں اور فیڈرل لیول پر ہم ان کو سپورٹ کرتے ہیں اور on the status of Women National Commissions وفاق اور چاروں صوبوں میں exist کرتے ہیں۔

<u>Mr. Deputy Speaker:</u> Amra Khan Sahiba on supplementary.

محترمہ عامرہ خان : سر میرا آنریبل منسٹر صاحب سے سوال ہےکہ پچھلے سوال کے جواب میں بہت تفصیل سے ذکر کیا گیا ہے کہ بہت large scale پر awareness campaigns چلائی جارہی ہیں۔ایک تو میں یہ پوچھنا چاہتی ہوں کہ awareness campaigns کے impact کو monitor کرنے کےلئے گورنمنٹ کا کیا plan ہے۔اگر kindly شیئر کریں۔اور دوسرا سر یہاں پر دو ڈیپارٹمنٹس کا ذکر کیا گیا ہے ایک National Commission for Child welfare and development اور دوسرا National Child Protection centre تو یہ دونوں

اگر کام کررہے ہیں تو ان کے فرق کو اگر تھوڑا سا بیان کردیں کہ دونوں محکموں کے کاموں کی نوعیت میں کیا فرق ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی کامران مائیکل صاحب۔

جناب کامران مائیکل : شکریہ جناب سپیکر۔کمیشن آج تک exist نہیں کرتا تھا۔اور پچھلے اجلاس میں ہم نے ہاؤس کی approval سے یہاں پر اجازت لی تھی کہ نیا کمیشن قائم کیا جاسکے۔کمیشن تمام ترrights کو ان کی protection کو جو Child سے related ہے جیسے labor law بھی ہے اور دوسری چیزیں بھی ہیں، وہ سب کو address کرے گا ان کی تمام grievances کو address کرے گا۔لہذا کمیشن کا قائم ہونا کسی ایک چیز کے ساتھ نہیں ہے۔کمیشن تمام تر معاملات کو address کرے گا۔تو کمیشن کے قیام کےلئے یہاں سے اجازت ہوگئی ہے اسے اب further جو کمیٹی ہے اس میں ڈسکس کیا جارہا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ جیسے ہی کمیٹی سے approval آئے گی باضابطہ۔پھر اسے ایک قانون کی شکل دے دی جائے گی۔

جناب سپیکر : جی قیصر جمال صاحب۔

جناب قیصر جمال : شکریہ جناب سپیکر اس میں پوچھا گیا ہےکہ اس وقت ملک میں کونسے ادارے انسانی حقوق کے تحفظ کےلئے کام کررہے ہیں۔تو اس میں تمام صوبوں کے نام دیے گئے ہیں۔ فاٹا وفاق کے ماتحت ہے تو یہ بتایا جائے کہ فاٹا میں انسانی حقوق کےلئے کونسا ادارہ ہے اور یہاں پر اس کا ذکر کیوں نہیں کیا گیا۔وہاں کوئی ادارہ کام کررہا ہے یا نہیں۔

جناب سپیکر : جی کامران مائیکل صاحب۔

جناب کامران مائیکل : جناب سپیکر federal level پر اور اس طرح فاٹا اور خیبر پختونخواہ کے حوالے سے بھی، وہ ان کے تمام معاملات کو دیکھ رہا ہے۔ وہاں پر human rights commission کام کررہا ہے۔federal level پر ہم نے National Commission for Human Rights کا قیام عمل پذیر ہوچکا ہے اور وہ نہ صرف کسی ایک صوبے کو بلکہ پورے

پاکستان کو، جس میں فاٹا، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر شامل ہیں، وہ ان کے grievances کو address کرتا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی بہت شکریہ۔ next question Waseem Akhtar Shaikh sahib, not present. Dr. Mahreen Razaque Bhutto sahiba. Next question Sahibzada Muhammad Yaqub sahib, not present. Next question Shahida Akhtar Ali sahiba.

محترمہ شاہدہ اختر علی : سر میں اگلے سوال کے بعد اپنا سوال کرلوں گی،کیونکہ میں ابھی آئی ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے اس سوال کے بعد آپ کا سوال لیں گے۔جی یہ page 1 پر شمس النساء صاحبہ کا سوال ہے،اس وقت زاہد حامد صاحب موجود نہیں تھے تو اب آگئے ہیں۔جی شمس النساء صاحبہ۔

محترمہ شمس النساء : شکریہ جناب سپیکر سوال نمبر 68۔

Mr. Speaker: Answer be taken as read, supplementary.

محترمہ شمس النساء : میرا سوال ہے کہ اگر مذکورہ ادارے جواب نہ دیں،تو کیا یہ معلومات حاصل کرنے کا کوئی اور طریقہ بھی ہے یا نہیں۔اور پہلے تو یہ قومی مسئلہ تھا اب تو یہ privilege کا بھی ایشو بن گیا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی جناب زاہد حامد صاحب۔

وزیر برائے قانون(جناب زاہد حامد): یہ جواب لکھا ہے کہ Nil Report ہے اس لئے کوئی نام نہیں ہے۔کیونکہ کسی کورٹ نے یہ رپورٹ نہیں دی کہ کوئی جج dual nationality hold کرتا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اس پر کوئی سپلیمنٹری سوال نہیں ہے۔جی اگلا سوال ڈاکٹر شازیہ صوبیہ صاحبہ۔ جی شمس النساء صاحبہ آپ کیا کہنا چاہ رہی ہیں؟

محترمہ شمس النساء : جی میں یہ کہہ رہی ہیں کہ دو تین جگہ سے آیا ہے لیکن سپریم کورٹ آف پاکستان ' لاہور ہائی کورٹ اور سندھ ہائی کورٹ کی ابھی تک معلومات نہیں ملی ہیں۔یہ چار سیشن سے میرا سوال ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی زاہد حامد صاحب۔

جناب زاہد حامد: جی یہ بالکل صحیح کہہ رہی ہوں بہت لیٹر بھی لکھے ہیں reminders بھی دیے ہیں فون بھی کیے ہیں لیکن باقی کورٹس سے جواب نہیں آیا ہے۔جن کورٹس کا جواب آیا ہے وہ میں نے پیش کر دیا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نعیمہ کشور صاحبہ آن سپلیمنٹری۔

محترمہ نعیمہ کشور خان: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔یہ سوال چار سیشن سے ڈیفر ہو رہا ہے اور اسی بنیاد پر ہو رہا ہے کہ لاہور اور سندھ سے جواب آ جائے۔اب اگر یہ کہیں کہ اس سے جواب نہیں آیا ہے اور اس میں کوئی dual nationality نہیں ہے تو میرے خیال میں یہ غلط ہے۔ان سے جواب لیا جائے کیوں نہیں وہ جواب دے رہے ہیں۔اور یہ specific question انہیں کے حوالے سے ہے اور جو dual nationality ہیں ادھر سے ایشو آ رہا ہے اس لیے جواب بھی نہیں آ رہا ہے۔ادھر سے جواب لے کر دیا جائے اس وجہ سے یہ سوال ڈیفر ہو رہا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اس کا جواب منسٹر صاحب دے چکے ہیں۔جی زاہد حامد صاحب۔وہ کہہ رہی ہیں کہ ان سے جواب لیا جائے۔

جناب زاہد حامد: یہ تو آپ نے righty point out کیا ہے کہ dual nationality ہو گیا ہے یہ اگلا سوال ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ابھی اگلا نہیں ہے یہ پچھلے سوال پر سپلیمنٹری سوال لیا ہے۔

جناب زاہد حامد : نہیں سر یہ تو نیا question آپ نے announce کیا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں۔دوبارہ شمس النساء صاحبہ نے پوچھا تھا۔

جناب زاہد حامد: اس کا تو یہی ہے کہ بار بار میں نے آپ کو بتایا ہے خط بھی لکھے ہیں reminders بھی دیے ہیں فون بھی کیے ہیں رجسٹرار صاحب سے بھی بات ہوئی ہے ا بھی تک جواب نہیں آیا ہے۔کیوں نہیں آیا۔اس پر میں اب کیا کہہ سکتا ہوں۔بہرحال reminders دیے ہیں اس لیے یہ پہلے بھی ڈیفر ہوتے رہے ہیں۔میری گزارش یہ ہے کہ کوئی coercive measures ہم استعمال نہیں کر سکتے Request ہی کی ہے اور آج تو میں نے سیکرٹری صاحب کو کہا ہے کہ personally بھی رجسٹرار صاحب سے بات کریں کہ یہ بہت ضروری ہے اور بار بار ڈیفر ہو رہا ہے اور یہ جواب ضرور دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی شمس النساء صاحبہ آپ تیسری دفعہ سوا ل کر رہی ہیں۔

محترمہ شمس النساء : اگر مذکورہ ادارے جواب نہ دیں تو کیا معلومات حاصل کرنے کا کوئی اور طریقہ ہے آپ مجھے یہ بتا دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: زاہد حامد صاحب وہ کہہ رہی ہیں کہ اگر مذکورہ ادارے معلومات فراہم نہ کریں تو کوئی طریقہ ہے معلومات لینےکا۔ اگر وہ آپ کو جواب نہیں بھیج رہے تو کوئی او ر طریقہ ہے۔؟

جناب زاہد حامد : نہیں سر کوئی طریقہ نہیں ہے request ہی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی ڈاکٹر شازیہ ثوبیہ صاحبہ۔

ڈاکٹر شازیہ ثوبیہ : سوال نمبر43۔

Mr. Speaker: Answer be taken as read, supplementary.

ڈاکٹر شازیہ ثوبیہ: اس میں بتایا گیا ہے کہ جتنے بھی قتل کے مقدمات ہیں اغوا کے اور دہشت گردی کے لیکن جو انہوں نے دہشت گردی کے مقدمات بتائے ہیں وہ زیرو ہیں۔کیا ہمارے ملک میں دہشت گردی بالکل ختم ہو گئی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی جناب زاہد حامد صاحب۔

جناب زاہد حامد: جی ایسی کوئی بات نہیں ہے اگر سوال کا جواب دیکھیں تو جو پوچھا تھا کہ Total number of cases of murders, kidnapping and terrorism disposed of by the High Court, separately جو اسلام آباد ہائی کورٹ کا جواب یہ پڑھ رہی ہیں تو اس ہائی کورٹ نے جواب دیا ہے کہ ہم نے kidnapping اور terrorism کیسز ہم نے نہیں کوئی dispose of کیے۔سر مطلب یہ ہرگز نہیں ہے کہ کیس ہی ختم ہو گئے ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔اگلا سوال محترمہ شاہدہ اختر علی۔

محترمہ شاہدہ اختر علی : سوال نمبر 21۔

Mr. Speaker: Answer be taken as read, supplementary.

محترمہ شاہدہ اختر علی: کمیونیکیشن سے میرا سوال related تھا کہ پاکستان میں کتنی آسامیاں ہیں اور اس کا طریقہ کار کیا ہے اور کب تک اس کو پر کیا جائے گا۔تو یہاں پر مجھے جواب دیا گیا ہے کہ through open tendering وہ NTS Pakistan Services ہیں اس کے حوالے کیا گیا ہے۔یہ کبھی NTS کبھی PTS کبھیBTS کے تھرو کر دیے جاتے ہیں لیکن 1 سے 15 تک جو ملازمین ہوتے ہیں محکمہ خود اس کا طریقہ کار وضع کرتا ہے۔تو اس discrepancy کو کب تک ختم کیا جائے گا اور یہ آسامیاں کب تک fill کی جائیں گی اور ایک طریقہ کار ہے تو سب کے لیے ایک ہی میرٹ کیوں نہیں ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شیخ آفتاب احمد صاحب۔

شیخ آفتاب احمد: سر اس طرح ہے کہ پوسٹ آفس جو ہے اس کی ٹوٹل جو vacancies ہیں وہ 31337 ہیں اور اس وقت جو vacancies خالی ہیں وہ 3434 ہیں۔اب اس میں طریقہ کار جو ہوتا ہے وہ 1 سے لے کر 5 تک جو کلاس فور ملازمین ہوتے ہیں ڈرائیورز وغیرہ ہوتے ہیں ان پر کوئی NTS نہیں ہوتا ہے اور ان پر کسی قسم کا ٹیسٹ نہیں ہوتا ہے اور وہ محکمہ خود ہی بھرتی کرتا ہے کیونکہ اس میں زیادہ criteria یہی ہوتا ہے کہ جس شہر سے اس کا تعلق ہو اسی شہر سے اسی کو

بھرتی کر لیا جاتا ہے۔اگر کسی پوسٹ آفس لاہور میں آسامی خالی ہے تو لاہور کا بچہ وہاں ملازم ہو جائے گا۔اگر پشاور کی خالی ہے تو پشاور کا ہو جائے گا۔لیکن گریڈ 15 تک منسٹری خود ہی کرتی ہے لیکن این ٹی ایس ٹسٹ لینے کے بعد کرتی ہے لیکن میرٹ کو ہر قیمت پر observe کیا جاتا ہے۔تو اس ضمن میں ایک سمری move کی گئی ہے گورنمنٹ کو کہ یہ جو سیٹیں خالی ہیں انہیںfill کرنے کی اجازت دی جائے اور جونہی اجازت ہمیں مل جائے گی تو اس کے بعد کلاس فور کی vacancies وہاں علاقائی طور پر ہوں گی اور باقی این ٹی ایس کے ذریعے ہو جائیں گی۔

Mr. Deputy Speaker: Question Hour is over. Leave applications.

LEAVE OF ABSENCE

Mr. Deputy Speaker: Mr. Ali Muhammad Khan has requested for the grant of leave for 3rd February, 2017, due to personal reasons. Is leave granted?
(The leave was granted).

Mr. Deputy Speaker: Ms Kishwar Zehra has requested for the grant of leave for 7th February 2017. Is leave granted?
(The leave was granted).

Mr. Deputy Speaker: Mr. Abdul Rahim Khan Mandokhail has requested for the grant of leave from 18th to 30th November and 14th to 20 December 2016 and 26th January to 7th February, 2017 due to illness. Is leave granted?
(The leave was granted).

Mr. Deputy Speaker: Ms Asia Naz Tanoli has requested for the grant of leave for 7th February, 2017 due to illness. Is leave granted?
(The leave was granted).

Mr. Deputy Speaker: Ch. Bilal Ahmed Virk has requested for the grant of leave from 27th to 31st January, and 3rd to 7th February 2017 due to personal reasons. Is leave granted?
(The leave was granted).

Mr. Deputy Speaker: Mr. Muhammad Khan Daha has requested for the grant of leave from 1st to 3rd February, 2017 due to personal reasons. Is leave granted?
(The leave was granted).

Mr. Deputy Speaker: Dr.Ramesh Kumar Vankwani has requested for the grant of leave for 3rd and 6th February 2017, due to personal reasons. Is leave granted?
(The leave was granted).

Mr. Deputy Speaker: Ms. Seema Mohiuddin Jameli has requested for the grant of leave for the whole current Session due to visit abroad. Is leave granted?
(The leave was granted).

Mr. Deputy Speaker: Makhdoom Saeed-uz Zaman has requested for the grant of leave from 6th to 10th March, 2017 due to personal reasons. Is leave granted?
(The leave was granted).

Mr. Deputy Speaker: Mr. Imran Khan has requested for the grant of leave from 26th January to 7th February, 2017. Is leave granted?
(The leave was granted).

Mr. Deputy Speaker: Item No.3. Calling Attention Notice. Ms. Khalida Mansoor to move Item No.3.

CALLING ATTENTION NOTICE REG: NON-INCREASE IN THE PENSION OF RETIRED EMPLOYEES BY THE EOBI

Ms. Khalida Mansoor: Sir, I invite attention of the Minister for Overseas Pakistanis and Human Resources Development to a matter of urgent public importance regarding non-increase in the pension, in proportion to price hike of retired employees by the Employees Old-Age Benefits Institution, causing grave concern amongst the public.

جناب ڈپٹی سپیکر: سردار شفقت بلوچ to make a brief statement

سردار محمد شفقت حیات خان: جناب سپیکر وفاقی حکومت نےاپریل 2015 میں پنشن میں اضافہ کیا ہے اور جو پہلے 3600 تھی minimum pension اس کو بڑھا کر 5250 روپے کر دیا ہے۔اس کی evaluation جو ہوتی ہے اس کا طریقہ کار یہ ہے کہ minimum جو wage ہے اس کے ساتھ multiply کر کے اس کی evaluation کی جاتی ہے۔اٹھارھویں ترمیم کے تحت یہ matter Labour Laws صوبوں کے پاس چلا گیا ہے اور اس وقت معاملہ subjudice ہے کیونکہ دو صوبے خیبرپختونخواہ اور بلوچستان نہیں چاہتے کہ یہ فیڈرل سے نکلے جبکہ صوبہ پنجاب اور صوبہ سندھ یہ چاہتے ہیں کہ یہ صوبوں کو دے دیا جائے۔حالیہ دنوں میں عدالت عظمیٰ نے ایک اپنے حالیہ فیصلے میں تمام فنانس بل میں جو ترامیم ہوئی تھیں ان سب کو کالعدم قرار دے دیا ہے۔لہذا جب تک ہم اس میں ترامیم نہیں کریں گے جب تک کوئی تبدیلی نہیں کریں گے تو تب تک اس میں اضافہ نہیں کیا جا سکتا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: خالدہ منصور صاحبہ سوال پوچھیں۔

محترمہ خالدہ منصور : شکریہ۔جناب والا ! پارلیمانی سیکرٹری صاحب نے بڑی تفصیل سے جواب دیا ہے لیکن میں پوچھنا چاہتی ہوں کہ ان ملازمین کا کیا قصور ہے کہ اگر ترمیم لانے کی ضرورت ہے یا قوانین کو تبدیل کرنے کی ضرورت ہے، یہ وہ ریٹائرڈ لوگ ہیں کہ ان کو اتنے کم پیسے ملتے ہیں کہ ان کا زندگی میں گزارہ بہت مشکل ہے جب کہ باقی جو لوگ پنشن لے رہے ہیں تو ان لوگوں سے

بہت زیادہ ہے۔اگر حکومت نے کوئی ترمیم لا کر اس کو تبدیل کرنا ہے تو میں ان سے پوچھنا چاہتی ہوں کہ حکومت کا ارادہ کب تک ہے کہ ان ریٹائرڈ لوگوں کو سہولت دینے کے لیے ان کی آمدنی کو اس قابل بنانے کے لیے کہ وہ اپنی زندگی کسی اچھے طریقے سے گزار سکیں،تو کب تک یہ ترمیم لے کر آئیں گے۔

جناب سپیکر : سردار شفقت بلوچ صاحب۔

سردار محمد شفقت حیات خان: ترمیم معزز پارلیمنٹ نے لانی ہے اور ہمارے ہاتھ عدالت عظمیٰ کے فیصلے کی وجہ سے بندھے ہوئے ہیں۔جب تک عدالت کی طرف سے یا پارلیمنٹ نئی ترمیم نہیں لے آتی ہے اور اٹھارویں ترمیم کے بعد اس کی جو situation اورہیت تبدیل ہوئی ہے تو اس کو درست نہیں کر لیتی تو تب تک اس میں کسی قسم کا اضافہ اور کمی ممکن نہیں ہے۔ آنریبل پرائم منسٹر نے 853 ملین کی امداد دے کر ای او بی آئی کو جو اس وقت finance کی تھی 3600 سے 5250 فیڈرل گورنمنٹ نے ادارے کو امداد دی تھی۔اگر یہی صورتحال رہتی ہے اور مزید ترامیم نہیں ہوتیں تو 2021 تک اس میں کمی واقع شروع ہو جائے گی اور 2027 میں فنڈ بالکل ہی ختم ہو جائے گا۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: محترمہ نگہت پروین میرصاحبہto ask one question

محترمہ نگہت پروین میر: جناب والا ! پارلیمانی سیکرٹری صاحب نے بڑی وضاحت سے ترامیم اور صوبوں کے حوالے سے بات کی ہے۔آخر میں انہوں نے یہ کہا کہ ممکن ہے کہ اس میں اگر اضافہ نہیں ہوا تو ا س میں کمی ہوتی جائے گی اور یہ بالکل ہی ختم ہو جائے گی۔میں سمجھتی ہوں کہ یہ بڑھانے کی بجائے ختم کی طرف جا رہی ہے تو یہ ہماری طرف سے recommendation دی جا سکتی ہے کہ ان لوگوں کاخیال کیا جائے آخر ان لوگوں نے بھی زندگی گزارنی ہے اور ان کی بھی ضروریات ہیں۔تو recommendation دی جا سکتی ہے کہ ان کی پنشن کو بڑھانے کے لیے جو ترامیم کرنی ہیں تو وہ timely کر لیا جائے اور اس کو ختم ناکیا جائے۔

جناب سپیکر : سردار شفقت بلوچ صاحب۔

سردار محمد شفقت حیات خان: جناب والا ! اس کا ایک حل یہ بھی ہے کہ پرائیوٹ ممبر ڈے پر آنریبل ممبرز کوئی بل لے آئیں اور پھر اس کو Standing Committee کے حوالے کیا جائے اور پھر اس ایکٹ میں ترمیم کر دی جائے تو پھر یہ ہو سکتا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی محترمہ شہناز سلیم صاحبہ to ask one question, not present منسٹر صاحب کی طرف سے درخواست آئی ہے کہ last Calling Attention بھی لے لیا جائے۔سید نوید قمر صاحب،شازیہ مری صاحبہ،جناب عمران ظفر لغاری صاحب،نواب محمد یوسف تالپور صاحب، میر اعجاز حسین جکھرانی صاحب، میر صاحب یہ Calling Attention Notice, Item No. 26 ہے۔

میر اعجاز حسین جکھرانی : سر یہ مغرب کے بعد لے لیں،نوید قمر صاحب بھی آجائیں گے۔

جناب ڈپٹی سپیکر : شیخ صاحب سے کر لیں انہوں نے request کی ہے کہ میں جا رہا ہوں۔ شیخ آفتاب صاحب۔ ٹھیک ہے شیخ صاحب کی بات سن لیں۔

وزیر برائے پارلیمانی امور(شیخ آفتاب احمد): اصل میں میں نے سینیٹ میں جانا ہے تو اس لیے میں نے request کی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر : پھر یہ آخر میں کر لیں۔ٹھیک ہے آخر میں کر لیں گے جب آپ فارغ ہو کر آئیں گے۔ Item No. 4, Mr. Muhammad Muzammil Qureshi, Chairman Standing Committee on Communication to move Item No. 4, not present جی ,Item No. 6, Malik Ibrar Ahmad, Chairman Standing Committee on Kashmir Affairs to move Item No. 6

<u>PERIODICAL REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON KASHMIR AFFAIRS AND GILGIT BALTISTAN FOR THE PERIOD JULY-DECEMBER, 2015</u>

ملک ابرار حمد : میں چیئرمین قائمہ کمیٹی امور کشمیر و گلگت بلتستان قومی سمبلی میں کاروائی اور طریقہ کار کے قواعد،۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق جولائی۔ دسمبر،۲۰۱۵ ءکی مدت کے لئے کمیٹی کی معیادی رپورٹ پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

Mr. Deputy Speaker: The Periodical Report of the Committee for the period July – December, 2015 as required by rules 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007 stands presented.

جناب سپیکر: کمال بنگلزئی صاحب آپ اس کمیٹی کے ممبر ہیں۔آپ نے آئٹم نمبر 5 موو کرنا ہے،اچھا آپ نہیں ہیں،میں سمجھا کہ آپ نے آئٹم نمبر 5 پر کیا ہے، اس کے بعد دیتا ہوں۔

ANNOUNCEMENT REG: PRESENCE OF THE COMMUNITY MEMBERS FROM PAKISTAN POVERTY ALLEVIATION FUNDS IN THE VISITORS GALLERY

May I have attention of the honourable members. It is for the information of the House that Community Members from Pakistan Poverty Alleviation Funds, Islamabad are sitting in visitors' gallery. We welcome them. Item No. 7, Mr. Khalid Hussain Magsi to move Item No. 7

PERIODICAL REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON NATIONAL HEALTH SERVICES, REGULATION AND COORDINATION FOR THE PERIOD JULY-DECEMBER, 2015

Mr. Khalid Hussain Magsi: I present the Periodical Report of the Committee for the Period July – December, 2015 as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

Mr. Deputy Speaker: The Periodical Report of the Committee for the Period July – December, 2015 as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007 stands presented.

Item No. 8, Mr. Abdul Qahar Khan Wadan to move Item No. 8.

PERIODICAL REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON INTER-PROVINCIAL COORDINATION FOR THE PERIOD JANUARY-JUNE, 2016

جناب عبدالقہار خان ودان : میں چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے بین الصوبائی رابطہ قومی اسمبلی میں کاروائی اور طریقہ کار کے قواعد،۲۰۰۷ءکے قاعدہ ۲۳۴۔ الف کی مقتضیات کے مطابق جنوری۔جون ۲۰۱۶ء کی مدت کے لیے کمیٹی کی معیادی رپورٹ پیش کرتا ہوں۔

Mr. Deputy Speaker: The Periodical Report of the Committee for the Period July – December, 2015 as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007 stands presented.

Mr. Deputy Speaker: Item No. 9, Mr. Abdul Qahar Khan Wadan to move Item No. 9

PERIODICAL REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON INTER PROVINCIAL COORDINATION FOR THE PERIOD JULY-DECEMBER, 2016

جناب عبدالقہار خان ودان : میں چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے بین الصوبائی رابطہ قومی اسمبلی میں کاروائی اور طریقہ کار کے قواعد،۲۰۰۷ءکے قاعدہ ۲۳۴۔ الف کی مقتضیات کے مطابق جولائی۔دسمبر ۲۰۱۶ء کی مدت کے لیے کمیٹی کی معیادی رپورٹ پیش کرتا ہوں۔

Mr. Deputy Speaker: The Periodical Report of the Committee for the Period July – December, 2015 as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007 stands presented.

Mr. Deputy Speaker: Item No. 10, Pir Muhammad Aslam Bodla to move Item No., not present... آپ موو کریں گی؟ نعیمہ کشور صاحبہ آپ کمیٹی کی ممبر ہے؟ جی موو کریں آئٹم نمبر ۱۰

PERIODICAL REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON INFORMATION BROADCASTING AND NATIONAL HERITAGE FOR THE PERIOD JULY-DECEMBER, 2015

Ms. Naeema Kishwer Khan: On behalf of Chairman, Standing Committee on Information, Broadcasting and National Heritage to present the Periodical Report of the Committee for the period of July-December, 2015, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

Mr. Deputy Speaker: The Periodical Report of the Committee for the period of July-December, 2015 as required by rules 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007 stands presented.

Mr. Deputy Speaker: Item No. 11, Ms. Naeema Kishwer Sahiba to move…

PERIODICAL REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON INFORMATION BROADCASTING AND NATIONAL HERITAGE FOR THE PERIOD JANUARY-JUNE, 2016

Ms. Naeema Kishwer Khan: On behalf of Chairman, Standing Committee on Information, Broadcasting and National Heritage to present the Periodical Report of the Committee for the period of January-June, 2016, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

Mr. Deputy Speaker: The Periodical Report of the Committee for the period of January-June, 2016, as required by

rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, stands presented.

Mr. Deputy Speaker: Item No. 12. Naeema Kishwar Sahiba on behalf of the Chairman Standing Committee to move Item No. 12.

PERIODICAL REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON INFORMATION BROADCASTING AND NATIONAL HERITAGE FOR THE PERIOD JULY-DECEMBER, 2016

Ms. Naeema Kishwer Khan: On behalf of the Chairman, Standing Committee on Information, Broadcasting and National Heritage to present the Periodical Report of the Committee for the period July – December, 2016, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

Mr. Deputy Speaker: The Periodical Report of the Committee for the period July – December, 2016, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007 stands presented.

Mr. Deputy Speaker: Item No. 13. Ch. Bilal Ahmed Virk, Chairman, Standing Committee on Petroleum and Natural Resources to move Item No. 13.

PERIODICAL REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON PETROLEUM AND NATURAL RESOURCES FOR THE PERIOD JULY-DECEMBER, 2015

Ch. Bilal Ahmed Virk: Sir! I beg to present the Periodical Report of the Committee for the period July – December, 2015, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

Mr. Deputy Speaker: The Periodical Report of the Committee for the period July – December, 2015, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, stands presented.

Mr. Deputy Speaker: Item No. 14. Ch. Bilal Ahmed Virk, Chairman, Standing Committee on Petroleum and Natural Resources to move Item No. 14.

PERIODICAL REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON PETROLEUM AND NATURAL RESOURCES FOR THE PERIOD JANUARY-JUNE, 2016

Ch. Bilal Ahmed Virk: Sir! I beg to present the Periodical Report of the Committee for the period January – June, 2016, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

Mr. Deputy Speaker: The Periodical Report of the Committee for the period January– June, 2016, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, stands presented.

Mr. Deputy Speaker: Item No. 15. Ch. Bilal Ahmed Virk, Chairman, Standing Committee on Petroleum and Natural Resources to move ITEM No. 15.

PERIODICAL REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON PETROLEUM AND NATURAL RESOURCES FOR THE PERIOD JULY-DECEMBER, 2016

Ch. Bilal Ahmed Virk: Sir I beg to present the Periodical Report of the Committee for the period July – December, 2016 as

required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

Mr. Deputy Speaker: The Periodical Report of the Committee for the period July – December, 2016 as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007 stands presented.

جناب ڈپٹی سپیکر: Item No. 16. سید نوید قمر صاحب۔کوئی کمیٹی کا ہے ممبر جو موو کردیں۔اعجاز جکھرانی صاحب کمیٹی کا ممبر ہے کوئی؟رمیش لال صاحب آپ موو کریں۔آپ سٹیڈنگ کمیٹی ریلوے کے ممبر ہیں ناں۔جی آپ موو کریں آئٹم نمبر16۔

PERIODICAL REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON RAILWAYS FOR THE PERIOD JULY-DECEMBER, 2016

جناب رمیش لال: چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے ریلوے قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریقہ کار کے قواعد2007 کے قاعدہ 234-A کی مقتضیات کے مطابق جولائی۔دسمبر 2016 کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں۔

Mr. Deputy Speaker: The Periodical Report of the Committee for the period July – December, 2016 as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007 stands presented.

جناب ڈپٹی سپیکر: نسیمہ پانیزئی صاحبہ آپ آئٹم نمبر 4مووکریں۔آپ کمیٹی کی ممبر ہیں جی موو کریں۔

محترمہ نسیمہ حفیظ پانیزئی:جناب محمد مزمل قریشی چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے مواصلات کے behalf پر تحریک پیش کرتی ہوں کہ ڈاکخانہ جات ایکٹ،۱۸۹۸ میں مزید ترمیم کرنے کے بل ڈاکخانہ جات ترمیمی بل 2016 پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔

MOTION FOR CONDONATION OF DELAY IN THE PRESENTATION OF THE REPORT

Mr. Deputy Speaker: Now, I put the motion to the House. It has been moved that the delay in the presentation of the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Post Office Act, 1898 [The Post Office (Amendment) Bill, 2016], till today be condoned. (Consequently the motion was adopted.)

جناب ڈپٹی سپیکر: محترمہ نسیمہ پانیزئی صاحبہ ائٹم نمبر 5پیش کریں۔

محترمہ نسیمہ حفیظ پانیزئی:جناب محمد مزمل قریشی چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے مواصلات کے behalf پر تحریک پیش کرتی ہوں کہ ڈاکخانہ جات ایکٹ،1898میں مزید ترمیم کرنے کے بل ڈاکخانہ جات ترمیمی بل 2016 پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرتی ہوں۔

Mr. Deputy Speaker: The report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Post Office Act, 1898 [The Post Office (Amendment) Bill, 2016] stands presented.

Mr. Deputy Speaker: Item No. 17. Khalida Mansoor Sahiba on behalf of the Chairman Standing Committee to move Item No. 17.

PERIODICAL REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON NATIONAL FOOD SECURITY AND RESEARCH FOR THE PERIOD JANUARY-JUNE, 2016

Ms. Khalida Mansoor: Thank you Mr. Speaker! On behalf of the Chairman, Standing Committee on National Food Security and Research, I present the Periodical Report of the Committee for the period January – June, 2016 as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007. Thank you.

Mr. Deputy Speaker: The Periodical Report of the Committee for the period January– June, 2016 as required by rule

234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, stands presented.

Mr. Deputy Speaker: Item No. 18. Khalida Mansoor Sahiba on behalf of the Chairman Standing Committee to move Item No. 18.

PERIODICAL REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON NATIONAL FOOD SECURITY AND RESEARCH FOR THE PERIOD JULY-DECEMBER, 2016

Ms. Khalida Mansoor: Thank you Mr. Speaker! On behalf of the Chairman, Standing Committee on National Food Security and Research, I present the Periodical Report of the Committee for the period July – December, 2016 as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007. Thank you.

Mr. Deputy Speaker: The Periodical Report of the Committee for the period July– December, 2016 as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007 stands presented.

Mr. Deputy Speaker: Item No. 19. Malik Abrar Ahmad on behalf of the Chairman Standing Committee to move Item No. 19.

PERIODICAL REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON HOUSE AND LIBRARY FOR THE PERIOD JULY-DECEMBER, 2016

ملک ابراراحمد: چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے ایوان وکتب خانہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریقہ کار کے قواعد2007 کے قاعدہ 234-A کی مقتضیات کے مطابق جولائی۔دسمبر 2016 کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں۔

Mr. Deputy Speaker: The Periodical Report of the Committee for the period July– December, 2016 as required by

rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007 stands presented.

Mr. Deputy Speaker: Item No. 20. Haji Muhammad Akram Ansari, Chairman, Standing Committee on Housing and Works to move Item No. 20.

PERIODICAL REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON HOUSING AND WORKS FOR THE PERIOD JULY-DECEMBER, 2016

Haji Muhammad Akram Ansari: Thank you Mr. Speaker! Sir I present the Periodical Report of the Committee for the period July – December, 2016 as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

Mr. Deputy Speaker: The Periodical Report of the Committee for the period July – December, 2016 as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007 stands presented.

Item No. 21. Dr. Ibadullah Sahib to move Item No. 21 on behalf of the Chairman Standing Committee.

جناب ڈپٹی سپیکر: جی ہم لیڈر آف دی اپوزیشن سیدخورشیداحمد شاہ کو صحت یابی کے بعد سب ویلکم کرتے ہیں۔جی ڈاکٹر عباداللہ صاحب۔

PERIODICAL REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON INTERIOR AND NARCOTICS CONTROL FOR THE PERIOD JULY-DECEMBER, 2016

Dr. Ibadullah: Thank you Mr. Speaker! On behalf of the Chairman, Standing Committee on Interior and Narcotics Control, I present the Periodical Report of the Committee for the period July – December, 2016 as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

Mr. Deputy Speaker: The Periodical Report of the Committee for the period July– December, 2016 as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007 stands presented.

Mr. Deputy Speaker: Item No. 22.

Mr. Deputy Speaker: Item No. 22. Ch. Tariq Bashir Cheema, Chairman Standing Committee on Science and Technology to move Item No. 22. Ch. Muhammad Asharaf sahib on behalf of Chairman Standing Committee to move Item No. 22.

PERIODICAL REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON SCIENCE AND TECHNOLOGY FOR THE PERIOD JULY-DECEMBER, 2016

Chaudhary Muhammad Ashraf: On behalf of the Chairman, I beg to submit that the Periodical Report of the Committee for the period July-December, 2016 as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

Mr. Deputy Speaker: The Periodical Report of the Committee for the period July -December, 2016 as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007 stands presented.

Mr. Deputy Speaker: Item No. 23. Khawaja Ghulam Rasool Koreja to move Item No. 23.

PERIODICAL REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON TEXTILE INDUSTRY FOR THE PERIOD JULY-DECEMBER, 2016

خواجہ غلام رسول کوریجہ: شکریہ جناب سپیکر۔میں چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے ٹیکسٹائل انڈسٹری قومی اسمبلی میں کارروائی اورطریقہ کار کے قواعد2007ءکے قاعدہ 234-A کی مقتضیات کے مطابق جولائی دسمبر 2016ء کی مدت کیلئے کمیٹی کی معیادی رپورٹ پیش کرتا ہوں۔

Mr. Deputy Speaker: The Periodical Report of the Committee for the period July-December, 2016, as required by

rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007 stands presented.

جناب ڈپٹی سپیکر: جی آئٹم نمبر 24سید خورشید شاہ صاحب۔اپوزیشن لیڈر سید خورشید شاہ صاحب یہ آئٹم نمبر24پر آپ debate open کریں گے۔اگر آپ آج تھوڑی سی کرلیں۔

قائد حزب اختلاف(سید خورشید احمد شاہ): میرے خیال میں میں کل اس پر دو منٹ کیلئے ضروربولوں گا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: کل؟

سید خورشید احمد شاہ: پرسوں۔کل تو Tuesday ہے پرائیویٹ ممبر ز ڈے ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی کل پرائیویٹ ممبرز ڈے ہے۔پرسوں کرلیں۔

سید خورشید احمد شاہ: میں دومنٹ ضرور بولوں گا۔پھر گورنمنٹ کی طرف سے جو بھی خواجہ صاحب جواب دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: wind-up کردیں۔

سید خورشید احمد شاہ: دو منٹ وہ بھی دے دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے۔آئٹم نمبر 25جی عبدالقہار ودان صاحب۔

MATTERS RAISED UNDER RULE 18

جناب عبدالقہار خان ودان: مہربانی جناب ڈپٹی سپیکر صاحب۔آج ہم نے ایک تحریک التواء بھی سپیکر صاحب کے چیمبر میں جمع کرائی ہے جو کہ حالیہ دنوں میں جو ملک میں دہشتگردی اورانتہا پسندی اورنہتے عوام اورغریب لوگوں کی بے رحمانہ شہادتیں۔اوراس کے ساتھ محکوم اوربے گناہ پشتونوں کو سارے ملک میں آئین پاکستان اوراس کی انسانی حقوق جوArticle 8سے لے کر 28 تک ہیں ہمارا پاکستان کا آئین جو کہ ایک انسان کو رہنے کا اورجینے کا حق دیتا ہے ان سب کوپامال کیا گیاہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر! اس وقت آپ سوشل میڈیا میں،آپ اخبارات میں،آپ TV میں، talk shows میں دیکھ رہےہیں کہ بالکل پشتون اتنے غصے میں ہیں کہ سراپا احتجاج ہیں۔پنجاب میں اورپنجاب کے ہر ضلع میں،سندھ میں اورسندھ کے ہر ضلع میں،بلوچستان میں اورخیبر پختونخواہ میں ایک ایسا قانون راج کر رہا ہے کہ ہرایک کو گرفتار کیا جاتا ہے جو بھی پشتون پگڑی میں ملے،گاڑی والا ہو،سٹوڈنٹ ہو،تعلیم یافتہ ہو،جو بھی ہے اس کو گرفتار کیا جاتا ہے اوراس پر تشدد کیا جاتا ہے اوران سارے لوگوں کے ساتھ وہ documents موجود ہوتےہیں جوپاکستان بننے سے پہلے ان کے ساتھ ہیں۔میں گزارش کرتاہوں کہ جو تحریک التواء ہم نے پیش کی ہے اس تحریک التوا ء کو منظور کریں۔اورمیری اس سارے ایوان سے گزارش ہے کہ وہ اس تحریک التواء میں ہمارا ساتھ دے اوراس پر مکمل بحث ہوکہ یہ کیا معاملہ ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ کا پوائنٹ آگیا۔

جناب عبدالقہار خان ودان: جناب ڈپٹی سپیکرہمارے ملک میں اس وقت جو غصہ خصوصاً ہماری پشتون برادری میں ہے یہ بالکل برداشت ہونے والا نہیں ہے۔یہ بالکل برداشت نہیں ہوسکتا،نہ سہہ سکتے ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: عبدالقہار صاحب آپ کا پوائنٹ آگیا۔

جناب عبدالقہار خان ودان:میری تحریک التواء ہے اس کو لائیں اورمیری سارے ہاؤس سے اس لئے گزارش ہے کہ اس ہاؤس میں بیٹھا ہوا کوئی بھی ایسا بند ہ نہیں ہے،کوئی ایسا نمائندہ نہیں ہے جس کو پشتونوں نے ووٹ نہیں دیا۔اورجو اس وقت ظلم ہورہا ہے اگر آپ نے یہ اس ہاؤس میں discuss نہیں کیا اورآپ نے اس تحریک التواء کو نہیں لیا تو جناب ڈپٹی سپیکر ہم اس پر بائیکاٹ بھی کریں گے اوراحتجاج بھی کریں گے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی ٹھیک ہے۔صاحبزادہ صارق اللہ صاحب۔

صاحبزادہ طارق اللہ: شکریہ سپیکر صاحب میںPoint of Order پر آپ کی توجہ اس طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ ہم نے اس پر Calling Attention بھی دیا ہے کہ اس وقت سارے

ملک میں خصوصاً پنجاب میں اورسندھ میں پٹھانوں کے ساتھ جو رویہ رکھاگیا ہے اورجو پکڑ دھکڑ جاری ہے اس پر real میں سارے محب وطن پاکستانیوں میں ایک reaction پایا جاتا ہے لہذا جو کچھ بھی ہوا ہے جہاں بھی ہوا ہے یہ سارا ریکارڈ گواہ ہے کہ ہمیں تقریبا مختلف تھانوں سے،مختلف شہروں سے جہاں پر بھی پٹھان محنت مزدوری کیلئے گئے ہیں وہاں پر کام کرتے ہیں اوروہاں پر تقریبا بیس،پچیس یا پچاس سالوں سے مقیم ہیں۔کراچی میں تو کافی تعداد میں ہیں پچاس لاکھ،چالیس لاکھ سے بھی زیادہ ہیں لیکن لاہور جو پنجاب کا دل ہے،پنجاب کا درالخلافہ ہے وہاں پر اوراسی طرح منڈی بہاؤالدین میں پولیس کی طرف سے جو نوٹس جاری کیا گیا تھا،جو بالکل ایک اشتہاری جاری کیا گیا تھا کہ آپ جہاں بھی ٹوپی،پگڑی والا یا اسی طرح قمیض شلوار والا دیکھیں تو اس کو چیک کریں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: صاحبزادہ صاحب آپ کا سوال آگیا۔

صاحبزادہ طارق اللہ: جہاں پر بھی کوئی کاروبار ہو،لہذا اس پر ایک reaction پایا جاتا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: صاحبزادہ صاحب آپ نے بزنس ایڈوائزری کمیٹی میں بھی۔

صاحبزادہ طارق اللہ: اورمیں آپ سے یہ request کرتا ہوں کہ آپ اس کیلئے کوئی وقت مختص کریں ہم اس پر بحث کرنا چاہتے ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی ٹھیک ہے۔آپ کاپوائنٹ آگیا۔جی مائیک کھولیں۔

صاحبزادہ طارق اللہ: تو میں request کرنا چاہتا ہوں کہ مشرقی پاکستان جن رویوں کی وجہ سے،اس قسم کے رویوں کے وجہ سے ہم سے الگ ہوا تھا تو لہذا میں request کرتا ہوں کہ آپ اس کیلئے ٹائم مختص کریں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں نہیں یہ بات تو قومی مفاد کے against ہے صاحبزادہ صاحب صوبائی matter ہے۔آپ نے بزنس ایڈوائزری کمیٹی میں بھی take-up کیا۔

صاحبزادہ طارق اللہ: صوبائی matter نہیں ہم بھی اپنے علاقوں سے تعلق رکھتے ہیں،ہم بھی پاکستانی ہیں،اس طرح نہیں ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی آپ کا پوائنٹ آگیا۔

صاحبزادہ طارق اللہ: آپ نے اس قومی اسمبلی کو صرف ICT تک محدود کیا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مجھے تو اس چیز پر اعتراض ہے صاحبزادہ صاحب۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ کا پوائنٹ آگیا،شکریہ۔رجب علی بلوچ صاحب۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی سپیکر: صاحبزادہ صاحب،یہ آگیا ٹھیک ہے۔

جناب رجب علی خان بلوچ: شکریہ جناب سپیکر آپ نے مجھے موقع فراہم کیا۔میں صرف دو تین چیزوں کے بارے میں عرض کروں گا۔میرے بھائی جن تحفظات کا یہاں پر اظہار فرما رہے ہیں میں ان کے موقف کی قدر کرتا ہوں کہ ظاہر ہے کہ اگر کوئی بھی پاکستانی ہوتو اس میں کسی ایک نسل،کسی ایک قبیلے یا کسی ایک جگہ کے رہنے والے کے ساتھ،پاکستان سب کے لئے برابر ہے۔وہ کوئی صوبوں تک قید نہیں کہ ہربند ہ اگر بلوچ ہے تو وہ بلوچستان میں رہے گا۔میں ایک بلوچ ہوں اورمیری فیملی جب سے پارلیمنٹری سسٹم آیا ہے میں سنٹرل پنجاب سے منتخب ہوتا آرہا ہوں مجھے یہ اعزاز حاصل ہے۔مجھے آج تک کسی نے یہ نہیں کہا کہ آپ بلوچستان چلیں جائیں آپ ہمارے ادھر کیوں بیٹھے ہوئے ہیں۔تومیں یہ گزارش کروں گا کہ کچھ میڈیا پر اس کو hype دی گئی اور میں کسی کا نام نہیں لوں گا لیکن کچھ سیاستدانوں نے سستی شہرت حاصل کرنے کیلئے۔ہاں ایسا ضرور ہوا ہے کہ میں اس چیز کے بارے میں کہوں گا کہ صرف اس چیز کیلئے،یہ کوئی آج اس تناظر میں نہیں،پچھلے چند دن سے جو حالات بنتے جارہے تھے۔ اس میں یہ دیکھنے کےلئے کہ کیا ایک تو پاکستان کے جو رہنے والے پشتون ہیں،اور ایک وہ جو افغانستان سے آئے ہوئے ہیں اور وہ illegal پاکستان میں رہ رہے تھے۔

جناب سپیکر! میرے حلقے میں ہزاروں کی تعداد میں پشتون کاروبار کرتے ہیں۔پچھلے چالیس اور پچاس پچاس سال سے وہ کاربار کررہے ہیں۔ایک exercise کی گئی پولیس کی طرف سے کہ وہاں پر جاکر یہ پتہ کیا جائے کہ آیا یہ پاکستان کے پشتون ہیں یا ان میں کوئی ایسا خاندان تو نہیں رہ رہا جو افغانی

ہے اور یہاں پر illegal رہ رہا ہے،تو وہ door knocking کرکے انہوں نے وہاں پر جاکر یہ پتہ کیا کہ یہ یہاں کے رہنے والے ہیں یا نہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر فیصل آباد شہر میں، میں جس کالونی میں رہتا ہوں۔اس میں تقریباً ڈیڑھ سو پشتون کام کرتے ہیں۔میں یہ گارنٹی سے کہتا ہوں کہ آج تک کسی پولیس والے نے یا کسی شخص نے، میری روز ان سےملاقات ہوتی ہے،کسی نے آج تک ان سے آکر یہ نہیں پوچھا کہ آپ کون ہیں یا کون نہیں ہیں۔ تو یہ تاثر دینا،میں باہر بھی دیکھ رہا تھا ہمارے ایک سیاستدان اس چیز کو بہت بڑھا چڑھا کر کہ یہ تو بغاوت ہوجائے گی،جناب ڈپٹی سپیکر اس طرح کی کوئی بات نہیں ہے۔اگر کسی پشتون کی دلآزاری ہوئی ہے تو اس کےلئے ہم ان سے معذرت خواہ ہیں۔یہ نہیں ہونا چاہیے۔میرے خیال میں اس ہاؤس میں کسی کا اس سے اختلاف نہیں ہوگا۔لیکن میں یہ بھی کہوں گاکہ اگر موجودہ حالات کو دیکھتے ہوئے،اگر ہمارے ان بھائیوں میں، میں یہ بھی واضح کردوں کہ یہ صرف پشتونوں میں نہیں ہے۔ کل میرے حلقے میں سے شاید کوئی کہہ رہا تھا کہ القاعدہ کے افراد ہیں،وہ مارے گئے تو وہ پنجابی تھے۔تو یہ کوئی ضروری نہیں ہے۔ہر قوم میں اس طرح کے لوگ چھپے ہوئے ہیں۔تو یہ کہنا کہ صرف ایک نسل کو یا ایک قوم کو یا ایک صوبے والوں کو اس کا نشانہ بنایا جارہا ہے تو میں گزارش کروں گا کہ میرے بھائی ہم ایک مشکل وقت سے گزر رہے ہیں،اس میں ہمیں تعاون کرنا چاہیے۔اپنے اداروں کےساتھ تعاون کرناچاہیے۔بلکہ ان لوگوں کو جو ان کو بدنام کررہے ہیں،ان کو پکڑنے کےلئے ہمیں گورنمنٹ سے تعاون کرناچاہیے۔بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: خواجہ محمد آصف صاحب۔

وزیردفاع(خواجہ محمد آصف): بہت شکریہ سپیکر صاحب۔میں شکر گزار ہوں کہ آپ نے مجھے وقت دیا یہ ایک sensitive مسئلہ ہے۔میں وفاقی حکومت کے behalf پر اور پنجاب حکومت کے behalf پر اس بات کی یقین دہانی کرانا چاہتا ہوں کہ کسی قسم کی racial یا ethnic profiling وہ نہیں ہوگی۔دہشت گردی پاکستان بھر میں کسی ایک نسل یا ایک صوبے تک محدود نہیں ہے۔تمام صوبوں میں اس کا زہر سرائیت کرچکا ہے۔یہ جو recent wave آئی ہے دہشت گردوں کے حملوں کی،آج سے آٹھ دس روز قبل جو سات، آٹھ حملے ہوئے ہیں اس کے reaction میں اگر لاہور میں

یا کسی اور شہر میں کوئی ایسی بات ہوئی ہے جس سے یہ ظاہر ہوتا ہوں کہ پشتونوں کو ٹارگٹ کیا جارہا ہے۔تو میں بغیر کسی ہچکچاہٹ کے یہ یقین دہانی کرانا چاہتا ہوں کہ دہشت گردوں کا نہ کوئی مذہب ہے نہ کوئی نسل ہے،نہ کوئی صوبہ ہے۔ان کا کسی قسم کا کوئی religions نہیں ہے۔اس لئے اس ایشو کو زیر بحث یا اس کو بڑھانا،یہ بھی قومی یکجہتی کے لئے نقصان دہ ثابت ہوسکتا ہے۔

میرے اپنے حلقے میں پشتونوں کی بہت بڑی تعداد ہے۔بلکہ پشتونوں کی نہیں افغان مہاجرین کی بھی بہت بڑی تعداد ہے جو UNHCR کے کاڈرز پر وہاں رہتے ہیں۔میرے پاس دو روز قبل آئے تھے۔پچھلے weekend پر بھی وہ آئے تھے۔میں نے نادرا والوں سے بھی بات کی ہے۔یہ کچھ افواہیں ہیں جن میں کوئی صداقت نہیں۔میرے ساتھ ڈاکٹر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں وہ کہہ رہےہیں کہ جو کارڈ بلاک ہوئے ہیں اس کے لئے 8 تاریخ کو میٹنگ ہے اور وہ سارے کے سارے معاملات حل ہوجائیں گے۔یہ ایک unfortunate situation ہے۔کہ ہمارے یہاں ایک بہت بڑی تعداد،اور اللہ تعالیٰ نے ہمیں اس سے سرخرو کیا ہےکہ ایک تین یا ساڑھے تین ملین افغان مہاجرین ہماری سرزمین پر آباد ہیں پچھلے تین چار دہائیوں سے۔ساڑھے چھ لاکھ افغان مہاجرین پچھلے سال وطن واپس گئے ہیں۔ ہم نے largely اپنے resources سے ان کی مہمانداری کی ہے پچھلے تیس،پینتیس سال سے۔ہمارے یہاں ان کے کاروبار ہیں،یہاں پر ان کے روزگار ہیں،یہاں ان کے بچے پیدا ہوئے ہیں اور جوان ہوئے ہیں۔ان کی تیسری نسل یہاں پر پیدا ہوئی ہے۔تو اس لئے ہم یہ بھی نہیں جانتے کہ ہماری اس مہمانداری پر جو پچھلے تیس سال ہم نے کی ہے اس پر بھی کوئی حرف آئے اور ہمارے اوپر گناہ لازم ہوجائے اور جو ہمارے ثواب ہیں وہ ضائع ہوجائیں۔تو ہم اس سلسلے میں بہت محتاط ہیں۔

میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے جو پختون بھائی ممبران ہیں بلوچستان سے یا خیبر پختونخواہ سے،ان کو اس ایشو کو،بجائے اس کے کہ اس کو ایشو بنایا جائے،اس میں اگر کہیں کوتاہیاں ہوئیں ہیں تو ان کا حل کیا جائے۔میرے بھائی بلوچ صاحب نے بالکل صحیح کہا کہ پچھلے پندرہ سال سے شور مچ رہا ہےکہ دہشت گردی ساؤتھ پنجاب میں ہے۔یہاں پنجاب میں بھی بڑے بڑے نامی گرامی دہشت گرد مارے گئے ہیں۔میں یہاں پر ان کے نام نہیں لینا چاہتا۔لیکن بڑے نامی گرامی لوگ مارے گئے،جن کا origin پشتون نہیں تھا۔ان کا origin پنجاب تھا۔

اگر آپ بلوچستان میں چلے جائیں تو وہاں بھی ایک سلسلہ ہے اگر وہاں پر کوئی کارروائی ہوتی ہے تو وہ کسی ایک نسل یا ایک صوبے کے لوگوں کے خلاف نہیں ہوتی، یہ دہشت گردوں کا کوئی بارڈر نہیں ہے، یا کوئی صوبہ نہیں ہے۔ یہ سارے ہماری سالمیت کے دشمن ہیں۔ یہ پاکستان کے دشمن ہیں اور کسی ایک صوبے کے نہیں سارے صوبوں سے ہیں۔ اس لئے میرا خیال ہے کہ ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ اس ایشو پر وزیر اعلیٰ پنجاب on record ہیں کہ انہوں نے وہاں پر ایک delegation کو بلا کر assurance بھی دی۔ تمام District headquarters میں یہ instructions چلی گئی ہیں کہ کسی کو تنگ نہ کیا جائے، لیکن اگر دہشت گردی کی اس wave میں کہیں پر کسی reaction میں کوئی کوتاہی ہوگئی ہے تو میرے خیال میں اس کو ایشو بنانا مناسب نہیں ہے۔ یہ ایک قومی ایشو ہے۔ یہ ساری قوم کی جنگ ہے اور ہم نے مل کر اس جنگ کو لڑنا ہے اور اس نظریے کے ساتھ اس focus کے ساتھ لڑنا ہے کہ دہشت گرد کا نہ تو کوئی مذہب ہے، نہ اس کی کوئی قوم ہے، نہ اس کا کوئی صوبہ ہے۔ وہ پاکستان کا دشمن ہے اور صرف اسی نظر سے ہم نے اس کو دیکھنا ہے بہت بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی سرور خان صاحب۔

جناب غلام سرور خان : شکریہ ڈپٹی سپیکر صاحب۔ میں وزیر دفاع صاحب کی موجودگی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے، انہوں نے بڑی تفصیل سے بات کی کہ یہ national issue ہے اور اسے اسی تناظر میں دیکھا جائے، یقیناً یہ national issue ہے لیکن اگر سوسائٹی کے اندر discrimination ہوگی، تو بات تو اس پر لازماً ہوگی۔ یہ صوبائی ایشو نہیں ہے بلکہ قومی ایشو ہے۔ پختون قوم نہ صرف KPK کے اندر بلکہ پورے پاکستان کا کوئی بھی ایسا قصبہ، کوئی بھی ایسا دیہات، کوئی بھی ایسا شہر نہیں ہے جہاں پختون آباد نہیں ہیں۔ پختون ایک اچھا بزنس مین بھی ہے۔ پختون محنتی بھی ہے، پختون جفا کش بھی ہے۔ پختون پاکستان سے محبت بھی کرتا ہے۔ پختون نے پاکستان حاصل کرنے کے لئے بھی جنگ لڑی۔ پاکستان کی سلامتی کی جنگ بھی لڑی۔ کشمیر کی آزادی کی جنگ بھی لڑی۔ لیکن جو کچھ پختو نوں کے ساتھ، خاص کر صوبہ پنجاب کے اندر ہورہا ہے۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: منسٹر ڈیفنس نے اس پر بات کی ہے۔

جناب غلام سرور خان : کاش وزیر داخلہ بھی ہوتے تو میں ان سے بات کرتا۔میں اس کو قومی ایشو سمجھتے ہوئے اس بات کو highlight کرنا چاہتا ہوں کہ افغانستان کا ایشو یا افغانستان سے جو refugees آئے ہیں۔وہ مختلف کیمپوں میں موجود ہیں۔

ان کے کارڈز موجود ہیں اور باقاعدہ ان کی رجسٹریشن موجود ہے۔آج تک جتنی بھی terrorism ہوئی ہے ریکارڈ میں کوئی ایسی بات نہیں آ سکی highlight نہیں ہو سکی کہ کسی افغان مہاجر نے کسی دہشت گردی میں حصہ لیا ہو۔آج واہگہ باڈر پر اگر terrorism ہوتی ہے وہاں شہادتیں ہوتی ہیں تو واہگہ باڈر بند نہیں ہوتا۔آج طورخم باڈر کو کیوں بند کیا گیا ہے۔اس بات کا بھی جواب وزیردفاع کو دینا چاہیے کہ آج چمن باڈر کو بھی بند کیوں کیا گیا ہے۔وہ افغان جو valid ویزاپر پاکستان آنا چاہتے ہیں یا وہ افغان جو valid visa سے پاکستان سے افغانستان جانا چاہتے ہیں تو انہیں کیوں روکا گیا ہے۔ وہ پختون جو کہ افغانستان کی جنگ سے پہلے روس کی آمد سے پہلے 1947 کے بعد جو پاکستان میں آباد ہیں جن کی nationality موجود ہے جن کے پاسپورٹ موجود ہیں جن کی جائیدادیں موجود ہیں۔ووٹر لسٹوں میں جن کا 1979 سے پہلے ووٹ کا اندارج موجود ہے ان کے کارڈز کیوں بلاک کیے جاتے ہیں اور پھر blocking اور de-blocking کوسیاسی مقاصد حاصل کرنے کے لیے استعمال بھی کیا جاتا ہے۔کہا جاتا ہے کہ یہ verification of cards ہیں تو یہ discrimination ختم ہونی چاہیے۔یہ نیشنل ایشو ہے اسے seriously لینا چاہیے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: یہ جو بلاک کارڈز ہیں اس کے حوالے سے انٹیریر منسٹری نے ایک نوٹیفیکیشن کیا ہے جس پر پارلیمنٹری کمیٹی بنی ہے جس کو میں چیئر کر رہا ہوں اور تمام جماعتوں کے اس میں ممبر شامل ہیں۔ہم نے ایک criteria اس میں ڈرافٹ کر لیا ہے اور بہت جلد اگلی میٹنگ میں اس مسئلے کا انشااللہ proper forver solution نکل آ ئے گا۔جی کمال بنگوئی صاحب آن پوائنٹ آف آرڈر۔

سردار کمال خان بنگلزی: شکریہ جناب ڈپٹی سپیکر صاحب۔جو census آنے والے ہیں اس حوالے سے ڈگری کالج کوئٹہ کی پرنسپل کے پاس کچھ آرمی آفیشلز گئے ہیں اور ان کو کہا گیا ہے کہ جی آپ نے کالج کو 15 مارچ سے 15 مئی تک بند کرنا ہے ہوسٹل vacate کرنے ہیں اور تمام کلاسز

کو off کرنا ہے آپ نے۔اس وقت اس انسٹیٹیوٹ میں 4000 کے قریب سٹوڈنٹس پڑھ رہے ہیں اور 5000پلس کے قریب سٹوڈنٹس ہوسٹلز میں رہائش پزیر ہیں۔اپریل میں F.A. اور F.Sc. کے امتحان ہونے والے ہیں تو یہ situation میری سمجھ سے بالا تر ہے کہ اس situation کو کس طرح وہ handle کریں گے اور یہ سٹوڈنٹس کا دو ماہ کا جو ایجوکیشن کا ضائع ہو گا اس کا کیا سلسلہ بنے گا۔یہ ایوان کے نوٹس میں لا رہا ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ کا پوائنٹ آ گیا ہے۔اعجاز جکھرانی صاحب۔

میر اعجاز حسین جکھرانی: شکریہ جناب سپیکر۔سر یہاں پانامہ کے شور سے ایک اہم چیز اس فلور پر ڈسکس نہ ہو سکی وہ ہے پی آئی اے۔آپ نے دیکھا ہو گا کہ حال میں crash بھی ہو گیا تھا اور اتنی قیمتی جانیں ضائع ہوئی ہیں اور اس پر بھی کوئی ڈسکشن نہ ہو سکی۔ابھی بھی ATR جو چل رہے ہیں جس کے لیے کہا جا رہا ہے کہ وہ فٹ نہیں ہیں لیکن وہ ابھی تک گورنمنٹ چلا رہی ہے۔اس پر گورنمنٹ ہمیں بتائے کہ کیا پالیسی ہے۔ان ATR کو کیوں grounded نہیں کیا جا رہا ہے جن کی حالت خراب ہے۔

تیسری اہم بات میں کرتا ہوں کہ ہماری بہت زیادہ travelling ہوتی ہے خاص کر جو ہمارے سندھ اور بلوچستان کے ایم این ایز ہیں وہ کرتے ہیں۔سر ابھی انہوں نے حال ہی میں لیز پر کچھ فلائٹس لی ہیں wet lease سے ترکی سے سر ان کی حالت ایسی ہے کہ ان پر بیٹھا نہیں جا سکتا۔ بہت چھوٹی سی سیٹیں ہیں اگر آپ اس پر دو گھنٹے سفر کر کے کراچی پہنچیں تو definitely آپ کے پاؤں میں درد ہونے لگ جاتا ہے۔مجھے سمجھ نہیں آتا کہ اس طرح کے wet lease لینے کی کیا ضرورت ہے۔

سر! میں یہ عرض کرتا ہوں کہ آنریبل منسٹر بھی ایک دفعہ میرے ساتھ تھے وہ بھی گواہ ہیں۔سر آپ اس میں ایسے بیٹھے ہوتے ہیں کہ سانس نہیں لے سکتے۔سر اس طرح کے planes lease پر لینے کی بات سمجھ میں نہیں آتی ہے۔اگر اس طرح کے short route انہوں نے لیے بھی ہیں تو ان کو شارٹ روٹ پر چلائیں۔آدھے گھنٹے کی فلائٹ ہو 40 منٹ کی ہو تو چلائیں لیکن دو دو گھنٹے کی فلائٹ میں بہت تکلیف ہوتی ہے۔وہ اسی طرح ہے کہ کوئی اپنا pet یا animal جہاز میں

بیٹھاتے ہیں تو اس کو انجکشن لگا کر پھر رکھتے ہیں۔اس طرح اگر ہم لوگوں کو انجکشن لگا کر جہاز میں بیٹھا دیں تو پھر ہم دو گھنٹے اس میں بیٹھ سکتے ہیں۔لیکن نارمل طور پر اگر آپ وہاں بیٹھ جائیں اور آپ کے ساتھ کوئی بندہ جس کا وزن کوئی زیادہ ہو تو پھر تو آپ اس دن بالکل فارغ ہیں۔تو میری یہی عرض ہے کہ ان جہازوں کو فوری طور پر کراچی کے روٹس سے یا لمبے روٹس پر جہاں یہ چل رہے ہیں ان کو بند کرکے شارٹ روٹ پر چلائیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔چوہدری بلال ورک صاحب آپ نے پوائنٹ آف آرڈر کی بات کی تھی۔نہیں۔ملک ابرار احمد صاحب۔موجود نہیں ہیں۔محبوب عالم صاحب۔علی محمد خان صاحب تشریف رکھیں۔جن کی request آتی ہے ان کو دیتے ہیں۔یہ سارے ممبرز کا right ہے کھڑے ہو کر چیئر کو kindly direction نہ دیا کریں۔جی۔

جناب محبوب عالم: بہت شکریہ۔

بدلتا ہے رنگ آسماں کیسے کیسے

زمین کھا گئی نوجواں کیسے کیسے

جناب سپیکر صاحب کراچی میں جو ظلم کا بازار گرم ہے اور جو آج ہمارے بیشتر ساتھی لا پتہ ہیں ان کی dead bodies مل رہی ہیں۔ابھی پرسوں میں ایک جنازے کی تدفین کر کے آیا ہوں ندیم خان بھائی کو اور اس کے بعد سے لے کر آج تک ہمارے درجنوں ساتھیوں کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔انہیں لا پتہ کر دیا جاتا ہے۔میں کہتا ہوں جناب سپیکر صاحب اگر وہ مجرم ہیں تو خدارا ان کو کٹہرے میں لایا جائے۔اگر عدالت ہے تو عدالت میں لایا جائے۔اگر عدالت انصاف نہیں کر سکتی تو پھر ہمیں بتائیں کہ پھر ہم کچھ کرتے ہیں۔آج ہمارے ساتھی جیل میں ہیں، نادر شاہ بھائی ان پر پریشر ہے کہ وہ PSP join کر لیں۔ اس قسم کی پارٹی کو اس قسم کے لوگوں کو آپ لگام دیں۔مجھے خدشہ ہے کہ جیل میں کہیں تصادم نہ ہو جائے۔

دوسری بات یہ ہے کہ آج ہمارے لوگ گرفتار ہوتے ہیں بلا وجہ وہ معصوم لوگ جنہیں PSP کے لوگ تنگ کر رہے ہیں اور انہیں ڈرا دھمکا کر کہتے ہیں کہ ہمارے میں شمولیت اختیار کرو

ورنہ بھگتنا پڑے گا۔آج ہمارے درجنوں لوگوں کی وفاداریاں تبدیل کرنے کی بات کی جا رہی ہے کہ آج آپ وفاداری تبدیل کریں آج ہماری PSP میں شامل ہو جائیں اور آپ کو ساری چیزیں ملیں گی۔ میں اس ظلم پر اس جبر پر اس بربریت پر اور ٹارگٹ کلنگ پر اور شہادت پر میں آج اسمبلی سے ٹوکن واک آوٹ کرتا ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب منصب علی ڈوگر صاحب۔

سردار منصب علی ڈوگر: شکریہ جناب سپیکر۔بات تو میں کرنا چاہتا تھا جو ہمارے پختون بھائیوں اور بلوچ بھائیوں نے کی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ایک سیکنڈ طارق فضل چوہدری صاحب ہمارے دوستوں نے ٹوکن واک آوٹ کیا ہے آپ تشریف لے جائیں اور ان کو واپس لیں۔منصب علی ڈوگر صاحب آپ بات کریں۔

سردار منصب علی ڈوگر: سر میں یہ گزارش کرنا چاہتا تھا ان بھائیوں سے کہ پشتون ہمارے بھائی ہیں بلوچ ہمارے بھائی ہیں۔یہ جو پولیس کا ایک ایکشن ہوتا ہے کسی کے پاس جانے کا کسی کو پکڑنے کا اور وہ ایک روایتی جو سلسلہ ہے اس وجہ سے کسی کو تکلیف ہوئی ہے تو ہم اس کے لیے معذرت خواہ ہیں۔ اپنے حلقے سے کئی پختونوں کی میں نے سفارش کی ہے اور ا ن کو باقاعدہ تھانے میں جا کر ملا ہوں کہ کیوں ان لوگوں کو لے کر آئے ہو۔انہوں نے شناختی کارڈ چیک کیے ہیں اور جن کے شناختی کارڈ ٹھیک تھے انہیں انہوں نے چھوڑ دیا تھا۔خدانخواستہ یہ جوبات پھیلائی جا رہی ہے کہ پنجاب میں یہ ہو رہا ہے وہ ہو رہا ہے۔پنجابیوں کا دل اتنا بڑا ہے کہ جب دوسرے صوبوں میں پنجابیوں کو شناختی کارڈ دیکھ کر گولیاں ماری جاتی ہیں تو ہمارے مزدور تھے رحیم یار خاں کے تو کبھی پنجاب کی طرف سے یہ آواز نہیں آئی کہ یہ جناب reaction ہو گا۔

تو میری گزارش یہ ہے کہ پشتونوں میں ویسے غصہ زیادہ ہوتا ہے ہمار ےبھائی ہیں۔ میں ان سے request کروں گا کہ اس ایشو کو جس طرح اچھالا جا رہا ہے یہ ہمارے ملکی مفاد میں نہیں ہے۔ آپ بھی محب وطن ہیں اور یہ سارا پاکستان ہے۔آپ شفقت فرمائیں ان پارٹی لیڈروں سے بھی میں

گزارش کروں گا کہ ایسی باتیں کرنے سے وہ کوئی ملک کی خدمت نہیں کر رہے بلکہ ملک کا نقصان کر رہے ہیں۔یہی میری گزارش تھی بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر : جناب بسم اللہ خان صاحب۔

جناب بسم اللہ خان : بِسمِ اللہِ الرّحمٰن الرّحِیمِ۔ جناب سپیکر ! میری عرض ہے کہ لاہور میں جو دھماکہ ہوا تھا تو اس میں جو بندہ ملوث پایا گیا تھا یا وہ سہولت کار تھا تو وہ تقریباً 6 سال پہلے طالبان کے زمانے میں ملک بدر ہو کے بچوں سمیت پنجاب آیا تھا اور حکومت نے پکڑا ہے تو قوم نے اس کا گھر مسمار کر دیا ہے۔اس گھر میں ان کے بھائیوں کا،اس کے بچوں کا،اس کے سارے خاندان کا حصہ تھا۔ہمارے رواج کے مطابق عوام نے اس کا گھر مسمار کر دیا اور جلا بھی دیا ہے۔ابھی ہمارے باجوڑ ایجنسی کے پنجاب اور سندھ میں غریب عوام مزدوری کرتے ہیں تو پولیس ا ن کو تنگ کر رہی ہے اور پکڑ دھکڑ کر رہی ہے اور ان سے پیسے بھی لیتے ہیں۔ایک مزدور کے ساتھ تیس ہزار،چالیس ہزار روپے کیسے ہوتے ہیں اور اگر وہ پیسہ دے دے تو بالکل صاف ہے،افغانی لوگ بھی پکڑے جاتے ہیں اور اگر وہ پیسہ دے دیں تو وہ بھی صاف ہیں۔میری یہ عرض ہے کہ پنجاب اور سندھ دونوں کی پولیس کو احکامات جاری کیے جائیں اور باجوڑ کی عوام کی بہت بڑی قربانی ہے،کشمیر سے لے کر روس کے جہاد تک اور ابھی تک وہ تقریباً جنگ کی حالت میں پڑے ہیں۔مہربانی کر کے یہ سلوک خاص کر فاٹا کے عوام کے ساتھ،پختونوں کے ساتھ نہ کیا جائے اور یہ اچھا نہیں ہے اور اس سے بدگمانی پھیلتی ہے اور اس کو دیکھا جائے اور اس پر فوراً احکامات جاری کیے جائیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر : جناب خلیل صاحب۔

جناب خلیل : شکریہ۔جناب والا ! کل کے پاکستان سپر لیگ کے حوالے سے تمام ممبران کو مبارکباد دیتا ہوں اور پنجاب حکومت اور فیڈرل حکومت کو appreciate کرتا ہوں۔کرکٹ پاکستان کا مقبول ترین کھیل ہے اور کرکٹ کی خوشیاں دوبارہ لوٹ کر آئی ہیں اور کل پنجاب حکومت کے بہت اچھے اقدامات تھےاور فیڈرل حکومت کی طرف سے پی سی ایل منعقد کرنے پر میں ان کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ اسی امید کے ساتھ اگلا پاکستان سپرلیگ پاکستان میں ہو گا اور کرکٹ کی خوشیاں دوبارہ بحال ہوں گی اور آپ نے دیکھا کہ جس طرح پورے ملک سے لوگ نکلے ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ کل

پاکستان کی جیت ہوئی ہے چاہے کوئی بھی جیتے۔جنہوں نے اس PSL کی مخالفت کی تھی تو میں سمجھتا ہوں کہ ان کے لیے کل ایک بہت بڑا دھچکہ تھا کہ پاکستان سپر لیگ کے نام پر انہوں نے مخالفت کی تو کل پنجاب حکومت نے ان کو کر کے دکھایا ہے اگر ہم میں جرات ہو تو ہم اسی طرح پاکستان کی خدمت کرتے رہیں گے اور دہشت گردوں کو یہ message دیتے رہیں گے کہ ہم سب متحد ہیں اور ایک ہیں اور ہم ایک ہونے کے ناطے اپنے ملک کا دفاع کر سکتے ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر : محترمہ شگفتہ جمانی صاحبہ۔

محترمہ شگفتہ جمانی : جناب ڈپٹی سپیکر ! سہون کے واقعہ پر بات کرنا چاہوں گی کیونکہ گزشتہ مہینے سندھ کے جامشورو ڈسٹرکٹ میں ایک بہت بڑا سانحہ ہوا ہے جس میں بہت ساری جانیں ضائع ہوئی ہیں۔یقیناً پاکستان میں یا سندھ میں یہ دہشت گردی کا پہلا واقعہ نہیں ہے

(اذان مغرب)

جناب ڈپٹی سپیکر : شگفتہ جمانی صاحبہ۔

محترمہ شگفتہ جمانی : جناب والا! میں یہ کہہ رہی تھی کہ یہ دہشت گردی کا اس ملک میں یا اس صوبے میں پہلا واقعہ نہیں ہے۔لیکن یہ واقعہ اتنا دردناک واقعہ ہے اور جس جگہ پر ہوا ہے۔آپ کو پتہ ہے کہ سندھ کی دھرتی صوفی ازم کا پرچار کرتی ہے اور وہاں پر بہت سارے ولی اللہ کے دبار ہیں اور پورے پاکستان میں ہیں۔میں برصغیر کی با ت کروں گی کہ قلندر شہباز کی جو درگاہ ہے وہ پورے برصغیر کی درگاہ مانی جاتی ہے وہاں پر صرف سندھ کے لوگ نہیں،صرف پنجاب کے لوگ نہیں،صرف سرحد کے لوگ نہیں،صرف پاکستان کے لوگ نہیں بلکہ دنیا کے کونے کونے سے عقیدت مند آتے ہیں اور وہاں سے وہ فیض حاصل کرتے ہیں۔وہاں پر اتنا بڑا واقعہ ہونا تو جناب والا یقین کریں کہ دل ابھی بھی رو رہا ہے۔یہ واقعہ پہلے داتا سرکار پر ہوا اور اس کے بعد اسلام آباد میں اور بہت سی ایسی جگہیں ہیں،بہت سے ایسے مزارات ہیں جہاں پر یہ واقعات ہوئے ہیں۔کہنے کا مقصد یہ ہے کہ اس طرح سے کیوں ہو رہا ہے۔ایسی جگہیں جنہوں نے ہمیشہ پرامن رہنے کا سبق دیا،جنہوں نے امن و سلامتی کا سبق دیا،جنہوں نے انسانیت کا سبق دیا تو ان کی درگاہیں اس وقت محفوظ نہیں ہیں۔

شہباز قلندر پر جب حادثہ پیش آیا ہے تو بڑی معذرت کے ساتھ مجھے یہ کہنا پڑ رہا ہے، بڑے افسوس سے مجھے یہ کہنا پڑ رہا ہے کہ اس وقت وہاں پر بجلی غائب تھی۔ابھی میرے بھائی نے بات کی کہ پی ایس ایل کا جو فائنل ہوا ہے تو اچھی بات ہے کہ پی ایس ایل کا فائنل خیر اسلوبی کے ساتھ گزر گیا۔لیکن آپ دیکھیں کہ اس پی ایس ایل کے فائنل پر گورنمنٹ کی اتنی توجہ تھی،پوری سیکورٹی وہاں پر موجود تھی اور لاہور شہر دلہن کی طرح سجایا گیا،اچھی بات ہے اور وہاں پر جو بجلی خرچ ہوئی ہے وہ بھی آپ کے سامنے ہے۔لیکن یہ وہ جگہیں ہیں،یہ وہ مزارات ہیں جہاں پر لوگ امن و سکون کے لیے،اپنے آپ کو فیض دینے کے لیے،دعائیں حاصل کرنے کے لیے وہاں پر آتے ہیں اور جوق در جوق وہاں پر موجود ہوتے ہیں۔ یہ نہیں کہ ایک دن آئیں اور دوسرے دن چلے گئے یہ درگاہیں سارا وقت بڑھی رہتی ہیں۔یہ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ ہر عام شہری کو تحفظ فراہم کیا جائے،کہاں گیا نیشنل ایکشن پروگرام، اگر نیشنل ایکشن پروگرام پر گورنمنٹ serious ہوتی اور وزارت داخلہ serious ہوتی تو شاید آج یہ واقعات پیش نہیں آتے۔

مجھے بڑی معذرت کے ساتھ اس فلور پر یہ بات کرنی پڑ رہی ہے، میرا دل رو رہا ہے اور مجھے اچھا بھی نہیں لگتا کہ میں یہ بات کہوں کہ حقیقت یہ ہے کہ اس ملک کا وزیراعظم،اس ملک کے وزارت داخلہ کا منسٹر سہون شریف میں جاتے ہیں،بجائے لوگوں سے ہمدردی کریں، ان سے ملیں یا اندر مزار میں اور وہاں پر صورتحال کا جائزہ لیں،آئیں ہیں اور ریسٹ ہاؤس میں بیٹھے ہیں اور چار آفیسرز سے ملے ہیں اور اس کے بعد چلے گئے ہیں۔ اگر ایسے کوئی واقعات ہوتے ہیں تو لوگوں کو compensation دی جاتی ہے،لیکن معذرت کے ساتھ پھر یہ کہنا پڑ رہا ہے کہ پرائم منسٹر صاحب وہاں پر آئے اور شاید ان کو صحیح صورتحال سے آگاہ نہیں کیا گیا۔میں سمجھتی ہوں کہ پرائم منسٹر صاحب دلی طور پر اتنے برے انسان نہیں ہیں لیکن ان کے اردگرد جو کیبنٹ کھڑی ہوتی ہے یاجو لوگ کھڑے ہوتے ہیں تو شاید انہوں نے ان کو صحیح طرح سے آگاہ نہیں کیا۔

جناب ڈپٹی سپیکر : شگفتہ جمانی صاحبہ آگیا ہے۔

محترمہ شگفتہ جمانی : کاش وہ وہا ں پر آتے اور وہاں کی صورتحال دیکھتے کیونکہ میں خود دوسرے دن سہون شریف میں موجود تھی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی آپ کا پوائنٹ آگیا جی مائیک کھولیے شگفتہ جمانی صاحبہ کا۔

محترمہ شگفتہ جمانی :آپ اگر ہوتے تو آپ بھی رو پڑتے توآپ کی توسط سے on the Floor of the House میں گورنمنٹ سے استدعا کرتی ہوں کہ جو National Action Planبنایاگیا ہے اس پر عملدرآمد کیوں نہیں ہورہاہے۔کیا آپ دوبارہ کسی ایسے واقعے کے انتظار میں ہے کہ کوئی خدانخواستہ پھر دو سولوگ مرجائیں۔ان کے عضوے اڑجائیں اور ان کا کوئی والی وارث نہ ہو تو میں آپ کی توسط سے گزارش کرتی ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی شکریہ جی چوہدری طارق فضل چوہدری صاحب۔

POINTS OF ORDER

وزیر مملکت برائے کیڈ(ڈاکٹر طارق فضل چوہدری): بہت شکریہ جناب سپیکر! میں نے آپ کے سامنے اور ایوان کے سامنے یہ چیز رکھنی ہے کہ ایم کیو ایم کے دوستوں نے جو ابھی ٹوکن واک آؤٹ کیا اور آپ کی ہدایت پر میں اور ہمارے جو وزیرمملکت ہیں مذہبی امور جناب پیر امین‌الحسنات صاحب تو ہم ایم کیو ایم کے ساتھیوں کے پاس حاضر ہوئے۔ان کی لابی میں ان سے بات چیت ہوئی۔ان کے سارے جو concerns ہیں وہ سنے اور ان کی یہ بات جائز ہے کہ پاکستان میں ہر شخص کو آئین پاکستان کے تحت یہ حق حاصل ہے کہ وہ اپنی مرضی کی جماعت میں رہے اور اپنی مرضی کی سیاست کرے۔اپنا جو سیاسی نظریہ ہے وہ اپنی مرضی سے اپنائے تو ہم نے ان کی ساری بات سنی ہےا ور ہم نے انہیں یہ یقین دہانی کرائی ہے کہ آپ کے جو خدشات ہیں وہ وزیرداخلہ صاحب کو بھی گوش گزار کیے جائیں گے اور جب پرائم منسٹر صاحب واپس آجائیں گے تو ان کے سامنے بھی آپ کی معروضات رکھی جائیں گی تو میں ان کا شکریہ اداکرتاہوں کہ انہوں نے اس یقین دہانی پر ٹوکن واک آؤٹ جو کیا وہ ختم کردیا ہے۔

اور ایک مختصر سی بات میں آپ کے سامنے رکھناچاہوں گا۔ابھی جو ہماری آنریبل کولیگ بات کررہی تھی جس واقعے کے حوالے سے میں لمبا وقت نہیں لوں گا صرف دو منٹ آپ کے لوں گا۔میری یہ گزارش ہے کہ پاکستان میں دہشت گردی کا واقعہ اگر لاہور میں ہو،اگر سیہون شریف میں

ہو یا فاٹا میں ہو یا چارسدہ میں ہو یا کسی جگہ پر بھی ہو یا کوئٹہ میں ہو۔وہاں پر لاشیں گرتی ہیں جو شہادتیں ہوتی ہیں وہ صرف پاکستانیوں کی ہوتی ہیں۔میری یہ گزارش ہے کہ اس ایشو کے اوپرجب تک پاکستان کی تمام پولیٹیکل پارٹیز اس مشن کے تحت کہ جس طرح پرائم منسٹر نوازشریف صاحب نے جب اقتدار سنبھالا 2013میں تو پاکستان کے تمام سیاسی قیادت کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کیا اور ہم نے مل کر چلنے کا فیصلہ کیا۔اس سلسلے میں چاہے وہ کراچی کا امن ہو وہاں پر اگر وفاقی حکومت نے کوئی ایکشن لیا،کوئی stepلیا کراچی میں امن کے لیے تو اس ٹیم کا جو کپتان ہے وہ وہاں کی صوبائی حکومت کو بنایاگیا تو یہ وہ مشن اور یہ وہ آپ یہ کہہ دیں کہ dedication ہے پرائم منسٹر نواز شریف صاحب کی اس ایشو کے اوپر ہم سب ایک ہیں تو یہ جو ایک دوسرے کو ہم۔صوبائی حکومت خواہ کوئی بھی ہو،میں تو ان کا نام بھی نہیں لوں گا۔میں تو کہتاہوں کہ کوئی بھی صوبائی حکومت ہو۔اسے اپنا کردار دیکھناچاہیے۔جب یہ ایک دوسرے کےا وپر mud-slinging کرتے ہیں اور یہ کہتے ہیں کہ آپ کی وجہ سے آپ کی وجہ۔میراخیال میں نہ ہی ہم اس قوم کی خدمت کررہے ہیں۔بلکہ باقی لوگوں کو اپنے اوپر جگ ہنسائی کا موقعہ دےرہے ہیں۔

میں آخر جملہ کہناچاہتاہوں کہ اگلے دن میں ذاتی طور پر واقف ہوں اس بات سے کہ میاں نواز شریف صاحب کی طبعیت ٹھیک نہیں تھی اس کے باجود وہ تشریف لیکرگئے۔صرف اس لیے نہیں کہ وہاں پر انہوں نے کوئی حاضری دینی تھی بلکہ ان لوگوں کی بھی اشک شوئی کے لیے،ان کے حوصلے بلند کرنے کے لیے اور پاکستان کی قوم کو یہ پیغام دینے کے لیے کہ چاہے دہشت گرد جتنی مرضی کوشش کریں یہ قوم متحد ہےا ور اس مشن میں ہم سب جو ہیں وہ اسی بہادری کے ساتھ انشاء اللہ لڑتے رہیں گے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی حاجی غلام محمد بلور صاحب جی نماز کا بھی وقت ہے۔

حاجی غلام محمد بلور: بِسمِ اللہِ الرّحمٰن الرّحِیمِ۔ جناب سپیکر! ہمیں گلہ ہے اپنی حکومت سے آپ کے ذریعے میں یہ کہوں گا کہ ہمارے وزیرداخلہ صاحب سے کہ ہمارے پختونوں کے ساتھ جو رویہ اختیار کیاگیا ہے۔پنجاب میں سندھ میں وہ بہت بری طرح ان کے ساتھ زیادتیاں ہورہی ہیں۔ان کو اٹھاکر تھانے لے جاتے ہیں اور پھر وہاں ان سے پیسے لیکر وہ بیچارے مزدور،غریب لوگ ہیں ان سے

پیسے لیکر پھر چھوڑدیتے ہیں۔ہم یہ سمجھتے ہیں کہ یہ پختون کیا third grade citizen ہے اس ملک میں؟جب لڑائی کی بات ہو تو کشمیر میں پختونوں کو بھیجو کہ وہ لڑیں اور ان کے بچے مریں اور بچے یتیم ہوں۔افغانستان میں ہو تو پختونوں کو بھیجو یہ وہاں جاکر افغانستان کو فتح کریں۔وہاں پر پختون مرے۔اب تیس سال سے وہاں پر بھی پختون مررہاہے اور یہاں پر بھی پختون مررہاہے۔مارے والا بھی پختون،مرنے والا بھی پختون تو خدا کے لیے ہم چاہتے ہیں کہ ہمیں یہ نہ کہاجائے کہ یہ صوبائی مسئلہ ہے۔صوبائی نہیں ہے یہ مسئلہ جو ہے یہ پورے پاکستان کا مسئلہ ہے۔پختون پاکستانی ہیں۔ہماری میٹنگ ہوئی تھی آپ سے کارڈ کے بارے میں۔اب مجھے اتنا بتادیں صرف کہ اس میں کتنے لاکھ پنجابیوں کے ہیں،کتنے لاکھ سندھیوں کے ہیں،کتنے لاکھ مہاجروں کے ہیں۔یہ سارے کے سارے پختونوں کے ہیں۔یہ کیا پختون جو ہیں یہ پاکستانی نہیں ہیں؟یہ third grade citizen ہے کیا؟ہمیں صرف اتنا بتایاجائے کہ یہ آیا third grade citizen ہیں؟ یا یہ پاکستانی ہیں؟ان کا بھی پاکستان میں اتنا ہی حق ہے جتنا پنجاب کے لوگوں کا اور جتنا سندھ کے لوگوں کا تو خدا کے لیے وہ ظلم اور ستم بند کریں اور لوگوں کو رہا کرو اور جن کے ساتھ ظلم ہوا ہے ان کے لیے ایک ایسی کمیٹی بنائی جائے مرکز سے جو جاکر ان سے پوچھیں کہ آپ کے ساتھ کتنا کتنا ظلم ہورہاہے۔ایک جگہ حیدرآباد میں 19آدمیوں کو باندھ کر لیکر گئے ہیں تھانے تو جناب سپیکر! ایسے کتوں کو لیکر جاتے ہیں یہ تو انسان کے بچے ہیں کوئی جانور تو نہیں ہیں۔اور پاکستان میں جہاں بھی مزدور کا کام ہوتاہے تو وہاں پر پختون ہی ہوتا ہے۔چاہے کراچی میں ہو،چاہے حیدرآباد میں ہو،چاہے لاہور میں ہو۔تو میری آپ سے گزارش ہے کہ آپ مہربانی کریں کہ جو ہمارے وزیرداخلہ صاحب ہیں وہ مہربانی کرکے ان کو کہیں میری طرف سے ان کو کہیں کہ ہمارا گلہ ان سے ہے۔میرا گلہ صوبائی حکومتوں سے نہیں ہے۔مرکز سے ہے۔وفاق حکومت ان سے پوچھیں کہ یہ کیا ہورہاہے۔کیا یہ پاکستانی نہیں ہیں؟

جناب ڈپٹی سپیکر: جی شکریہ جی مولانا جمال الدین صاحب۔

جناب محمد جمال الدین:شکریہ جناب ڈپٹی سپیکر! آج مجھے پٹھانوں کے مذمت کے بارے میں بولنے کا موقع دیا گیا ہے۔میرے ساتھیوں نے جو پختونوں کے حوالے سے جو بات کی ہے تو اس کی میں تھوڑی سی وضاحت کرلوں۔ کہ ہم یہ نہیں کہہ رہے ہیں کہ پنجاب والے پٹھانوں کے دشمن ہیں یا

ان کے ساتھ زیادتی ہورہی ہے یہ بات نہیں ہے۔میں آپ کے علم میں یہ لاناچاہ رہاہوں کہ کسی کو پکڑ کر لے جاتے ہیں تو وہاں پر نہ وزیراعلیٰ جاتاہے اور نہ وزیرداخلہ جاتاہے اور وزریراعظم صاحب بھی نہیں جارہے ہیں۔بلکہ وہ SHOجارہے ہیں سپاہی جارہے ہیں جونیچے لیول والے ہیں وہ ان لوگوں کے ساتھ وہ ہی کچھ کررہےہیں جو ان کو پتہ نہیں ہے۔میں آپ کو یہ کل کی بات کررہاہوں کہ کشمور میں میرے گاؤں کا ایک بندہ رہنے والا ہے تو انہوں نے مجھے فون کیا اور کہا کہ میں نے پولیس والوں کو شناختی کارڈ دکھایا ہے اور مجھے پکڑا ہے اور ابھی مجھے وہ نہیں چھوڑ رہے ہیں۔میں نے خود ایس ایچ او کےساتھ فون پر بات کی کہ میں جانتا ہوں اس کو ذاتی طور پر یہ میرا رشتہ دار ہے۔اس کا نام فلاناں ہے اس کو چھوڑدو۔میں اس کی ضمانت دے رہاہوں۔اگر یہ کوئی افغانی نکلا یا کوئی یہ دہشت گرد نکلا تو پھر بھی میں اس کا ضمانت دیتاہوں۔ اللہ پاک کشمور والے ایم این اے کو خوش رکھے تو میں ان کو فون کیا تو جب اس نے سفارش کی تو اس کے بعد چھوڑدیا۔میری سفارش سے کام نہیں ہورہاتھا۔میرے کہنے سے کام نہیں ہورہاتھا۔لیکن کشمور والے جو ایم این اے صاحب تھے اس کو میں نے فون کیا تو انہوں نے ان کو فون کیا اور میرے بندے کو انہوں نے رہاکردیا اور میں اس ایم این اے کا مشکور بھی ہوں اور ساتھ ہی کراچی اور حیدرآباد میں ہمارے جتنے بھی dumper drivers ہیں ان کو پکڑ کرکے،جناب ڈپٹی سپیکر! میں آپ کی توجہ چاہوں گا۔ آپ لوگ ایک سپاہی کے لیے ایک پولیس والے لیے ایک راستہ ہموار کررہے ہیں پیسہ جمع کرنے کے لیے راہ ہموارکررہے ہیں۔اس لیے کہ جب آپ ان کو یہ حکم دیتے ہیں کہ جہاں بھی دہشت گرد ہو تو ان کو پکڑیں تو ان کے ذہن میں دہشت گرد پٹھان ہے۔جب وہ پکڑتے ہیں پھر تیس ہزار سے،چالیس سے ساٹھ ہزار سے چھوڑدیتے ہیں۔میں آپ کو یہ بھی اس فلور پر بتارہاہوں کہ ہمیں مردے بھی تین تین لاکھ روپے دیکر بعد میں ملے ہیں۔ہمیں صرف پیسے کی وجہ سے لاش ملتی ہے۔

رہی بات دہشت گردی کی۔ دہشت گردی کے بارے میں مشرف صاحب نے صاف ستھرا کہا ہے کہ دہشت گردی ہم نے پیدا کی ہے۔طالبان ہم نے پیدا کیے ہیں۔یہ ہماری ضرورت تھی تو ابھی یہ پٹھانوں کا کام نہیں ہے یہ حکومت نے خود بنائے تھے اس وقت اور اب جو حکومت کے لیے مشکلات ہیں یہ ان ہی کی وجہ سے ہے۔ میں آخر میں یہ عرض کررہاہوں کہ خدارا جہاں بھی ہے آپ

ان چھوٹے چھوٹے جو ایس ایچ او سے نیچے لوگ ہیں ان کو ہدایت کرلیں کہ بغیر جرم۔آج مجھے فون آیا ہے کہ میرا شناختی کارڈ ہے۔لیکن پولیس والوں نے اس کو پھاڑدیا ہے۔جو پولیس والے کو کوئی شناختی کارڈدکھاتاہے اور وہ اس کو پھاڑدیتاہے تو اس کا ذمہ دار کون ہے۔میرے بہت ہی محترم جو لوگ یہ کہہ رہے ہیں یہ بات کبھی نہ کریں کہ کل میرے ایک ساتھی نے کہا کہ بغاوت ہوگی۔پٹھان بغاوت نہیں کریں گے۔قبائل والے بغاوت نہیں کریں گے۔اگر پاکستان میں بغاوت ہوئی ہے تو مشرق کی طرف سے ہوئی ہے۔مغرب کی طرف سے نہیں ہوئی ہے۔آئندہ کے لیے اگربغاوت بھی ہوگی تو مشرق کی طرف سے نہیں ہوگی۔ہم نے ملک کو بنایاہے۔

ہم اس ملک کے باسی ہیں،اس کے محافظ ہیں لیکن جو بات یہ کہہ رہے ہیں یہ بغاوت کی بناء پر نہیں ہورہی۔ یہ ہم آنکھوں کا دیکھا حال آپ کے سامنے رکھتے ہیں کہ خدارا اس سے لوگ یہی تاثر لیں گے کہ یہ پٹھان ہی بس،پھر یہ پٹھان والی کوئی شرارت کرے گا کہ یہاں پنجابی کو پکڑیں،یہاں سندھی کو پکڑ لیں ہم اس طر ح نہیں کہتے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی شکریہ۔آپ کا پوائنٹ آگیا۔خواجہ محمد آصف صاحب پہلے بھی Minister of Defenceنے clarify کیا۔جی خواجہ محمد آصف صاحب۔

خواجہ محمد آصف: جناب سپیکر میں شکرگزار ہوں۔میرے ایک نہایت ہی فاضل دوست ہیں،پارلیمنٹرین پہلے بھی بہت دفعہ رہے ہیں انہوں نے اس ایشو کو افغان سرحد کا جو ایشو ہے اس کے ساتھ ملانے کی کوشش کی ہے تو میں افغان سرحد کے ایشو پر چاہتا تھا کہ ان کے جو تحفظات ہیں۔دیکھیں ہم دو چیزیں،شاہ جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی نوید قمر صاحب منسٹر صاحب آپ کی توجہ چاہتےہیں۔

خواجہ محمد آصف: ہماری یہ کوشش ہے،یہ کاوش ہے کہ افغانستان کے ساتھ جو ہمارا بارڈر ہے اس کی proper management ہوسکے اوروہ thoroughfare نہ رہے۔جس طرح باقی انٹرنیشنل باڈرز ہیں جس طرح ہماری مشرقی سرحد ہے یا ہماری دوسرے ممالک کے ساتھ سرحدیں ہیں۔جس طرح دوسرے ممالک کی آپس میں سرحدیں ہیں یہ سرحد بھی اس طرح operate

ہو۔یہاں پر دو سو کے قریب crossing points ہیں جس میں سے تقریباً 16 active ہیں9بہت active ہیں۔جب تک وہاں پر proper boarder management enforce نہیں ہوگی یہincidents،دونوں اطراف سے ایک دوسرے کے ساتھ شکایات جاری وساری رہیں گی۔اس کو افغانستان کی طرف سے resist کیا جارہا ہے۔وہاں سے روزانہ ہزاروں لوگ ہماری طرف آتے ہیں بغیر کسی روک ٹوک کے،بڑی minimum formalities کے ساتھ۔ہماری طرف سے یہاں سے جو لوگ جاتے ہیں ان کو وہاں پر تمام تر formalities پوری کرنی پڑتی ہیں۔سو یہ ایک arrangement ہے جو even handed نہیں ہے۔

اوریہ دہشتگردی کے واقعات،مجھے افسوس ہوا کہ کل ہماری ابھی شہیدوں کا خون جو ہے کل ہمارے 5بچے شہید ہوئے ہیں وہاں پر ایک پوسٹ کے اوپر۔انہوں نے فائرنگ کی ہے،وہاں سے دہشتگردی ہے۔خدارا میری درخواست ہے کہ یہ ایک قومی مسئلہ ہے اس کو سیاسی مسئلہ نہ بنائیں۔اس کو افغانستان کے ایشو کے ساتھ،اگر کوئی یہاں پرکسی کو شکایت ہے اس کے ساتھ mix-up نہ کریں۔ہماری ان کے ساتھ boarder management جب تک settle نہیں ہوگی یہ مسئلے جاری وساری رہیں گے۔اس وقت میں نے پہلے بھی کہا ہے کہ افغانستان کوپاکستان میں دہشتگردی پھیلانے کا ٹاسک انڈیا نے outsource کیا ہوا ہے۔باوجود پچھلے دو سال میں ہماری ہر کوشش کے،highest level اوپر سویلین لیڈرشپ بھی اورہماری افواج پاکستان کی لیڈرشپ بھی وہاں پر رابطے میں رہی ہے آج بھی رابطے میں ہیں لیکن ہمیں وہاں سے مثبت جواب نہیں ملا۔جب وہ یہ کہتے ہیں کہ پاکستان میں دہشتگردی کرنےوالے لوگ ان علاقوں میں ہیں جہاں پر ہمارا کنٹرول نہیں ہے تو پھر اس علاقے کو افغانستان نہ کہیں۔ہمارے خلاف دنیا کو شکایت تھی کہNorth وزیرستان سے دہشتگردی ہوتی ہے۔ہم نے وہاں پر اپنے دو بلین ڈالر لگائے ہیں۔ہمارے سینکڑوں فوجی وہاں پر شہید ہوئے ہیں۔آج بھی وہاں پر آپریشن جار ی ہے پوری طرح ختم نہیں ہوا لیکن ہم نے وہ علاقے صاف کئے ہیں۔

یہ ایک ایشو افغانستان کا،پاکستان کا ایشو علیحدہ ہے۔جو ہمارے internalجس پربات کررہےہیں ہمارے پشتون بھائیوں کو جو شکایت ہے وہ ایک علیحدہ ایشو ہے۔Please ان ایشوز کو سیاست کی نظر

نہ کریں وہ قومی سلامتی کا ایشو ہے اوریہ ایشو بھی ہماری قومی سلامتی کا ایشو ہے جو ہمارا internal ایشو ہے۔قومی سلامتی کے مسئلے پر سیاست نہیں ہونی چاہیے۔اس طرح نہیں ہوناچاہیے کہ KP میں ایک پارٹی کی حکومت ہے،پنجاب میں دوسری پارٹی کی حکومت ہے تو اس لئے اس کو ایشو بنا دیا جائے اوراس کو مشرقی پاکستان کی علیحدگی کے ساتھ equate کیا جائے۔خدارا یہ یہاں پر بیٹھے ہوئے ذمہ دار لوگ ہیں۔یہ ایک قومی مسئلہ ہے۔اس کی نزاکت سمجھیں۔افغانستان کے ساتھ ملا کر کہ ہم نے افغانستان کی سرحد کی کیوں بند کی ہے۔اگر ہمارے یہاں پر روزانہ شہادتیں ہونگی،ایک ایک دن میں دو دو دھماکے ہوں گے چاہے وہ KP میں ہوں،لاہور میں ہوں،سہون میں ہوں،کوئٹہ میں ہوں،کراچی میں ہوں اوروہ سرحد کے پار افغانستان سے orchestrate ہوں گے تو ہم سرحد نہیں بند کریں گے تو اورکیا کریں گے۔یہ انسانی مسئلہ بن جاتا ہے صرف اس لئے کہ اس پر سیاست چمکائی جائے۔یہ ہمارا حق ہے ہماری سرزمین ان لوگوں کیلئے استعمال نہیں ہوگی جو ہمارے دہشتگردوں کی سرپرستی کرتےہیں۔کوئی بھی ملک ہو،افغانستان اس وقت انڈیا کے ساتھ مل کر پاکستان کی سلامتی کیخلاف سازشیں کررہا ہے ان کی ہمدردی کی یہاں سے آوازیں اٹھ رہی ہیں۔جو لوگ اپنی دشمنی میں، انہوں نے چہروں پر نقاب بھی نہیں ڈالے ہوئے۔تو خدا کا خوف کریں۔اپنی پارٹی اوراپنے گروہی مفادات کیلئے اتنا آگے نہ بڑھ جائیں۔افغانستان کی سرزمین کے اوپر ہمارے بچوں کے قاتل بیٹھے ہوئےہیں اوریہ plead کررہےہیں ان کیلئے سرحدیں کھولیں۔ان کے یہاں پر 25ہزار آدمی،نہ آئیں ہمارے ہاں 25ہزار آدمی۔ہم نے 35لاکھ افغان مہاجرین کو یہاں پر پناہ دی۔آج بھی یہاں پر ڈیڑھ دو ملین یہاں پر بیٹھے ہوئےہیں۔ہم آج بھی ان کی مہمان نوازی کررہے ہیں وہ ہمارے بھائی ہیں۔آج بھی ہم اس چیز پر believe کرتےہیں کہ افغانستان اورپاکستان کا امن ایک دوسرے کےساتھ جڑے ہوئےہیں۔افغانستان ہمارے ساتھ مل کر دہشتگردوں کیخلاف لڑائی لڑے گا تو تب ہی کامیابی ہوگی۔وہاں پر پچھلے 16سال سے 16ممالک بیٹھے ہوئے ہیں انہوں نے کیا کرلیا ہے؟یہ ہمارا مسئلہ ہے،اس ریجن کا مسئلہ ہے، اس خطے کامسئلہ ہے، یہ ہم نے خود حل کرنا ہے۔اگر یہ اس طرح ہمارے اندر سے آوازیں اٹھیں،پوائنٹ سکورنگ کی جارہی ہے کہ ان کے مخالف جو ہیں،سیاسی مخالف وزیر داخلہ ہیں تو پوائنٹ سکورنگ ہورہی ہے۔ہم سیاستدان سیاسی مخالفتوں میں نیچے گرجاتے ہیں لیکن اتنی گراوٹ کا مظاہرہ نہیں کرنا چاہیے۔ہم نے سرحد بند کی ہے،

ہمارا حق ہے ہم سرحد بند کریں گے۔وہاں سے دہشتگرد آتے ہیں ہمارے بچے مارے جاتے ہیں۔ہمارے جوان مارے جاتے ہیں۔

پرسوں رات ہمارے پانچ فوجی مارے گئے ہیں ہم سرحد بند کریں گے۔ اپنے مفادات کے تحفظ کیلئے ہر وہ قدم اٹھائیں گے جو ہمارے قابو میں ہے جو ہمارے کنٹرول میں ہے۔اگر افغانستان کا یہی attitude رہا،اگر وہ ہمارے ساتھ مل کر دہشتگردی کی جنگ لڑنا چاہتے ہیں تو ہم ان کے ساتھ ہیں۔اس کو اس طرح mix-up کریں کہ اپنے حلقوں کی سیاست قومی سیاست پر مسلط کردیں۔اس سے بڑی گراوٹ کوئی نہیں ہے۔تو اس لئے مجھے پتہ ہے کہ اس ایشو پر سیاست ہوگی۔انہوں نے کرکٹ پر ہی سیاست کرنی شروع کردی۔کل پاکستان کی پوری قوم نے جواب دیا ہے۔خدا کیلئے اچھی باتیں ڈھونڈیں۔یہ بڑی زرخیز سرزمین ہے۔یہ قوم بڑی زرخیز ہے جس کو پاگل پن کہا گیا اس کے جواب میں وہاں پر لوگ اکٹھے ہوئے۔پورا سٹیڈیم بھرا ہوا تھا ساری قوم یکجا تھی۔یہ کرکٹ کا میچ نہیں تھا یہ دہشتگردوں کو پیغام دیا گیا تھا۔آپ بھی دہشتگردوں کو پیغام دیں۔یہاں پر mixقسم کی باتیں اوراپنے حلقوں کی سیاست نہ لیکر آئیں۔یہ قومی ادارہ ہے تو خدا کا خوف کریں۔بہت بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی آئٹم نمبر 24۔سید خورشید شاہ صاحب۔اپوزیشن لیڈر سید خورشید شاہ صاحب۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی سپیکر: سید خورشید شاہ صاحب جی آپ بات کرلیں۔

قائدحزب اختلاف(سید خورشید احمد شاہ): ان کو بات کرنے دیں میں پھر بات کرلیتا ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میں تو پھر آئٹم نمبر 24لے رہا ہوں۔

سید خورشید احمد شاہ: نہیں ان کو دیں نا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شیخ صاحب کو سینیٹ سے بلایا ہے۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی سپیکر: انہوں نے جنرل بات کی ہے۔جی اپوزیشن لیڈر آپ بات کریں۔آپ بات کریں۔اپوزیشن لیڈر سید خورشید شاہ صاحب۔

(مداخلت)

سید خورشید احمد شاہ: نماز کی break ابھی نہیں ہوگی جو ہونی تھی ہوگئی اب عشاء کی نماز پر break ہوگی۔مسٹر سپیکراس ملک میں ایشوز تو بہت سے آتے ہیں۔ایک ایشو پر discuss کرو،ابھی باہر نکلیں گے دوسرا ایشو اس سے پہلے ہمارے سامنے ہوگا۔ ذہن میں کچھ ایشوز لیکر آتے ہیں کہ پارلیمنٹ میں جاکر ڈسکس کریں گے۔یہاں ایک نیا ایشو develop ہوجاتا ہے۔اس میں کوئی شک نہیں کہ یہاں جتنے ہم بیٹھے ہیں۔چاہے میرے left یا میرے right م سب محب وطن ہیں۔پاکستان ہم سب کی پہچان ہے۔peaceful Pakistan ہم سب کی خواہش ہے۔حکومت کی خواہش بھی ہے۔ اپوزیشن کی بھی خواہش ہے اور پاکستان کے ہر محب وطن کی بھی خواہش ہےکہ ہمیں peaceful پاکستان چاہیے۔Naturally اس وقت سب کےلئے ذہنی اذیت ہے جو اس وقت ملک میں دہشت گردی فروغ پا رہی ہے۔مجھے خوشی ہوتی،میرے honorable colleague میرے آنریبل منسٹر اس حقیقت کو بھی یہاں پر واضح کرتے کہ اس دہشت گردی کو سپورٹ کرنے والے کہاں پر ہیں اور کون ہیں۔کس نے آج تک اس کو سپورٹ دی۔کس نے ان کو پروموٹ کیا۔یہ بڑی سوچ کی بات ہے۔پاکستان کی سرحدیں کراچی سے لیکر کوئٹہ اور پھر افغانستان،ایران،تقریباً چار ملکوں کی سرحدیں پاکستان سے ملتی ہیں۔آج جو ڈیفنس منسٹر نے انکشافات کیے ہیں وہ یقیناً سب کے علم میں بھی ہیں لیکن پارلیمنٹ کے اندر اس نے جو انکشاف کیا ہےکہ افغانستان کی territory پر جو ہمارے لئے حالات ہیں۔اس کا علم ہم سب کو ہے مگر اس کو آگے ڈسکس کرنے کےلئے میں تیار نہیں تھا۔میں نہ کسی پر تنقید کرنا چاہتا ہوں نہ کسی کی تعریف کرنا چاہتا ہوں۔اس میں کوئی شک نہیں کہ ہندوستان ہمارا شروعات سے،مخالف رہا ہے۔اس کے ساتھ ہماری جنگیں بھی ہوئی ہیں اور ان کے ساتھ بارڈر پر کوئی نہ کوئی مسئلہ ہوتا رہتا ہے۔ان کے ساتھ آج بھی کشمیر ایشو پر ہماری سرد جنگ جاری ہے اور وہ جاری رہے گی جب تک کشمیر کا مسئلہ اقوام متحدہ کے قراردادوں کے مطابق حل نہیں ہوتا۔وہ ختم ہونے والا نہیں ہے۔چاہے ہماری زندگی میں ہو یا ہماری آنے والی نسلوں کو یہ جنگ لڑنی پڑے گی۔یہ ہزار سال

کی جنگ ہے اور ہزار سال تک لڑنے کے لئے بھی پاکستانی تیار ہیں کشمیر کی آزادی کے لئے، مگر افغانستان وہ ملک ہے جس کے لئے پاکستان نے اپنا future داؤ پر لگا دیا، اپنے آپ کو داؤ پر لگا دیا، اپنی economy داؤ پر لگا دی۔ اپنی integrity داؤ پر لگا دی، اپنی sovereignty داؤ پر لگا دی۔

آج اس ملک میں بھی ہم سمجھتے ہیں کہ پاکستانی safe نہیں ہے۔ ان کا بارڈر بھی آج ہمارے لئے safe نہیں ہے۔ دہشت گردی کا مسئلہ وہاں سے چلتا ہے اور یہاں تک آتا ہے۔ یہاں سے چلتا ہے وہاں تک جاتا ہے۔ یہ چیز کل بھی ہم کہتے تھے، آج بھی کہتے ہیں اور شاید کل بھی یہ کہیں کہ safe Afghanistan ضمانت ہے پاکستان کی اور safe Pakistan ضمانت ہے افغانستان کی۔ آج یقیناً پاکستان اور افغانستان میں جو سرد جنگ ہے، اس سے کسی کو انکار نہیں کہ سرد جنگ چل رہی ہے۔ اس سے کسی کو انکار نہیں کہ آج افغانستان اور ہندوستان کے تعلقات کیا ہیں۔ یہ بھی ہمیں جاننا چاہیے کہ ان کے پیچھے کون ہیں۔ اکیلا ہندوستان نہیں ہوسکتا۔ ہمیں اس پارلیمنٹ کو اعتماد میں لیناچاہیے، in camera اعتماد میں لینا چاہیے۔ insurgency ہے اس ملک میں۔ جنگ کی حالت میں ہیں ہم۔ دہشت گردی سے نمٹنے کے لئے ہم نت نئے فارمولے ڈھونڈتے ہیں۔ کبھی ضرب عضب کے نام سے اور کبھی رد الفساد کے نام سے۔ کبھی ایک سال کے لئے کبھی دو سال کے لئے ہم آئین میں ترمیم مانگتے ہیں کہ دہشت گردوں سے مقابلہ کریں۔ ہمیں چاہیے کہ ہم اس پارلیمنٹ کو اعتماد میں لیں۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ جو کرکٹ میچ ہوا ہے یہ دہشت گردوں کو جواب ہے۔ ہاں دہشت گردوں کے لئے جواب ہوسکتا ہے۔ یہ میں یہاں نہیں کہہ رہا، یہ میں نے پریس میں بھی کہا ہے کہ جتنا کرکٹ کو ہم نے hype دیا ہے۔ میرے آنریبل دوست نے ابھی بھی کہا کہ یہ جواب ہے۔ نہیں جی یہ ہمارا حق ہے جواب نہیں ہے۔ یہ ہمارا حق ہے۔ کھیل کھیلنا ہمارا حق ہے۔ کرکٹ، ہاکی، فٹ بال یہ ہمارا حق ہے اور یہ حکومت کا فرض بنتا ہے کہ ان کو سیکیورٹی فراہم کرے۔ ہم اتنے کمزور نہیں کہ دہشت گرد چاہیں تو ہماری گیمز بند کردیں۔ ہماری اسپورٹس بند کرادے۔ ہم دہشت گردوں سے خوف زدہ نہیں ہیں۔ نہ کل تھے نہ آج ہیں۔ زندگی اللہ کے ہاتھ میں ہے لیکن قوم کو یکجا ہونا چاہیے۔ یہ سیاسی statement ہوتی ہے، میں نے ان کے حق میں بات کی کہ اچھی بات ہے اچھا move ہے ہونا چاہیے۔ کسی نے کہا کہ

رسک ہے ملک کے حالات ایسے ہیں۔سہون شریف میں واقعہ ہوا۔لاہور میں واقعہ ہوا،ابھی خیبر پختونخواہ میں واقعہ ہوا، کوئٹہ میں ہوا۔

ایک دوسرے کے پیچھے واقعات ہوتے رہے،تو خوف تو ہوتا ہے ناں۔ ہر دل رکھنے والے شخص کو خوف ہوتاہے کہ کوئی واقعہ ہوسکتا ہے۔کیونکہ اس ملک پاکستان میں ہمارے جتنے دوست ہیں اتنے دشمن بھی رہتے ہونگے۔کیونکہ ہندوستان کوئی دن خالی نہیں جانے دیتا۔ان کا وزیر اعظم ایک دن بھی ایسا نہیں کہ وہ اس ملک پر اپنی سوچ کا اطلاق نہیں کرتا۔یہ حالات ہمیں face کرنے ہیں۔یہ اپنے درمیان اختلافات کھڑے کرکے،الفاظ تراش کر،گالم گلوچ کرکے ہم قوم کو متحد نہیں کرسکتے۔ایشوز آپ کے سامنے ہیں۔ٹھیک ہے یہ الگ بات ہے کہ اختلافات ہوتے ہیں۔اور positive اختلافات ہونے چاہیں۔بہتر انداز میں اختلاف ہونا چاہیے۔ابھی recently Constitutional amendment کے لئے ملٹری کورٹ پر میٹنگز ہوئیں۔تحریک انصاف نے openly حکومت کا ساتھ دیا اور ہمیں reservations تھیں، ہم نے کہا نہیں ہم دو سال دے چکے ہیں۔ہم نے دو سال کے لئے بات کی تھی کہ دینے چاہیں۔مگر اس میں کچھ ایسی چیزیں تھیں جن سے ہمیں اختلاف تھا،مگر تحریک انصاف نے بالکل ہم سے پوچھا نہیں حالانکہ اپوزیشن میں تھے لیکن کہا کہ نہیں ایسا ہوناچاہیے۔

تو اس ماحول میں ہمیں تو ایک دوسرے کا ساتھ دینا چاہیے۔ایک دوسرے پر اعتماد کرنا چاہیے۔ آج اگر افغانستان پاکستان کے پانچ نوجوانوں کو شہید کرتا ہے۔مارنے والا بھی اللہ اکبر کہتا ہے اور مرنے والا بھی اللہ اکبر کہتا ہے۔ایک عجیب سی جنگ ہے۔ایک عجیب سی سوچ ہے۔ایک عجیب سا mind set ہے۔ان حالات میں جلد بازی اور جذبات میں نہیں آنا۔اس بات پر بڑے ٹھنڈے مزاج کے ساتھ اور حکومت ایک بڑے کا کردار ادا کرتی ہے۔حکومت کو بڑے کا کردار ادا کرنا چاہیے۔ہمارے آپ سے اختلافات ہونگے۔اپوزیشن ہوتی کس لئے ہے۔اپو زیشن کا کام ہی یہی ہےکہ آپ کے الفاظ کو پکڑے اور اس پر بات کرے۔اپوزیشن کا کام ہی ہے کہ وہ تنقید کرے اور حکومت کا کام ہے کہ اس کو بہتر کرے۔

تو میری گزارش یہ ہے کہ جو بات ڈیفنس منسٹر نے کی ہے۔اس پر فی الفور جوائنٹ سیشن بلا کر in camera briefing دی جائے کہ ہمارا ملک پاکستان کس طرح کے حالت جنگ میں ہے۔

اور جو ابھی ڈیفنس منسٹر نے بتایا ہے کہ ہندوستان افغانستان کو پاکستان کے خلاف use کررہا ہے یہ پہلی مرتبہ ہورہا ہے اس خطے میں۔یہ بہت بڑی خطرناک علامت ہے۔ہندوستان اگر direct ہم سے نہیں لڑسکتا تو ایک مسلم برادر ملک کو ہمارے سامنے کھڑا کررہا ہے کیونکہ تاریخی حساب سے اگر دیکھا جائے اور پاکستان کی ستر سالہ ہسٹری کو دیکھا جائے کہ افغانستان کا relationship پاکستان کے ساتھ کن حالات میں چلا ہے۔کن حالات میں ہم چلے ہیں۔ہماری فارن پالیسی میں افغانستان کی situation تھی اور پاکستان کی ستر سالہ تاریخ میں۔اب تو فارن منسٹر بھی نہیں ہیں کہ وہ جا کر اپنے ڈپلومیٹک چینل کو استعمال کرے۔

ابھی میں نوید سے بات کر رہا تھا کہ یہ بات ہے اس نے کہا کہ فارن منسٹر کی بات تو اتنی دفعہ ہوئی ہے کہ یہ بات کرنی بھی نہیں چاہیے۔کیونکہ اس ملک میں حکومت سمجھتی ہے کہ ہمارے diplomatic relations بالکل fit ہیں بہتر کام کر رہے ہیں۔ہم حالت جنگ میں نہیں ہیں ہمارے باڈر safe ہیں۔ہمیں کوئی پوری دنیا کو بتا نا نہیں ہے کچھ .U.N میں چیخ پکار نہیں کرنی کہ ہندوستان کیا کر رہا ہے افغانستان کیا کر رہا ہے۔پاکستان نے افغانستان کی تیس سے چالیس سال تک خدمت کی ہے اور آج بھی کر رہا ہے اس میں کوئی شک نہیں ہے۔آج ان افغانیوں کی وجہ سے ہمارے پختون بھائیوں کے اوپر انگلیاں اٹھتی ہیں اور وہ پریشان ہو جاتے ہیں۔ہم فیڈریشن کو خطرے میں ڈال دیتے ہیں۔

ایسے حالات میں میں نے تو مطالبہ کر دیا ہے کہ بالکل اس میں اپوزیشن اس میں positive role رول ادا کرے گی اگر جوائنٹ سیشن بلایا گیا ان کیمرہ بلائیں۔کونسا شخص ہو گا۔ یہ پاکستان ہو گا تو سیاست ہو گی۔یہ ملک ہو گا تو سیاست ہو گی ناں۔ ملک میں سلامتی ہو گی تو سیاست ہو گی ناں۔ملک میں امن ہو گا تو سیاست بھی ہو گی ناں۔اگر ملک میں امن بھی نہ ہو اور ملک میں سلامتی بھی نہ ہو اور ملک میں افراتفری ہو insurgency ہو اور ایک دوسرے پر اعتماد ختم ہو جائے تو ان حالات میں پہنچنے سے پہلے حکومت کو قدم اٹھانا پڑے گا۔شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شاہ محمود قریشی صاحب آپ نے بات کرنی ہے۔جی۔

مخدوم شاہ محمود حسین قریشی: شکریہ جناب سپیکر۔ قائد حزب اختلاف نے بہت سے نکات کو بڑے اچھے انداز میں پیش کر دیا ہے اور وزیردفاع نے بھی حکومت کا نقطہ نظر پیش کیا ہے۔میں ان کی خدمت میں عرض کرنا چاہوں گا کہ پولیٹیکل پوائنٹ سکورنگ نہ کرنا چاہتے تھے اور نہ کرنا چاہتے ہیں اور نہ پاکستان اس کا متحمل ہو سکتا ہے۔آپ نے بہت سی چیزیں اجاگر کی ہیں جس پر ہوسکتا ہے کہ ہمیں اختلاف نہ ہو۔ہو سکتا ہے جو آپ بات کر رہے ہیں کہ انہیں لائنز پر ہم بھی سوچ رہے ہوں۔ ہمیں بھی پاکستان کے مفادات اتنے ہی عزیز ہیں جتنے کہ آپ کو ہیں۔انداز بیاں مختلف ہو سکتا ہے ترجیحات میں فرق ہو سکتا ہے لیکن اگر آپ ٹھنڈے دل سے غور فرمائیں کہ جب بھی نیشنل ایشو آیا ہے اپوزیشن نے اور میں اب اپنی جماعت کی بات کرتا ہوں کہ آپ کو تحریک انصاف سے اختلاف ہو سکتا ہے تحریک انصاف نے نیشنل ایشو پر مثبت رول پلے کرنے کی کوشش کی ہے۔

جب سانحہ ہوتا ہے پشاور کا اور آپ سمجھتے ہیں کہ قومی یکجہتی کی ضرورت ہے۔سو اختلافات اپنی جگہ ان کو بالائےطاق رکھ کر قدم آگے بڑھاتے ہیں۔APC پر شامل ہوتے ہیں۔جب آپ سمجھتے ہیں کہ ملک کے حالات اتنے بگڑ چکے ہیں کہ وہ غیر معمولی حالات ہیں اور ان غیرمعمولی حالات میں ہمیں غیرمعمولی اقدامات درکار ہیں۔ہم اکیسویں ترمیم میں آپ کا ساتھ دیتے ہیں۔جب آپ سمجھتے ہیں کہ قوم کو extremism, terrorism کا مقابلہ کرنے کے لیے اور reverse کا مقابلہ کرنے کے لیے ہمیں ایک نیشنل ایکشن پلان درکار ہے تو ہم آپ کے ساتھ تعاون کرتے ہیں۔ہم اس میں رخنہ اندازی نہیں کرتے ہیں۔جو 20 نکات کا نیشنل ایکشن پلان بنتا ہے تو ہم آپ کے ساتھ ہاں میں ہاں ملاتے ہیں۔ہم ایک پیج پر آنے کی کوشش کرتے ہیں۔جب آپ نے جو مزید پارلیمانی لیڈروں کا اجلاس بلایا تو اس میں نوید قمر صاحب پیپلز پارٹی کی نمائندگی کرتے رہے اور میں ڈاکٹر شیریں مزاری صاحبہ ہم تحریک انصاف اور دیگر صاحبزادہ صاحب بیٹھے ہیں بلور صاحب بیٹھے ہیں بہت سے ساتھی بیٹھے ہیں۔ہم نے وہاں جا کر آپ پوچھیں کہ آپ کے اپنے سپیکر ان میٹنگز کو regulate کر رہے تھے۔ہمارا رول کیا تھا۔ہمارا رول constructive تھا کہ ہمارا رول منفی تھا۔میں ایمانداری سے کہتا ہوں کہ ہمارا رول constructive تھا because we felt کہ یہ national requirement ہے اور ہم اس بات پر بھی نہیں پڑے۔آپ نے کہا کہ مزید extension چاہیے تو ہم نے کہا کہ یہ بات

کرتے ہیں۔گو کہ بہت سے رخنے تھے۔نیشنل ایکشن پلان پر عملدآمد ہو سکا۔نہیں ہو سکا۔کون ذمہ دار تھا۔ہم اس بحث میں بھی نہیں پڑے۔جو criminal justice system کو آپ نے دو سالوں میں review بھری محفل میں حکومتی کوتاہی اور failure کا اعتراف کیا۔جکھرانی صاحب اس میں آپ بھی موجود تھے۔ہم اس بحث میں بھی نہیں پڑے۔ہم نے کہا آیئے بیٹھیے کہ requirement کیا ہے اور اس requirement کو سامنے رکھ کر آگے بڑھتے ہیں۔

وزیر دفاع نے فرمایا کہ افغانستان ' بالکل آپ نے صحیح کہا ہے میں ان سے اختلاف نہیں کروں گا۔بالکل ایسی قوتیں ہیں کہ جو افغانستان کی سرزمین کو پاکستان کو destabilize کرنے کے لیے استعمال کر رہی ہے۔بالکل صحیح کہہ رہے ہیں آپ۔ہمیں دیکھنا ہے کہ وہ کونسی قوتیں ہیں اور ان قوتوں کو ہم نے کیا پیغام دینا ہے۔ہم بالکل سمجھتے ہیں اور یہاں بہت سے لوگوں نے ذکر کیا اور جو پختونوں کے ساتھ اس وقت جو انہیں احساس محرومی کہہ لیں یا لگتا ہے کہ ان کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے یا ان کو ٹارگٹ کیا جا رہا ہے۔اگر یہ ان کی feeling ہیں تو اسfeeling کو دور کون کرے گا؟اگر وہ feeling یہاں نہیں اٹھائیں گے اگر یہ صاحبزادہ طارق اللہ صاحب بلور صاحب اور مراد سعید جیسے اور ہمارے خیبر پختونخواہ کے جو ایم این ایز بیٹھے ہیں اگر وہ اس بات کو نہیں اٹھائیں گے تو کہاں لے کر جائیں گے۔یہی تو سب سے مناسب جگہ ہے۔اور اگر اس سے تاثر اگر ملتا ہے اور جو کہ پنجاب کی بالکل یہ feeling نہیں ہے۔پنجاب پختونوں کو سندھی ہو بلوچ ہو پنجابی پختونوں کو بھائی سمجھتے ہیں۔اگر ان کے دلوں میں یہ بات آئی ہے تو اس کو دور کون کرے گا۔ہم نے ہی تو دور کرنا ہے۔ہم نے ہی تو اس کی اصلاح کرنی ہے۔ہم نے تو message درست کرنا ہے۔اگر ان کی کوئی خلش ہے تو اس خلش کی ہم نے ہی تو دور کرنا ہے۔ان کو assure کرنا ہے کہ نہیں ان کی جان ان کا مال ان کی عزت ان کے بچے اتنے ہی محفوظ ہیں جتنے آپ کے اور میرے بچے محفوظ ہونے چاہیں۔تو یہ احساس ہے اور یہ جو alienation ہے یہ نہیں ہونا چاہیے۔

بالکل میں آپ سے اتفاق کرتا ہوں۔میں بالکل اتفاق کرتا ہوں۔جب آپ یہ کہتے ہیں کہ ہمیں باڈر مینجمنٹ کی ضرورت ہے۔آپ درست کہتے ہیں بالکل صحیح ہے۔اگر افغانستان میں sanctuaries ہوں گی اور وہ sanctuaries استعمال ہو گی پاکستان میں تو ایک تقاضا تھا کہ پاکستان کی

sanctuary کا گلا کیا جاتا تھا۔اب بہت سے لوگ ہیں جو ضرب عضب کے بعد وہاں منتقل ہو گئے ہیں۔I agree with you over there اور وہ آج افغانستان کی سرزمین کو استعمال کر رہے ہیں پاکستان کے خلاف۔ہاں۔ہمیں سوچنا ہے ہمیں افغانستان کی حکومت کے ساتھ engage کرنا ہے۔ افغانستان کے ساتھ لڑائی کر کے ہمارا مسئلہ حل نہیں ہو سکتا۔ہمارے تعلقات میں جتنی ہی کشیدگی ہو۔ ہم ہمسائے ہیں۔ہم ہمسائے رہیں گےاور ہماری سرزمین اور ہمارے باڈر جڑے ہوئے ہیں۔ہماری تجارت جڑی ہوئی ہے۔ہمارا مستقبل ہمارا امن ہمارا استحکام آپس میں جڑا ہوا ہے ہم اس سے لاتعلق نہیں ہو سکتے۔ہمیں افغانستان کے ساتھ بالآخر بیٹھنا ہو گا۔ہمیں ان کو سمجھانا ہو گا کہ آپ اپنے مستقبل کو دیکھیں۔پاکستان کچھ بھی ہو۔ہندوستان سے تعلقات کا آپ کو حق پہنچتا ہے۔ضرور بنایے تعلقات رکھیں لیکن جو افغانستان کے مفادات کا تحفظ پاکستان کر سکتا ہے ہندوستان نہیں کر سکتا۔ Simply for the reason کہ We are neigbours اور وہ آپ کے ساتھ neigbours نہیں ہیں۔آپ کی سرحدیں ان سے نہیں جڑتیں۔آپ کی سرحدیں ہم سے جڑتی ہیں۔ہمارا رواج ہماری ثقافت ہماری زبان اور ہمارے قبائل ملتے ہیں۔ملتے ہیں صدیوں سے ملتے ہیں۔ہم نے آپس میں interact کرنا ہے۔باڈر مینجمنٹ دنیا کا رواج ہے۔بالکل صحیح کہہ رہے ہیں آپ کہ دنیا ریگولیٹ کرتی ہے اپنے باڈر کو اور اگر پاکستان یہ تقاضا کرتا ہے تو یہ تقاضا کوئی ایسی بعید چیز نہیں ہے۔یہ بڑا مناسب تقاضا ہے اور اگر پاکستان یہ تقاضا کرتا ہے تو یہ تقاضا کوئی ایسی بعید چیز نہیں ہے، یہ بڑا مناسب تقاضا ہے کہ border management ایک بہت بڑا ایشو ہے اور اگر ہم اس ایشو کو address نہیں کریں گے تو ہمارے تعلقات میں ایک تناؤ رہے گا اور ایک عنصر آئے گا اور وہ پاکستان کو destabilize کرے گا،چاہے لاہور کو کرے،چاہے سہون شریف میں واقعہ ہو جائے،چارسدہ میں ہو جائے یا کوئٹہ میں ہو جائے تو پاکستان متاثر ہوتا ہے۔

آپ کہتے ہیں،بالکل ہمیں بڑی خوشی ہوئی اور بہت خوشی ہوئی بحثیت پاکستانی کے پی ایس ایل میں بڑا عمدہ میچ ہوا،بہت مبارک ہو اور پوری قوم کو مبارک ہو کہ پاکستان میں ایک مرتبہ پھر کرکٹ کو فروغ ملتا ہے اور ہماری انٹرنیشنل کرکٹ revive ہوتی ہے تو اس سے ہر پاکستانی کو خوشی ہے اور اس سے کس کو انکار ہو سکتا ہے۔اگر وہاں پر ہماری پوری قوم اکٹھی ہوتی ہے اور پاکستان زندہ باد کے

نعرے لگتے ہیں تو اچھی بات ہے اس پر کسی کو اعتراض نہیں ہے۔ہاں کہنے کی کوشش ہم یہ کر رہے تھے کہ دیکھیں ہم پیغام دے رہے ہیں ہم قوم کو دنیا کو یکجہتی کا پیغام دے رہے ہیں لیکن اگر اس پیغام سے یہ تاثر ملے کہ پورا ایک حصار ہے،کرفیو کا سماں ہے،ہزاروں لوگوں کو mobilize کیا گیا ہے تو اس کا ایک غلط مطلب بھی لے سکتے ہیں،ایک سیکورٹی الرٹ تھا،شکر ہے الحمدللہ بڑے پرامن طریقے سے سب کچھ ہو گیا اور کوئی ناخوشگوار واقعہ نہیں ہوا اور خدانخواستہ ہو جاتا تو اس کا اتنا ہی ایک negative fall out ہوتا،ایک رسک تھا It worked in Pakistan's interest. We are happy for the country. We are happy for the sport and we are happy for the people of Pakistan.۔

پلیز اس atmosphere کو constructive رکھیں، ہم political point scoring نہیں کرنا چاہتے اور غالباً یہی شاہ صاحب کا بھی تقاضا تھا اور یہی ہمارا تقاضا ہے۔آیئے اب بھی وقت ہے اور آپ نے بہت categorical statement دیا ہے as Defence Minister of Pakistan, he has made a very categorical statement that the soil of Afghanistan is being used by a neighbour of Pakistan جن کے ساتھ ہمارے outstanding issues ہیں But we want to live in peace with them as well.۔لیکن وہ آج اس سرزمین کو پاکستان کے خلاف استعمال کر رہے ہیں،یہ بہت بڑی statement ہے اور اس statement پر میں سمجھتا ہوں کہ Alarm bells should ring in the world capital because anyone and everyone who wants to fight global terrorism, wants peace and stability in Afghanistan, they ought to realize that Pakistan's stability and peace is linked to Afghanistan peace and stability.۔آپ ان کو لاتعلق نہیں کر سکتے اور اس پر بالکل بات ہونی چاہیے اور اگر آپ سمجھتے ہیں کہ ہمارا علم محدود ہے اور ہماری انفرمیشن محدود ہے اور آپ کا علم زیادہ ہے تو please educate us, inform us so that we can support you better. We can articulate the case of Pakistan. یہ پاکستان کا کیس ہے یہ حکومت کا کیس نہیں ہے،حکومتیں آتی جاتی رہتی ہیں اور حکومتیں آئیں گی اور چلی جائیں گی لیکن پاکستان نے انشاء اللہ رہتی رہتی دنیا تک قائم رہنا ہے اور ہم

نے اس کی بات کرنی ہے۔آیئے آج بھی وقت ہے حکومت کو وقت کو چاہیے کہ وہ کشادہ دلی کا مظاہرہ کرے اور حکومت کو لہجے میں نرمی اختیار کرنی چاہیے،حکومت کو باتوں میں وسعت قلبی کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔اگر حکومت سیخ پا ہو جائے گی،اگر حکومت جذباتی ہو جائے گی تو پھر معاملات سلجھیں گے نہیں۔

ہم آج بھی کہتے ہیں کہ بڑے اہم ایشو ہیں اور جناب سپیکر میں اپنی بات ختم کرتے ہوئے آج بھی کہتا ہوں اور آج کے اخبارات کو اٹھا کر دیکھیں، آپ میں سب پڑھے لکھے لوگ ہیں اور دیکھا ہو گا کہ آج امریکہ کا سٹیٹ ڈیپارٹمنٹ اپنی رپورٹ شائع کرتا ہے اور کہتا ہے کہ دس بلین ڈالر پاکستان کے ہر سال منی لانڈرنگ کے ذریعے باہر جا رہے ہیں۔میں نہیں کہہ رہا،تحریک انصاف نہیں کہہ رہی، کوئی فرد نہیں کہہ رہا،کوئی سیاسی جماعت نہیں کہہ رہی،امریکہ کے سٹیٹ ڈیپارٹمنٹ کی یہ رپورٹ ہے کہ دس ارب ڈالر سالانہ پاکستان کے منی لانڈرنگ کی نظر ہو رہے ہیں۔یہ کوئی معمولی بات ہے،آپ دیکھیں کہ پانامہ کی بات ہو رہی تھی اور سپریم کورٹ کا فیصلہ منتظر ہے اور آج اس تناظر میں دس ارب ڈالر کی بات امریکہ کا سٹیٹ ڈیپارٹمنٹ کر رہا ہے۔آپ تو وزیر واٹر اینڈ پاور بھی ہیں اور سارے معاملات کو سمجھتے ہیں تو آج پورے پاکستان میں سرکلر ڈیٹ کا چرچا ہے کہ جب حکومت آئی تھی اور کہا تھا کہ 480 ارب ہم نے دے دیے ہیں اور اس لعنت سے چھٹکارا پا لیں گے اور آج دیکھیں کہ سرکلر ڈیٹ پھر mount کر گیا ہے۔آج سرکلر ڈیٹ چھ سو ارب سے تجاوز کر رہا ہے اور معاملات وہیں کے وہیں کھڑے ہیں جہاں پر چار سال پہلے تھے۔اب What are the reasons? Who would know better than you? Minister for Water and Power and Minister for Defence آپ سے بہتر کوئی نہیں جانتا اور آپ نے بتانا ہے۔آج پوری قوم ایک طرف مبارکباد دے رہی ہے کہ ایک بہت بڑا فیصلہ ہوا اور ہم اس فیصلے کی تائید کرتے ہیں،آپ نے کیا ہے،فاٹا کا merger کے پی کے کے ساتھ ہوا ہے اور ایک بہت بڑا فیصلہ ہے اور سب نے تائید کی ہے،اے این پی نے تائید کی ہے،پی ٹی آئی نے تائید کی ہے،پیپلز پارٹی نے تائید کی ہے،جماعت اسلامی نے تائید کی ہے،فاٹا کے لوگوں نے تائید کی ہے۔لیکن اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ اگر فاٹا کے لوگوں کو وہاں پر کچھ ایشوز پر تشویش ہے کہ ان کے مستقبل کا کیا ہو گا تو وہ ان points کو raise نہیں کر سکتے،ہم تائید کر رہے ہیں ہم صرف آپ کا focus ڈلوانا چاہتے ہیں کہ وہ تیس ہزار لوگوں

کی جو بھرتی کی جائے گی تو اس کا انداز کیسا ہو گا،وہاں پر development funds اور وہاں پر دس سال کی تباہی ہوئی ہے تو وہاں پر extra weightage کیسے ملے گا۔

جناب ڈپٹی سپیکر : شاہ صاحب شکریہ،wind up کریں۔

مخدوم شاہ محمود حسین قریشی : آپ نے کہا ہے کہ تین فیصد دینا ہے دس سال تک divisible pool سے تو اس کی کھپت کیسے کی جائے گی۔ پھر 2018 تینتیس سیٹیں فاٹا کو خیبرپختونخواہ کی اسمبلی میں مل جائیں گی اور سارا process پانچ سال میں مکمل ہو جائے گا تو یہ کیسے ہو گا،یہ تضاد نہیں ہے تو کیا ہے۔اب ان تضادات کو کون حل کرے گا،ان تضادات کو اٹھانے کا،ان کو حل کرنے کا اس سے بہتر فورم ہے تو ہمیں بتا دیں تو ہم وہاں پر چلے جاتے ہیں اور وہاں پر raise کرتے ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر : شکریہ۔مائیک کھولیں۔

مخدوم شاہ محمود حسین قریشی : جناب والا ! یہاں پر اٹھانے دیں اور فراخ دلی سے بات سن لیجیے اور جو پاکستان کے مفاد میں ہے، جو جمہوریت کے مفاد میں ہے،جو پاکستان کے عوام کے مفاد میں ہے وہ ہونے دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر : جناب شاہ جی گل آفریدی۔

الحاج شاہ جی گل آفریدی : بِسمِ اللہِ الرّحمٰن الرّحِیمِ۔ سب سے پہلے تو میں اللہ تعالیٰ کا شکرادا کرتا ہوں۔ فاٹا کے علاوہ ہم سب پاکستانی چودہ اگست یوم آزادی اس لیے منا رہے تھے کہ ہمیں اپنا فورم ملا، اپنے مذہب کے حساب سے بھی اور انصاف کے حساب سے بھی کہ چودہ اگست کے بعد جو کچھ بھی ہمارے ساتھ ہو گا انصاف سے ہو گا۔افسوس میں سمجھتا ہوں کہ فاٹا کو ابھی تک ignore کرایا گیا تھا اور ہم چودہ اگست کے ساتھ ساتھ تین مارچ کو بھی یوم آزادی منایا کریں گے۔میں اس کا کریڈٹ اس حکومت کو دیتا ہوں اور وزیراعظم میاں محمد نوازشریف صاحب کو کہ انہوں نے اس ریفارمز کے متعلق جو جرات مندانہ فیصلہ کیا ہے۔دو دفعہ مسلم لیگ(ن) کی بھی حکومت رہی ہے،ڈکٹیٹر شپ کی بھی تین دفعہ حکومت رہی ہے اور دوسری سیاسی پارٹیوں کی بھی رہی ہے،مگر اچھے فیصلوں میں قسمت انہیں کی

ہوتی ہے جو زیادہ محب وطن ہوتا ہے۔تو میں سمجھتا ہوں کہ جو فیصلہ آیا ہے اس کافائدہ انشاء اللہ تعالیٰ ہمارے ملک کو درپیش جو مسئلہ دہشت گردی کا ہے تو اس کو پہنچے گا۔اس کے ساتھ ساتھ جیسے نوازشریف صاحب کا خواب ہے کہ پاکستان ایشین ٹائیگر بنے گا،جیسے نوازشریف صاحب کا خواب ہے کہ پاکستان ترقی یافتہ ملک بنے گا،جیسے میاں نوازشریف صاحب کا خواب ہے کہ سی پیک گیم چینجر ثابت ہو گا اور انشاء اللہ تعالیٰ اس ریفارمز سے یہ سب کچھ ثابت ہو گا۔اس کے ساتھ ساتھ میں یہ بھی کہوں گا کہ اس فاٹا سٹیٹس کی وجہ سے پوری پاکستان کی عوام کو پتا ہے کہ ہم نے کس کس قسم کی تکلیفیں، مشکلات اٹھائیں اور دنیا میں ہم بدنام ہوئے۔لیکن الحمدللہ ابھی ہمارے اوپر کوئی انگلی نہیں اٹھا سکے گا کہ پاکستان دہشت گرد ملک ہے یا ہمارے اوپر دہشت گردی کا لیبل لگے گا۔اس کے ساتھ ساتھ میں یہ بھی کہنا چاہتاہوں کہ پاکستان میں 272 حلقے ہیں اور ان 272 حلقوں میں کوئی بھی حلقہ ایسا نہیں ہے کہ جہاں پر پختون voterنہ ہو۔جس کے اوپر ہمیں فخر کرناچاہیے کہ اس قسم کی قوم ہے۔اس پاکستان میں کہ پاکستان کے ہر حلقے میں جتنے بھی یہاں پر ممبرز بیٹھے ہیں ان کے vote ہیں اور الحمدللہ یہ بھی ہمیں فخر کرناچاہیے کہ سب سے زیادہ ٹیکس دینے والا پارلیمینٹریرن میں وہ بھی پختون ہے۔یہ سب اس قسم کی باتیں ہیں کہ اس سے اندازہ ہوتاہے کہ پختون کتنے محب وطن ہیں۔اس کے ساتھ ساتھ میں ڈیفنس منسٹر صاحب کے بیٹھنے سے میں یہ فائدہ ضرور اٹھاؤں گا کہ وہ ہمیں ایک موقع دیں۔اس بارڈر کےا وپر رہنے والے لوگوں کو اور ان کے نمائندوں کو،ہماری حکومت کو،ہماری فارن آفس کو فیصلہ کرناچاہیے۔ہمیں ایک دفعہ افغانستان بھیجنا چاہیے۔کیونکہ افغانستان کی تین نسلیں ہمارے ساتھ اکٹھی بڑی ہوئی ہیں۔اور ہم نے ان کو بھائیوں جیسی،اپنے بیٹوں جیسی،اپنے بڑوں جیسی عزت دی ہوئی ہے۔کیوں ہم اس چیز کو ضائع کررہے ہیں۔ہمیں ضائع نہیں کرناچاہیے۔ہمیں اس سے فائدہ اٹھاناچاہیے جناب سپیکر! ہمیں وہاں بھیجناچاہیے اور فارن آفس کو ہمیں بریفنگ دینی چاہیے اور ان کی اگر کوئی بات آجاتی ہے تو ہم پھر ہم یہاں آکر کرلیں گے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی بہت شکریہ۔جی۔

الحاج شاہ جی گل آفریدی: ایک منٹ سر۔اگر حکومت فیصلہ کرنابھی چاہے گا کہ ہم نے fence لگاناہے تو اس میں بھی پھر کوئی مسئلہ پیدا نہیں ہوگا۔کیونکہ ہم public representatives ہیں۔ہمارے اس belt کے اوپر جتنے لوگ بھی رہتے ہیں وہ اس طرف بھی ہیں اور اس طرف بھی ہیں۔اگر ہم لوگ ایک دفعہ جاتے ہیں اور اس مسئلے کا اس طرح نکل آتاہے۔جس سے دونوں ملکوں کو فائدہ پہنچتاہے۔جس طرح ہمارا agreement کے ساتھ ہے۔جس طرح ہمار agreement Europe کےساتھ ہے۔جس طرح امریکہ کے ساتھ ہے۔اگر کوئی wanted بندہ پاکستان میں ان ملکوں کا پکڑاجاتاہے تو ہم ان کے حوالے کرتے ہیں کہ اس کو لیکرجائیں۔اسی طرح agreement ہم افغانستان کے ساتھ بھی کرسکتے ہیں اور ہونابھی چاہیے۔اگر ہم چاہتے ہیں کہ افغانستان بھی امن سے ہو اور ہمارے ملک میں بھی دہشت گردی نہ ہو۔تو کیوں نہ ہم افغانستان کے ساتھ اس agreement تک جائیں کہ اگر کوئی افغانی یہاں غلط کام کرے وہ افغانستان جائے اور ہماری پولیس اس کے پیچھے جائےا ور اس کو یہاں پر لیکرآئے۔اگر کوئی پاکستانی افغانستان میں غلط کام کرے اور وہ یہاں پر آئے اور افغانی پولیس اس کے پیچھے آئے اور یہاں سے لیکرجائے۔بجائے اس کے کہ ہمیں اس میں نہ Interpol کو رکھناچاہیے۔نہ Interior Ministry کو نہ Foreign Office کو۔ہمیں دل بڑا کرناچاہیے۔

<u>Mr. Deputy Speaker:</u> Thank you very much. The House is adjourned to meet again on Tuesday, the 7th March, 2017, at 10.30 a.m.

———

(The House was adjourned to meet again on Tuesday, the 7th March, 2017, at 10.30 a.m.)

———